www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 55	پیر 22 ربیع الثانی 1448ھ 05 اکتوبر 2026ء، صفحات 08	شمارہ 84	
رجسٹرڈ BC-m-1	Email. mashriqqta2008@gmail.com	PTCL081-2827345 081-2827344	قیمت 40 روپے

بلوچستان کا مستقبل پہاڑوں میں چھپنے والے نہیں کتاب تھام کر علم و تحقیق کرنیوالے نوجوان ہیں، وزیراعلیٰ

حکومت کا مقصد نوجوانوں کو دنیا کی ممتاز جامعات تک پہنچا کر علم و تحقیق کے عالمی نقشے پر نمایاں مقام دلانا ہے، اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنا انسانی وسائل میں سرمایہ کاری ہے، میر سرفراز بگٹی

ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے تحت نوجوانوں کو سکالرشپس کی فراہمی کا سلسلہ شروع، دنیا بھر کی 100 سے زائد ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی اسکالرشپس پروگرام کیلئے امیدواروں سے درخواستیں طلب

اساتذہ معاشرے کی تعمیر، نئی نسل کی کردار سازی اور مستقبل کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اساتذہ کے پیشہ ورانہ وقار کو بلند کرنے کیلئے اقدامات جاری رہیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان کا

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے تحت دنیا بھر کی 100 سے زائد ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی اسکالرشپس پروگرام کے لیے رواں سال امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلی ہیں۔ پروگرام کے تحت بلوچستان کے باصلاحیت نوجوانوں کو دنیا کی معروف جامعات میں اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ حکومت بلوچستان کے اعلامیے کے مطابق ہر سال بلوچستان سے 10 باصلاحیت امیدواروں کو بیرون ملک ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی کی تعلیم کے لیے اسکالرشپس فراہم کرنے کا سلسلہ شروع کردیا گیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد صوبے کے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم، تحقیق اور جدید علمی مواقع تک رسائی فراہم کرنا اور انہیں عالمی سطح پر مسابقت کے لیے تیار کرنا ہے۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد بامدانی کے مطابق گزشتہ سال بلوچستان کے 6 باصلاحیت امیدوار مختلف ممالک کی ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی اسکالرشپس حاصل کرکے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے جاچکے ہیں۔ ان میں کوئٹہ سے تعلق رکھنے والی فرزانہ انور کو برطانیہ کی یونیورسٹی آف لیڈز میں مالیکیولر اینڈ سیل بائیولوجی، بارکھان کے اکبر جان کو ڈنمارک کی یونیورسٹی آف کوپن ہیگن میں فوڈ سائنس اینڈ فوڈ ٹیکنالوجی، قلعہ سیف اللہ کے عمران خان کو کینیڈا کی یونیورسٹی آف البرٹا میں ایگریکلچر، فاریسٹ بائیولوجی اینڈ، کوہلو کی صبیر ایوتس کو آسٹریلیا کی یونیورسٹی آف کوئنز لینڈ میں پولیٹکس اینڈ انٹرنیشنل اسٹڈیز، خاران کی......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری حج اسکیم، دوسری قسط کی وصولی شروع

میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ اپ لوڈ کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزارت مذہبی امور کے زیرانتظام سرکاری حج اسکیم کے تحت دوسری قسط کی وصولی رات 12 بجے شروع ہوگئی ہے۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق سرکاری عازمین حج دوسری قسط 5 سے 20 اکتوبر تک جمع کراسکیں گے، دوسری قسط کی ادائیگی بھی پاک......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صادق عمرانی آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد پہنچنے کا پلان غائب، لکی مروت تا صوابی لانگ مارچ شروع ہوگیا

تحریک انصاف کے ٹانک، ڈی آئی خان، جنوبی وزیرستان، شمالی وزیرستان، بنوں کے قافلے گنڈی چوک پہنچے

سیکورٹی انتظامات مکمل، جس جس ضلع میں قافلہ جائے گا وہاں ایس او پیز کے تحت سیکورٹی آرڈر جاری ہوگا، پولیس

پوری قوم کو علم ہونا چاہیے ہماری ایک ڈیمانڈ بھی غیر قانونی نہیں، سہیل آفریدی نے مذاکرات کے 7 نکات شیئر کردیئے

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی قیادت میں لانگ مارچ گنڈی چوک لکی مروت سے شروع ہوگیا، فی الحال اسلام آباد جانے کا کوئی پلان نہیں دیا گیا۔ خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے ٹوئٹ میں لانگ مارچ کا پہلا مرحلہ اتوار کو لکی مروت......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

لکی مروت، پاکستان تحریک انصاف کے کارکن لانگ مارچ میں نعرے لگا رہے ہیں

ڈی آئی خان فورسز کی کارروائی، فتنہ الخوارج کے 8 دہشتگرد ہلاک

آپریشن خفیہ اطلاع پر کیا گیا ہلاک ہونے والوں میں فتنہ الخوارج کے 3 اہم سرغنہ بھی شامل

صدر مملکت وزیر اعظم اور وفاقی وزیر داخلہ کا کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

پشاور، اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سکیورٹی فورسز نے خیبرپختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں عزم استحکام وژن کے تحت کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج کے 8 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کی گئی، آپریشن کے دوران ہلاک ہونے والوں میں فتنہ الخوارج کے 3 اہم سرغنہ بھی شامل ہیں۔ ذرائع کے......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت اپوزیشن مذاکرات کی ناکامی کے بعد حکومتی کمیٹی کے اراکین واپس جارہے ہیں

شہباز شریف اور وزیر داخلہ کی 24 گھنٹوں میں دوسری ملاقات، محسن نقوی کے صدر سے بھی رابطے، گورنر ہاؤس معاملات سنبھالنے کیلئے تیار ہے، فیصل کریم

مذاکرات سہیل آفریدی نے سبوتاژ کئے، کے پی میں ایمرجنسی، محسن نقوی کے صدر، وزیراعظم اور گورنر کنڈی سے صلاح مشورے

اپوزیشن کمیٹی کے ساتھ اچھا معاہدہ تیار ہوا، 99 فیصد چیزوں پر اتفاق ہوچکا تھا، صدر سے ملاقات کے بعد واپس آیا تو ڈرافٹ میں بہت ساری تبدیلیاں بتائی گئیں، 4 بار ڈرافٹ تیار اور 4 بار تبدیل ہوا

ہمیں معلوم ہوتا کہ خیبر پختونخوا حکومت مذاکرات کو ویٹو کردے گی تو ہم مذاکرات ہی نہ کرتے، جب آپ غیر سنجیدہ اور ناسمجھ لوگ اس قسم کی سیٹوں پر بٹھاتے ہیں تو اس کا نقصان ملک کو ہوتا ہے

اگر دہشتگردی کے خلاف سوچ ہے تو معاہدے پر دستخط میں ایک منٹ بھی نہیں لگنا چاہیے، دہشتگردی کے خلاف معاہدے سے انکار پر حکومت کے مفادات اور ترجیحات پر سوال اٹھتے ہیں

ایک اور 9 مئی نہیں ہونے دینگے، وزیراعظم جو بھی فیصلہ کرینگے ملکی مفاد میں ہوگا حکومت عملدرآمد کریگی، بتادیا تھا لانگ مارچ شروع ہوگا تو مذاکرات ختم ہوجائینگے، وزیرداخلہ کی پریس کانفرنس

لاہور (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اپوزیشن کی مذاکراتی کمیٹی نے خلوص نیت سے مذاکرات کیے، ایک بہت اچھا معاہدہ تیار ہوا مگر وزیراعلیٰ......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے نواز شریف سے ملاقات کے بعد وزیرداخلہ محسن نقوی کے گھر پہنچ کر ان سے ملاقات کی۔ وزیراعظم شہباز شریف......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بانی تک فوری رسائی کیوں ناقابل قبول قرار دی، پی ٹی آئی

حکومت مذاکرات کی ناکامی کی ذمہ داری اپوزیشن پر عائد نہ کرے

کے پی میں مشاورت پر مبنی سیکیورٹی حکمت عملی کیوں قبول نہ کی، اعلامیہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے کہا ہے کہ حکومت مذاکرات کی ناکامی کی ذمہ داری اپوزیشن پر عائد نہ کرے اور یہ بتائے عمران خان تک فوری رسائی کیوں ناقابل قبول قرار دی؟ خیبر پختونخوا میں وسیع مشاورت پر مبنی سیکیورٹی حکمت عملی کیوں قبول نہیں کی؟۔ مذاکرات سے متعلق پاکستان تحریک انصاف کی......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کارکن ملک دشمن عناصر کا آلہ کار نہ بنیں، احسن اقبال

سڑکوں پر لاٹھی گولی اور انتشار سے پاکستان کو نقصان ہوگا، وفاقی وزیر

نارووال (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کے دشمن دہشتگردی سے امن سبوتاژ کررہے ہیں۔ انتشار اور فساد پھیلا کر دشمن کا ایجنڈا پورا کیا جارہا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ ایک سیاسی جماعت......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی والے فائدے پاکستان سے لیتے حمایت افغانستان کی کرتے ہیں، عطاء تارڑ

خیبر پختونخوا کی حکومت دہشت گردی کو نہیں روک سکی، صوبائی حکومت دہشت گردی پھیلانے کی ذمہ دار ہے

وفاقی پالیسی اور دہشت گردوں کے ساتھ گٹھ جوڑ کھل کر سامنے آگیا ہے، آپ کی سیاست بھاڑ میں گئی، وزیر اطلاعات

انسداد دہشت گردی کیلئے پی ٹی آئی حکومت سے معاہدہ کیا جائے، سلمان راجا

یمنی فورسز کا آپریشن شروع، 700 حوثی جنگجوؤں کی ہلاکت کا دعویٰ

حکومتی فورسز پورے ملک میں ریاست اور اس کے اداروں کی رٹ بحال کریں گی، حتمی کامیابی تک کارروائی جاری رہیگی

بیرسٹر گوہر حکومت سے مذاکرات کی تیسری نشست کیلئے متحرک

نجی تعلیمی اداروں کی گرانٹ بحالی کیلئے کردار ادا کرونگا، گورنر بلوچستان

سرکاری اداروں پر کروڑوں خرچ ہوتے ہیں، معیاری تعلیم کیلئے نجی اداروں کو دیئے جائیں تو کوئی حرج نہیں

شہباز نواز ملاقات، اپوزیشن سے مذاکرات پر بات چیت

وزیر داخلہ سے بھی ملاقات، لانگ مارچ کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو

وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

ہائیکورٹ نے ضلعی و یونین بنیاد پر تعینات اساتذہ کی کوئٹہ منتقلی کا نوٹس لے لیا

محکمہ تعلیم کو تمام تبادلوں کے احکامات واپس لینے اور متعلقہ ملازمین کو ان کی اصل جائے تعیناتی پر بحال کرنے کی ہدایت

ڈیڈلاک کی بنیادی وجہ بانی پی ٹی آئی تک رسائی تھی، اسد قیصر

کے پی حکومت سیاست چمکانے کی کوشش کر رہی ہے، طلال چوہدری

مسلم حکمرانوں کی بے حسی نے اسرائیل کو سپورٹ دی، حافظ نعیم

کوئٹہ کراچی شاہراہ کے حساس مقامات پر دفعہ 144 نافذ

احتجاج، دھرنوں اور اجتماعات پر پابندی عائد، محکمہ داخلہ کا حکم نامہ جاری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے سڑکوں کی بار بار بندش کے پیش نظر کوئٹہ، کراچی قومی شاہراہ (این-25) کے حساس مقامات پر احتجاج، دھرنوں اور اجتماعات پر دفعہ 144 کے تحت پابندی لگادی ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے جاری......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس محمد طاہر ژوب دورے کے موقع پر شہداء کے لواحقین سے بات چیت کر رہے ہیں

وسائل سے مالا مال بلوچستان پسماندگی و غربت کا شکار ہے، مقررین

بلوچستان میں عوام کے تحفظ کے لیے کوئی مؤثر نظام نظر نہیں آتا، کنٹریکٹرز کی مشینری جلائی جارہی ہے، سینیٹر مولانا واسع

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے عوام و اداروں کے درمیان تعاون ضروری ہے، میر صادق عمرانی، انجینئر زمرک و دیگر کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر و سینیٹر مولانا عبدالواسع، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی، مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، اے این پی کے رکن......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

صرف بندوق اور ڈنڈے کی پالیسی نہیں چلے گی، شفیع جان

آپ کی نیت دہشتگردی نہیں پی ٹی آئی کو ختم کرنا ہے، وزیر اطلاعات کے پی

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا کے وزیر اطلاعات شفیع جان نے کہا ہے کہ حکومت کی نیت دہشتگردی ختم کرنے کی نہیں بلکہ صرف پی ٹی آئی کو کچلنا ہے، صرف......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا حکومت کے پاس قابل عمل ڈرافٹ تھا تو خود پیش کرنا چاہیے تھا، رات ساڑھے 8 بجے تک تقریباً تمام معاملات طے ہوچکے تھے

25 سالہ پارلیمانی زندگی میں ایسا ہوتے نہیں دیکھا، سیاسی اعتماد اور استحکام قائم کرنے کا اہم موقع ضائع ہوگیا، مرتضیٰ پیپلز پارٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومتی مذاکراتی ٹیم کی رکن شیری رحمان نے پی ٹی آئی سے مذاکرات ناکام ہونے کی وجہ بتادی۔ ایک بیان میں شیری رحمان نے کہا کہ 4 ڈرافٹس پر اتفاق ہوا لیکن پی ٹی آئی کی تبدیلیوں سے مذاکرات رات گئے تک چلتے رہے۔ انہوں......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات میں 3 بنیادی نکات پر ڈیڈلاک ہوا، حلیم عادل شیخ

بانی سے ملاقات کے بغیر لانگ مارچ کال آف کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا

کراچی (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے کہا ہے کہ مذاکرات میں 3 بنیادی نکات پر ڈیڈلاک ہوا، عمران خان سے ملاقات کے بغیر......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ ایران مسئلہ جنگ نہیں مذاکرات سے ہی حل ہوسکتا ہے، عراقچی

نئی پابندیاں عائد کرنا تنازع کے حل کا راستہ نہیں ہوگا، ایران جنگ کے بجائے سفارت کاری کے ذریعے مسئلے کا حل چاہتا ہے

ایران نے اپنی شرائط واضح کردی ہیں، اب فیصلہ امریکہ کو کرنا ہے، دونوں ممالک کے درمیان تنازع کا کوئی فوجی حل نہیں، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (م ڈ) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان جاری تنازع کا کوئی فوجی حل نہیں ہے اور مسئلے کو مذاکرات کے ذریعے ہی حل کیا جاسکتا ہے۔ ان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب دونوں ممالک کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لیے جاری سفارتی کوششیں......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فوج کے 11 میجر جنرلز کی لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر ترقی

ترقیوں میں پی ایم اے کے 86ویں اور 87ویں لانگ کورسز کے سینئر افسران شامل

ترقی کے دائرے میں شامل تقریباً 30 میجر جنرلز کو حالیہ مرحلے میں پروموشن نہیں دی گئی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک فوج کے 11 میجر جنرلز کو اعلیٰ کمان میں بڑے پیمانے پر ردوبدل کے دوران لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی ہے، جن میں سابق ڈائریکٹر جنرل ملٹری انٹیلی جنس (ڈی جی ایم آئی) میجر جنرل واجد عزیز بھی شامل ہیں۔ ترقی پانے والے افسران میں میجر جنرل عمر بشیر، میجر جنرل چوہدری عامر اجمل، میجر جنرل محمد اسحاق......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

جرمن چانسلر کا یوکرین کا دورہ، روس کا کیف کے اہم پل پر ڈرون حملہ

کیف (م ڈ) جرمن چانسلر فریڈرک مرز کی یوکرین سے اظہار یکجہتی کے لیے غیر اعلانیہ دورے کے دوران روس نے یوکرین کے دارالحکومت کیف کے ایک اہم پل پر ڈرون حملہ کیا، جس کے نتیجے میں دو افراد زخمی ہوگئے......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

چاروں صوبوں میں چھوٹے یونٹس بننے چاہئیں، سعد رفیق

حکومت مذاکرات کے لیے مکمل اختیارات کے ساتھ بیٹھی تھی، گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ صرف پنجاب نہیں چاروں صوبوں میں چھوٹے یونٹس بننے چاہئیں، پی ٹی آئی دھرنا موخر کردے حکومت مذاکرات کے لیے مکمل اختیارات کے ساتھ بیٹھی تھی۔ اپنے حلقے کے دورے کے......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

آبی ذخائر اور دریاؤں میں پانی کی آمد و اخراج کی صورتحال

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) واپڈا نے دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج کے اعداد و شمار جاری کردیئے۔ اتوار کو جاری اعداد و شمار کے مطابق دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر پانی کی آمد 48 ہزار 700 کیوسک......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کوشش تھی کسی نتیجے پر پہنچیں لیکن ڈیڈلاک برقرار رہا، علامہ ناصر عباس

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا معاملہ حل نہیں ہوسکا، سینٹ میں اپوزیشن لیڈر کی گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) علامہ راجہ ناصر عباس نے نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیڈلاک برقرار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ چھوٹی چھوٹی چیزیں تھیں لیکن نتائج تک نہیں پہنچ سکے۔ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا معاملہ حل نہیں ہوسکا۔ علامہ ناصر عباس نے کہا کہ ہماری......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

آئل ٹینکر میں جاں بحق 3 پاکستانیوں کی میتیں اور 4 زخمی پہنچ گئے

گورنر سندھ نہال ہاشمی اور وزراء ایئرپورٹ پر موجود، زخمی ہسپتال منتقل

افسر کاشف عمر، تھرڈ انجینئر محمود انصاری اور بوائلر آپریٹر کی میتیں ورثاء کے حوالے

کراچی (م ڈ) صومالی قزاقوں سے چھڑائے گئے آئل ٹینکر میں جاں بحق 3 پاکستانیوں کی میتیں اور 4 زخمی کراچی پہنچ گئے۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی، صوبائی وزیر سعید غنی، ناصر شاہ سمیت دیگر رہنما ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ بحری قزاقوں کے حملے میں زخمی پاکستانیوں کا کراچی ایئرپورٹ پر حکومتی نمائندوں نے استقبال کیا۔ ایئرپورٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور، مبینہ زیادتی کا شکار غیر ملکی خاتون باکو روانہ

ڈیانا کے ہمراہ 2 خواتین سمیت 3 پولیس افسران بھی ہیں

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں مبینہ طور پر اجتماعی زیادتی کا شکار غیر ملکی خاتون ڈیانا نجی پرواز کے ذریعے باکو روانہ......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ایران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کے منصوبے سے دستبردار ہوچکا ہے، ٹرمپ

ایران کے بارے میں فیصلہ کرنے والا ہوں، مسئلے کو آسان یا مشکل، کسی نہ کسی طریقے سے ضرور حل کریں گے

ہم تیل کی قیمتیں کم کرنے میں کامیاب ہوگئے، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی آرہی ہے، امریکی صدر

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ایران کے بارے میں فیصلہ کرنے والے ہیں، مسئلے کو آسان یا مشکل، کسی نہ کسی طریقے سے حل کریں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا ایران جوہری......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ایران اپنے میزائلوں کی رینج میں اضافہ کرے گا، ایرانی فوج

تہران (م ڈ) ایرانی فوج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمینیا کا کہنا ہے کہ ایران اپنے میزائلوں کی رینج میں اضافہ کرے گا۔ ایرانی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اس نے اس فیصلے کی وجہ بتاتے ہوئے کہا کہ......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کچلاک: جناح پیپلز ٹرین کا انجن پٹڑی سے اتر گیا

حادثہ یارڈ میں انجن کی شنٹنگ اور ٹرن ٹیبل کے دوران پیش آیا

معمول کے آپریشن پر کوئی اثر نہ پڑا، نہ مسافروں کو دشواری ہوئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کچلاک یارڈ میں ریلوے انجن معمول کی شنٹنگ اور ٹرن ٹیبل کے دوران پٹڑی سے اتر گیا جس کی وجہ سے دوسرے انجن کے ذریعے جناح پیپلز ٹرین کو منزل مقصود کی جانب روانہ کیا گیا ریلوے حکام کے مطابق اتوار کی صبح 9 بجے جناح پیپلز ٹرین کچلاک سے کوئٹہ کیلئے روانہ ہونے کے لئے کچلاک یارڈ میں ریلوے انجن معمول کی شنٹنگ......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی سے سوال کیا جانا چاہیے انکا اصل ایجنڈا کیا ہے، نیئر بخاری

معاشی و سیاسی استحکام کے لیے تمام سیاسی دھاروں کو مل بیٹھ کر مذاکرات کرنا ہوں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ ملکی سیاسی کشیدگی کے معیشت پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں جس کے باعث غریب، محنت کش اور مزدور طبقہ کی مشکلات میں اضافہ ہورہا ہے، معاشی و سیاسی استحکام......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پاک افغان کشیدگی، ماسکو فارمیٹ کا آٹھواں اجلاس آج ہوگا

دونوں ممالک کے درمیان باہمی اختلافات پر بات چیت کا ایک اور موقع ملے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدہ تعلقات کے تناظر میں ماسکو فارمیٹ کا آٹھواں اجلاس (آج) پیر 5 اکتوبر کو روس میں ہوگا، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دہشت گردی، سرحدی سلامتی اور باہمی اختلافات پر علاقائی سطح پر......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک انصاف کے پی میں دہشتگردی کی سہولت کاری کر رہی ہے، خواجہ آصف

دہشت گردی کے واقعات کے نتیجے میں متعدد شہریوں اور سکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر قوم خیبر پختونخوا حکومت کو جوابدہ ٹھہرائے گی

بانی نے دہشت گردی کی حمایت کرنے والے عناصر کو کے پی میں آباد کیا، قومی اسمبلی میں ان کی تقاریر اس امر کی گواہ ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی قیادت خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کی سہولت کاری کر رہی ہے جس کے باعث صوبے میں سکیورٹی کے چیلنجز میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اتوار کو سماجی رابطے......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

سوشل میڈیا پر الزامات کا سلسلہ حقائق کے منافی و گمراہ کن ہے، واسا

پانی کی قلت دیرینہ اور پیچیدہ مسئلہ ہے، جس کی وجوہات میں زیرِ زمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی اور بڑھتی آبادی ہے

صارفین کی ایک بڑی تعداد پانی کے واجبات ادا نہیں کر رہی، مشکل حالات کے باوجود فرائض ادا کئے جا رہے ہیں، ترجمان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) واسا کی کارکردگی کے خلاف سوشل میڈیا کے ایک پیج پر بلا جواز تنقید کر کے سستی شہرت حاصل کرنے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ یہ واسا حکام نے سوشل میڈیا پر نام نہاد صحافی کی جانب سے لگائے جانے والے الزامات کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے اسے حقائق کے منافی اور گمراہ کن قرار دیا ہے۔ ترجمان واسا کے مطابق ایک سال سے نان کیڈر افسر کی تعیناتی اور پانی کے بحران سے متعلق لگائے گئے الزامات بے بنیاد ہیں اور ادارے کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہیں۔ ترجمان نے واضح کیا کہ کوئٹہ میں پانی کی قلت ایک دیرینہ اور پیچیدہ مسئلہ ہے، جس کی بنیادی وجوہات میں زیرِ زمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی، بڑھتی ہوئی آبادی اور محدود وسائل شامل ہیں۔ ان چیلنجز کے باوجود واسا اپنے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے شہریوں کو پانی کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ تاثر دینا کہ شہر کو ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، درست نہیں۔ واسا کی جانب سے باقاعدہ شیڈول کے تحت مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی جاری ہے جبکہ ہنگامی بنیادوں پر ٹینکر سروس بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ ترجمان واسا نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ صارفین کی ایک بڑی تعداد پانی کے واجبات ادا نہیں کر رہی، جس کے باعث ادارے کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ ان کے مطابق شہریوں کے ذمے کروڑوں روپے کے بقایاجات ہیں، جس سے نظام کی بہتری اور فراہمی آب کے منصوبوں پر براہِ راست اثر پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان مشکل حالات کے باوجود واسا کے ملازمین محدود وسائل میں رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دے رہے ہیں اور شہر میں پانی کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل کوشاں ہیں۔ واسا حکام نے واضح کیا کہ ادارے کی کارکردگی کو بلا جواز تنقید کا نشانہ بنانے کے بجائے شہریوں کو بھی اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا، بالخصوص واجبات کی ادائیگی کو یقینی بنانا ہوگا تاکہ پانی کی فراہمی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل کورالڈ ٹیچرز ڈے کے موقع پر لیاقت علی ہزارہ یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

یوم اساتذہ: اپنے محسن استاد کو خراج عقیدت

کہتے ہیں استاد روحانی باپ ہوتا ہے۔ اس رشتے کی اصل قدر و قیمت کا اندازہ تب ہوتا ہے جب زندگی کے اندھیروں میں کوئی استاد چراغ بن کر راستہ دکھا دے، علم کے ساتھ ساتھ کردار سنوار دے

تحریر: محمد حنیف ترین

اور ایک بے سہارا طالب علم کو عزت و وقار کی منزل تک پہنچا دے۔ آج یوم اساتذہ کے پرمسرت موقع پر میں اپنے اس عظیم محسن اور مسیحا صفت استاد کو خراج عقیدت پیش کرنا چاہتا ہوں۔ میرے محسن ہیں ہر دلعزیز شخصیت، علم و عمل کے پیکر، سابق ڈائریکٹر ایجوکیشن بلوچستان محمد رفیق ترین ہیں آپ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ ضلع ہرنائی سمیت پورے بلوچستان کے لیے آپ کی گراں قدر تعلیمی خدمات سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔ آپ شفقت، ایمانداری، فرض شناسی، خلوص اور بے لوث خدمت کا دوسرا نام ہیں۔ میری زندگی کی کہانی غربت، بے بسی اور محرومی سے شروع ہوتی ہے۔ مجھے آج بھی وہ دن یاد ہیں جب میرے پاس پہننے کو اسکول کی مکمل وردی تک میسر نہیں تھی، پاؤں میں جوتے نہیں تھے، جیب میں اسکول میں کچھ کھانے اور اسکول تک آنے کے لیے کرایے تک کے پیسے نہیں ہوتے تھے۔ میں جماعت نہم میں تھا جب بعض وجوہات کی بناء پر مجھے ہائی سکول ہرنائی سے ہائی سکول ناکس میں مائیگریشن کرانا پڑا۔ وہ سکول میں میرا پہلا دن تھا جب مجھے رفیق صاحب کی مشفقانہ آواز سنائی دی "ادھر آ جاؤ بیٹا، ہرنائی سے آئے ہو؟" یہ آواز میرے محسن،

اس وقت گورنمنٹ ہائی اسکول ناکس کے ہیڈ ماسٹر محمد رفیق ترین کی تھی۔ حالانکہ میرا ان سے کوئی جان پہچان یا رشتہ نہیں تھا۔ یہیں سے میری زندگی کا نیا باب شروع ہوا۔ اس مرد قلندر، شفیق استاد نے نہ صرف مجھے فوراً اسکول میں داخل کر لیا بلکہ میری غربت کو حقارت سے نہیں بلکہ ہمدردی اور محبت سے دیکھا۔ وہ صرف کتابی استاد نہیں تھے، وہ میرے لیے باپ بن گئے۔ وہ اپنی جیب خاص سے مجھے روزانہ کرایہ کے پیسے دیتے اور میری حوصلہ افزائی کرتے ہوئے فرماتے، بیٹا، تم بس دل لگا کر پڑھتے رہو، باقی سب میں دیکھ لوں گا۔ ان کی وہ شفقت بھری تھپکی اور وہ جملہ آج

بھی میرے کانوں میں گونجتا ہے۔ آج الحمدللہ! اگر میں معاشرے میں عزت و وقار کے ساتھ اس مقام پر کھڑا ہوں تو یہ سب میرے محسن، میرے روحانی باپ، استاد محترم محمد رفیق ترین کی مرہون منت ہے۔ ورنہ شاید آج میں بھی کسی کوئلہ کان میں کوئلے کی لوڈنگ کر رہا ہوتا یا بازار میں سبزی کی ریڑھی لگا کر محنت مزدوری کر رہا ہوتا۔ آج یوم اساتذہ پر میں اپنے عظیم محسن کو دونوں ہاتھ جوڑ کر سلام پیش کرتا ہوں۔ میری دعا ہے کہ اللہ رب العزت میرے محسن استاد کو صحت، تندرستی اور ایمان کے ساتھ لمبی زندگی عطا فرمائے اور ان کا شفقت بھرا سایہ ہم پر ہمیشہ قائم و دائم رکھے۔ آمین ثم آمین۔

بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنماؤں کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے چیئرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد عمر جتک، عارف خان بچاری، دین محمد محمد حسنی، ملک وحید کاسی، ملک محمد حسین ہنگورئی، ظفر خان رند، سید منظور شاہ، فضل محمد یوسلوئی، انجینئر نجیب اللہ مری نے بیان میں فیڈریشن کے صدر خان زمان کے بھانجے علاؤالدین مینگل کے انتقال پر سوگوار خاندان کے تمام افراد سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ رہنماؤں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا کرے اور خاندان کے تمام افراد کو صبرِ جمیل عطا کرے۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کا رکھنی کا دورہ

رکھنی (ن ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بارکھان ڈاکٹر میر دین کیتھران نے رکھنی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بی ایچ یو رکھنی کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اسٹاف کی حاضری، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ ڈی ایچ او بارکھان نے اسٹاف کی حاضری اور صفائی کے انتظامات پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ تمام ملازمین اپنی حاضری یقینی بنائیں جبکہ بی ایچ یو میں صفائی کے انتظامات کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ مریضوں کو صاف ستھرا اور بہتر ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اس موقع پر ڈی ایچ او بارکھان نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بی ایچ یو رکھنی کو درپیش مختلف مسائل اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے حوالے سے بھی بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی اور بی ایچ یو میں موجود مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

ایک چراغ جو بجھ کر بھی روشنی دیتا رہے گا



تحریر: عارف اسماعیل

کچھ لوگ اس دنیا سے رخصت ہو کر بھی ہمارے درمیان موجود رہتے ہیں۔ ان کی آواز خاموش ہو جاتی ہے، قدم رک جاتے ہیں، مگر ان کے الفاظ، ان کی تربیت اور ان کی دی ہوئی روشنی لوگوں کے دلوں میں زندہ رہتی ہے۔ پروفیسر صالح محمد شاد بھی ایسی ہی شخصیات میں سے ایک تھے۔ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج مستونگ سے وابستہ رہنے والے پروفیسر صالح محمد شاد ایک بہترین استاد ہونے کے ساتھ ساتھ علم و ادب سے گہرا تعلق رکھنے والے انتہائی مخلص اور نفیس انسان تھے۔ ان کے لیے تدریس محض ملازمت نہیں بلکہ ایک ذمہ داری، ایک عبادت اور آنے والی نسلوں کی تعمیر کا ذریعہ تھی۔ ان کی شخصیت کا سب سے خوبصورت پہلو یہ تھا کہ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی انہوں نے خود کو آرام اور مصروفیات زندگی تک محدود نہیں کیا۔ جب سرکاری ملازمت ختم ہوئی تو شاید بہت سے لوگوں کے لیے یہ زندگی کے ایک باب کا اختتام ہوتا، مگر صالح محمد شاد کے لیے یہ ایک نئے سفر کا آغاز تھا۔ انہوں نے اپنا فارغ وقت بھی کالج اور یونیورسٹی کے طلبہ کو علم دینے، ان کی رہنمائی کرنے اور تعلیم کی خدمت میں وقف کیے رکھا۔ ایسے استاد کم ہی پیدا ہوتے ہیں جو عہدہ ختم ہونے کے بعد بھی استاد رہتے ہیں۔ ان کے لیے طالب علم صرف کلاس روم کی ایک فہرست کا نام نہیں تھا، بلکہ وہ ایک مستقبل تھا، جسے سنوارنا ان کی ذمہ داری سمجھتے تھے۔ آج جب ہم انہیں یاد کرتے ہیں تو دل میں ایک کمی ضرور محسوس ہوتی ہے، مگر ساتھ ہی یہ اطمینان بھی ہے کہ ایک مخلص استاد اپنی زندگی کا قیمتی سرمایہ نئی نسلوں کے نام کر گیا۔ ان کے شاگرد، ان کے پڑھائے ہوئے الفاظ اور ان کی تربیت ان کی اصل میراث ہیں۔ صالح محمد شاد صاحب چلے گئے، مگر علم و ادب کی وہ شمع جو انہوں نے جلائی، وہ ان شاء اللہ دیر تک روشن رہے گی۔

حیات اللہ کاکڑ کی ملک عبدالغفار اور مولانا اصغر سے ملاقات

سیاسی و قبائلی امور سمیت مسلم باغ سول ہسپتال کے مسائل پر گفتگو

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے آج بلوچستان حکومت کے محکمہ صحت کے سیکشن آفیسر ملک عبدالغفار کاکڑ اور جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی رہنما مولانا اصغر خان سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران موجودہ سیاسی و قبائلی امور سمیت خاص طور پر مسلم باغ سول ہسپتال کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے مسلم باغ سول ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹرز کی ڈیوٹی کے مسئلے کی جانب توجہ دلاتے ہوئے کہا کہ ہسپتال میں اس وقت پانچ لیڈی ڈاکٹرز تعینات ہیں، تاہم بعض اوقات ان کی سرکاری ڈیوٹی کے دوران نجی کلینکس میں موجودگی کی شکایات سامنے آتی ہیں، جس کے باعث خواتین مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس موقع پر سیکشن آفیسر ملک عبدالغفار کاکڑ نے یقین دہانی کرائی کہ وہ اس معاملے پر محکمہ صحت کے حکام سے بات کریں گے اور مسئلے کے حل کے لیے ضروری اقدامات کی کوشش کی جائے گی۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے کہا کہ مسلم باغ کے عوام اس وقت مختلف مسائل اور مشکلات سے دوچار ہیں۔

غیبزئی اقوام کے مابین تصفیہ خوش آئند ہے، ملک نقیب اللہ

دشمنیوں سے کبھی ترقی نہیں ہوتی، بھائی چارے میں ہی قوموں کی بقا ہے

کوئٹہ (امیار پورٹر) سیاسی و سماجی رہنما ملک نقیب اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ غیبزئی کے دو اقوام کے درمیان دیرینہ دشمنی کا پرامن تصفیہ ایک نہایت خوش آئند اور قابل تحسین اقدام ہے علاقے کے معززین، علماء کرام اور جرگہ ممبران کا یہ کردار آنے والی نسلوں کے لیے امن کا پیغام ہے۔ دشمنیوں سے کبھی ترقی نہیں ہوتی، صلح اور بھائی چارے میں ہی قوموں کی بقا ہے اللہ تعالیٰ اس صلح کو قائم و دائم رکھے اور علاقے میں امن و امان کو مزید مضبوط کرے۔

ہومیو پیتھک میڈیکل کالج میں سالانہ تقریب، طلبہ میں اسناد و تحائف تقسیم

تعلیم کے ساتھ عملی تربیت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے فروغ پر توجہ ضروری ہے، مقررین

طلبہ کی کامیابی اساتذہ اور والدین کی محنت کا ثمر ہے

کوئٹہ (پ ر) نصرت ہومیو پیتھک میڈیکل کالج کوئٹہ میں سالانہ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں کالج کی پرنسپل ڈاکٹر نورین اصغر، ڈاکٹر اصغر، ڈاکٹر عدیل احمد، ڈاکٹر ہارون، ڈاکٹر طاہر بڑیچ، ڈاکٹر محب اللہ اور دیگر نے شرکت کی۔ تقریب میں طلبہ و طالبات کی تعلیمی کارکردگی اور کالج کی مختلف سرگرمیوں کے حوالے سے اظہار خیال کیا گیا۔ اس موقع پر مقررین نے طلبہ کو سالانہ کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ طلبہ کسی بھی تعلیمی ادارے کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، ان کی کامیابی اساتذہ اور والدین کی محنت کا نتیجہ ہے، طلبہ تعلیم کے ساتھ عملی تربیت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے فروغ پر بھی خصوصی توجہ دیں تاکہ مستقبل میں شعبہ صحت میں اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے سکیں۔ تقریب کے دوران طلبہ کی حوصلہ افزائی کی گئی جبکہ ان کے تعلیمی سفر میں مزید کامیابیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔ شرکاء نے نصرت ہومیو پیتھک میڈیکل کالج کی تعلیمی و تربیتی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم اور عملی تربیت کے ذریعے ہی معاشرے کو بہتر طبی خدمات فراہم کرنے والے ماہرین تیار کیے جا سکتے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر طلبہ میں اسناد، سرٹیفکیٹس اور تحائف بھی تقسیم کیے گئے۔

نصرت ہومیو پیتھک میڈیکل کالج میں سالانہ تقریب کے موقع پر اساتذہ اور طلبہ کا گروپ

مولانا لونی و دیگر کی حاجی عبدالخالق آغا کے بھائی کی وفات پر تعزیت و فاتحہ خوانی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی اور دیگر نے اتوار کے روز واپڈا کالونی جا کر السادات چشتی قبیلہ کے سماجی رہنما حاجی عبدالعزیز آغا کے وفات اور کلی عمر عالمو متا زتاجر رہنما حاجی عبدالخالق آغا کے رہائشگاہ پر ان کے بھائی کی وفات پر دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے سوگوار خاندانوں سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحومین کیلئے دعا کی کہ اللہ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگوار خاندانوں کو صبر جمیل اجر عظیم اور نعم البدل عطا فرمائیں۔

علاؤالدین مینگل انتقال کر گئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان کے بھانجے علاؤالدین مینگل قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ مرحوم کی تدفین سیٹلائٹ ٹاؤن اڈے والے قبرستان میں کر دی گئی۔

کوئٹہ، حاجی طالب حسین فریدی کی رہائشگاہ پر محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ سے پیر شاہ محمد احرار نقشبندی، مجددی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

مثالی امن کے لیے پولیس کی کارکردگی قابل تحسین ہے، ذیشان بلوچ

ایس ایچ او اعجاز محمود کا عوام سے مضبوط رابطہ جرائم کی روک تھام میں مددگار ثابت ہوا

ایگل اسکواڈ کی مستعدی اور گشت سے شہریوں میں تحفظ کا احساس پیدا ہوا، پیپلز پارٹی رہنما

کوئٹہ (اے این این) پیپلز پارٹی کے رہنماؤں ذیشان بلوچ، چنگیز ہنگورئی اور عدنان بلوچ نے تھانہ عبدالخالق شہید کے علاقے میں مثالی امن و امان کے قیام اور عوام کو بہتر پولیسنگ کی فراہمی پر ایس ایچ او عبدالخالق شہید اعجاز محمود، ایگل اسکواڈ کے جوانوں اور ہیڈ محرر جبار آغا کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ علاقے میں امن و امان کی موجودہ صورتحال پولیس افسران اور اہلکاروں کی ... کر رہی ہے۔ پیپلز پارٹی رہنماؤں نے ایگل اسکواڈ کے جوانوں کی مستعدی اور گشت کے نظام کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ جوانوں کی بروقت موجودگی اور ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے شہریوں میں تحفظ کا احساس پیدا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان کے لیے پولیس کی فیلڈ میں فعال موجودگی انتہائی اہم ہے اور ایگل اسکواڈ کے جوان اس ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھا رہے ہیں۔ انہوں نے ...

اجتماعی مسائل کو ترجیح دینا وقت کی ضرورت ہے، جمعیت

اوستہ محمد (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستہ محمد کے جنرل سیکرٹری و میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کے جنرل کونسلر میر نعیم خان عمرانی نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کے پلیٹ فارم سے ضلع اوستہ محمد کے عوام کی حقیقی ترجمانی کرتے ہوئے ان کے حقوق اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر بھرپور آواز بلند کرتے رہیں گے عوام کو کسی بھی مشکل گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑیں گے اور ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔ میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ عوامی خدمت اور شہریوں کے بنیادی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیحات میں شامل ...

اعزازی قونصل جنرل جاپان کا چیمبر آف کامرس کا دورہ

قومی شاہراہوں کو چیک پوسٹوں کا خاتمہ کیا جائے، اے کیو ایم

کوئٹہ پریس کلب میں خواتین پریس کانفرنس کر رہی ہیں

کمشنر مکران ڈویژن کی زیر صدارت اجلاس

کوئٹہ، اساتذہ کے عالمی دن پر تقریب کا انعقاد

اساتذہ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، مقررین

بی ڈی اے اسٹاف کے وفد کی ملک نعیم بازئی سے ملاقات

ملازمین کے حقوق کیلئے تعاون اور بھرپور حمایت کی یقین دہانی

ہزار گنجی، تجاوزات ختم کر کے تمام راستے کلیئر کروا دیے گئے

شہریوں کی جان و مال کی تحفظ اولین ترجیح ہے، حاجی خان لاشاری

جرگوں میں خواتین کو پچاس فیصد نمائندگی دی جائے، ثناء درانی

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر نوروز

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ حب

خواتین اساتذہ بچیوں کی تعلیم اور معاشرتی تبدیلی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں، ربابہ بلیدی

بلوچستان کے اساتذہ محدود وسائل میں بچوں کو تعلیم سے آراستہ کر رہے، ان کی محنت اور خدمات قابل تحسین ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر محکمہ ترقی نسواں

اساتذہ نئی نسل کی سوچ کو مثبت، اور مستقبل کے چیلنجز کے مقابلے کیلئے تیار کرتے ہیں، خدمات علمی ترقی کیلئے ناگزیر ہیں، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ استاد صرف علم منتقل نہیں کرتا بلکہ وہ نئی نسل کی سوچ، کردار اور مستقبل کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، معاشرے کی علمی و سماجی ترقی میں اساتذہ کی خدمات کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے یہ بات اساتذہ کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے جاری کردہ بیان میں کہی۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کے اساتذہ بالخصوص دور دراز علاقوں میں محدود وسائل اور مختلف مشکلات کے باوجود بچوں کو تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیے قابل قدر خدمات انجام دے رہے ہیں، ان کی محنت اور خدمات احترام اور تحسین کی مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بچیوں کی تعلیم کے فروغ میں خواتین اساتذہ کا کردار نہایت اہم ہے، ایک تعلیم یافتہ بچی آگے چل کر اپنے خاندان اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کا ذریعہ بنتی ہے اور اس پورے سفر میں استاد کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں تعلیمی نظام کی بہتری، اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے اور تدریسی معیار بہتر بنانے پر توجہ دے رہی ہے۔ تعلیمی اداروں کو فعال اور تدریسی عمل کو مؤثر بنانا صوبے میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے ضروری ہے۔ صوبائی مشیر نے مزید کہا کہ اساتذہ کو جدید تدریسی تربیت، بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات کی فراہمی تعلیمی معیار میں بہتری کے لیے ضروری ہے، کیونکہ معیاری تعلیم کا براہ راست تعلق ایک قابل اور بااختیار تدریسی نظام سے ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ اساتذہ کی محنت کے اثرات کلاس روم تک محدود نہیں رہتے بلکہ نسلوں تک منتقل ہوتے ہیں، اس لیے استاد کا احترام اور اس کی خدمات کا اعتراف ایک مہذب اور علم دوست معاشرے کی پہچان ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم افراد نے میونسپل کمیٹی کے سینئر اہلکار کو زخمی کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں میونسپل کمیٹی کے سینئر اہلکار پر دوران ڈیوٹی مسلح افراد کا حملہ زخمی کر دیا پولیس کی کاروائی ایک حملہ آور گرفتار زخمی ہسپتال منتقل پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں میونسپل کمیٹی کا سینئر اہلکار بابو اصغر رند پر دوران ڈیوٹی مسلح افراد کا حملہ شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے واقعے کے خلاف میونسپل کمیٹی صفائی کے عملے کی احتجاجی ریلی قومی شاہراہ پر دھرنا دے دیا گیا جبکہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ایک حملہ آور گرفتار کر لیا گیا باقی کی گرفتاری کیلئے چھاپے جاری زخمی اہلکار کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا۔

برآمدات میں بہتری خوش آئند، تجارتی خسارے میں اضافہ سنجیدہ توجہ کا متقاضی ہے، سینیٹر عبدالقادر

برآمدی صنعتوں کی مسابقت بڑھانے، مقامی پیداوار کے فروغ اور درآمدی انحصار کم کرنے کی حکمتِ عملی ضروری ہے

پائیدار معاشی ترقی کیلئے برآمدات میں اضافہ، صنعتی بنیاد مضبوط اور مصنوعات و منڈیوں میں تنوع لانا ہوگا، چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ برآمدات میں بہتری خوش آئند ہے، تاہم ملکی تجارتی خسارے میں اضافہ سنجیدہ توجہ اور مؤثر معاشی اقدامات کا متقاضی ہے۔ حکومت کو برآمدی صنعتوں کی مسابقت بڑھانے، مقامی پیداوار کو فروغ دینے اور درآمدی انحصار میں بتدریج کمی کے لیے مربوط حکمتِ عملی اختیار کرنا ہوگی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ادارہ شماریات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال 27-2026 کی پہلی سہ ماہی، جولائی تا ستمبر، میں اشیا کی تجارت کا خسارہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 15.13 فیصد بڑھ کر 10 ارب 79 کروڑ 20 لاکھ ڈالر ہو گیا۔ اس دوران برآمدات 10.84 فیصد اضافے سے 8.423 ارب ڈالر جبکہ درآمدات 13.2 فیصد اضافے سے 19.215 ارب ڈالر رہیں۔ یہ اعداد ظاہر کرتے ہیں کہ برآمدی آمدنی میں اضافے کے باوجود درآمدات میں زیادہ اضافے سے تجارتی خلا وسیع ہوا ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ستمبر 2026 میں برآمدات گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 17.61 فیصد بڑھ کر 2.939 ارب ڈالر جبکہ درآمدات 11.05 فیصد بڑھ کر 6.494 ارب ڈالر رہیں، جس سے ماہانہ تجارتی خسارہ 3.556 ارب ڈالر رہا۔ اگرچہ ستمبر میں برآمدات کی شرح نمو زیادہ رہی، تاہم ڈالر کے لحاظ سے درآمدات میں اضافہ برآمدات کے اضافے سے زیادہ رہا، جس کے باعث تجارتی خسارہ بڑھا۔

3 اکتوبر، بلوچستان کی مختلف شاہراہوں پر مجموعی طور پر 38 حادثات ہوئے

خضدار میں 17 حادثات، 20 زخمی؛ ژوب میں 11 حادثات کے دوران 11 افراد زخمی

1122MERC نے مختلف شاہراہوں پر حادثات کے 43 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کی مختلف شاہراہوں پر 3 اکتوبر کو 38 ٹریفک حادثات رپورٹ ہوئے، جن میں 43 افراد زخمی ہوئے تاہم کسی حادثے میں کوئی ہلاکت ریکارڈ نہیں کی گئی۔ میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز 1122 (MERC) بلوچستان کی روزانہ رپورٹ کے مطابق ٹراما سینٹر خضدار نے 17 حادثات میں 20 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جبکہ ٹراما سینٹر ژوب نے 11 حادثات میں 11 زخمیوں کا علاج کیا۔ رپورٹ کے مطابق رئی بارکھان میں 6 حادثات میں 6 افراد، کنٹل فارم جعفرآباد میں 2 حادثات میں 3 افراد، گوکرت بھچی میں ایک حادثے میں 2 افراد جبکہ بختیارآباد سبی میں ایک حادثے میں ایک شخص زخمی ہوا۔ MERC رپورٹ کے مطابق 3 اکتوبر کو بلوچستان کی مختلف شاہراہوں پر مجموعی طور پر 38 حادثات میں 43 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی جبکہ کسی حادثے میں کوئی ہلاکت ریکارڈ نہیں ہوئی۔

حکومت اور کاروباری برادری کا باہمی تعاون ملکی ترقی کیلئے ناگزیر ہے، سیدال ناصر

سازگار ماحول، سرمایہ کاری کے فروغ اور معاشی استحکام کیلئے جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

سرمایہ کار ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، مسائل کے حل کیلئے مؤثر پالیسی اقدامات وقت کی ضرورت ہے، راولپنڈی چیمبر میں خطاب

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کے یوتھ پروگرام برائے سیاحت و مہمان نوازی کے فوکل پرسن محمد رؤف رفیعہ کی جانب سے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نو منتخب اعلیٰ عہدیداران کے اعزاز میں راولپنڈی کے ایک معروف ہوٹل میں پر وقار تقریب ملاقات و عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ تاجر، صنعت کار، سرمایہ کار اور کاروباری شخصیات ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ملک میں تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ضروری ہے کہ کاروباری برادری کو ترقی، خوشحالی اور سہولت کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافے کے لیے جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ کاروباری افراد کو درپیش مسائل کے حل اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مؤثر پالیسی اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (SIFC) کے پلیٹ فارم سے کاروباری شخصیات اور سرمایہ کار بھرپور استفادہ کر سکتے ہیں۔ اس سے تجارت کے فروغ، سرمایہ کاری میں اضافے اور سرمایہ کاروں کو درپیش مسائل کے حل میں مدد مل رہی ہے۔

شہداء ہمارا فخر، لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، آئی جی پولیس

آئی جی بلوچستان محمد طاہر کا ژوب کا دورہ، امن و امان، پولیس کارکردگی اور اہلکاروں کے مسائل کا جائزہ

پائیدار امن کے قیام کیلئے عوام کا تعاون ناگزیر، قانون کی حکمرانی اور شہریوں کے تحفظ کیلئے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں، دربار سے خطاب

ڈی آئی جی ژوب نے آئی جی بلوچستان کو ضلع میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، پولیس کی کارکردگی اور دیگر اہم امور پر تفصیلی بریفنگ دی

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر ژوب دورے کے موقع پر پولیس دربار سے خطاب کر رہے ہیں

ایس ایچ او اعجاز کی صلاحیتوں کا اعتراف، اعزاز سے نوازنا قابل تحسین ہے، ثناء بنگلزئی

عبدالخالق شہید تھانے کی حدود میں جرائم کی روک تھام کیلئے اعجاز خان کی کارکردگی قابل تعریف

محکمے نے بہترین کارکردگی پر ایس ایچ او اعجاز خان کو اعزاز دے کر حوصلہ افزائی کی، مزدا ترک یونین

کوئٹہ (اے این این) مزدا ترک یونین بلوچستان کے صدر ثناء بنگلزئی، جنرل سیکرٹری امن مینگل بابل سرپرہ اور دیگر نے ڈی آئی جی پولیس عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء مندوخیل کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے محکمے کے وقار اور عوامی امنگوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ عبدالخالق شہید مشرقی بائی پاس اعجاز خان کو عمدہ پرفارمنس پر اعزاز سے نوازا ہے موصوف کی صلاحیتوں کا اعتراف کے ساتھ ساتھ اس تاثر کو بھی مضبوط کرتا ہے کہ محکمہ اپنے ذمہ دار آفیسران کی قدر کرتا ہے ایس ایچ او اعجاز خان نے جب سے چارج سنبھالا جرائم کی روک تھام کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مصروف عمل ہیں اور اس کے نتائج بھی تسلی بخش ہیں۔

مسلح افراد کی فائرنگ، قبائلی شخصیت میر گلزار جاکرانی بگٹی شدید زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی ربی کے علاقے میں مسلح افراد کی فائرنگ سے قبائلی شخصیت شدید زخمی نازک حالت میں ہسپتال منتقل ملزمان فرار ہو گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ربی گوٹھ اعظم کوٹ کے مقام پر نا معلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے قبائلی رہنما میر گلزار جاکرانی بگٹی شدید زخمی ہو گیا جبکہ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہو گئے پولیس نے زخمی کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا جہاں انکی حالت نازک بتائی جارہی ہے

بلوچستان میں سرکاری ملازمتوں کی مبینہ بندر بانٹ تشویشناک ہے، پروفیسر حلیم صادق

سیاسی بنیادوں پر تقرریوں سے پڑھے لکھے نوجوانوں میں مایوسی بڑھ رہی ہے، عوام پاکستان پارٹی

میرٹ اور شفافیت کے دعوے عملی اقدامات سے ثابت کیے جائیں، وزیراعلیٰ سے پروفیسر حلیم صادق کا سوال

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے بلوچستان میں سرکاری ملازمتوں کی مبینہ بندر بانٹ اور سیاسی بنیادوں پر تقرریوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات سے صوبے کے پڑھے لکھے اور باصلاحیت نوجوانوں میں مایوسی اور بے چینی مزید بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان برسوں سے میرٹ، شفافیت اور مساوی مواقع کے منتظر ہیں، مگر افسوس کہ سرکاری ملازمتوں کی تقسیم میں میرٹ کے بجائے سیاسی وابستگی اور ذاتی پسند و ناپسند کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران جماعت کے وزراء، ارکان اسمبلی اور مشیران اور ارکین صوبائی اسمبلی سرعام اپنے منظور نظر افراد اور پارٹی عہدیداران میں سرکاری ملازمتوں کے آرڈرز تقسیم کر رہے ہیں اور اس عمل کی تشہیر بھی میڈیا کے ذریعے کی جا رہی ہے، جو میرٹ اور شفافیت کے دعوؤں پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ اگر سرکاری ملازمتیں سیاسی کارکنوں اور پارٹی عہدیداران میں تقسیم ہوتی ہیں تو پھر بلوچستان کے ان ہزاروں نوجوانوں کا کیا قصور ہے جو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے باوجود روزگار کے لیے در بدر ہیں۔

عوام کو کسی مشکل گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑیں گے، نعیم خان عمرانی

اوستا محمد (اے این این) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستا محمد کے جنرل سیکرٹری و میونسپل کارپوریشن اوستا محمد کے جنرل کونسلر نعیم خان عمرانی نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کے پلیٹ فارم سے ضلع اوستا محمد کے عوام کی حقیقی ترجمانی کرتے ہوئے ان کے حقوق اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر بھرپور آواز بلند کرتے رہیں گے عوام کو کسی بھی مشکل گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑیں گے اور ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آئی این پی کے نمائندہ محمد رفیق چندرانی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ عوامی خدمت اور شہریوں کے بنیادی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

کالج کے سرکاری اسکول میں جدید مدریسی نظام کا تعارف

کوئٹہ: بلوچستان پرائیویٹ اسکولز نیٹ ورک کے زیر اہتمام عالمی یوم اساتذہ کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے دوران طالبات ٹیبلو پیش کر رہی ہیں

ڈام میں باریک جال کے استعمال کی تحقیقات کی جائے، عوامی حلقے

تقریباً ایک ہفتہ قبل کچ نیٹ کے خلاف کارروائی کی گئی تھی، تاہم ڈام کے سمندر میں مبینہ طور پر اس جال کا استعمال تاحال جاری ہے۔ مقامی افراد کے مطابق کارروائی کے باوجود اگر ڈام سمیت دیگر ساحلی علاقوں میں کچ نیٹ کے استعمال کی مؤثر نگرانی نہ کی گئی تو سمندری وسائل کے تحفظ کے حوالے سے مسائل مزید بڑھ سکتے ہیں۔ لسبیلہ کے عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ ... جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ عوامی حلقوں نے مزید مطالبہ کیا کہ محکمہ فشریز ساحلی علاقوں میں نگرانی کا نظام مؤثر بنائے اور سمندری وسائل کے تحفظ کے لیے باقاعدگی سے کارروائیاں کی جائیں تاکہ مچھلی کے ذخائر، سمندری حیات اور مقامی ماہی گیروں کے روزگار کو محفوظ بنایا جا سکے۔

پاک ترکیہ اعلیٰ تعلیمی تعاون بڑھانے کیلئے رفاہ یونیورسٹی کا کردار قابل تعریف ہے

... تعلیمی تعاون کے فروغ اور ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اہم ملاقاتوں اور سرگرمیوں میں شرکت کی۔ دورے کے دوران مشترکہ تحقیق اور تعلیمی پروگرامز، طلبہ و فیکلٹی تبادلوں اور پاکستانی و ترک جامعات کے درمیان طویل المدتی شراکت داری کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پہلے ہی ترکیہ کی ممتاز جامعات ... مواقع، علمی تبادلے اور جدید مہارتوں کے حصول کے راستے کھولنا ہے، جو مستقبل میں نوجوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیت بڑھانے اور پوری دنیا میں ان کے لئے روزگار کے بہتر مواقع پیدا کرنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ ترک وفد نے بھی اپنے دورہ پاکستان کو مفید، بامقصد اور نتیجہ خیز قرار دیا ہے۔

وائس چانسلر رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی حسن محمد خان اور ترکیہ کی کونسل آف ہائر ایجوکیشن کے صدر پروفیسر ڈاکٹر ایرول اوزوار پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تعلیمی تعاون مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

مظلوم عوامی تحریک پاکستان بلوچستان کی صوبائی کابینہ کی تشکیل نو مکمل

ارباب ندیم کاسی صوبائی جنرل سیکرٹری، عجب خان مندوخیل سینئر نائب صدر منتخب

کوئٹہ (اے این این) مظلوم عوامی تحریک پاکستان بلوچستان کی صوبائی کابینہ کی تشکیل نو کا عمل مکمل کر لیا گیا۔ صوبائی کابینہ کی تشکیل کے سلسلے میں گزشتہ روز مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے مرکزی دفتر، ڈاکٹر بانو روڈ کوئٹہ میں تحریک کے سینئر رہنماؤں اور عہدیداران کا ایک اہم اجلاس سربراہ مظلوم عوامی تحریک پاکستان حاجی صادق خان اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں مرکزی صدر عباس خان درانی، صوبائی صدر اسلم خان اچکزئی، صادق توبہ وال، رؤف آزاد، اسلم زرکون، محمد عرفان خلجی، محمد دین خلجی، شیرو خلجی، خدائی نور کاکڑ سمیت درجنوں مرکزی و صوبائی رہنماؤں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی تنظیم کو مزید فعال، منظم اور مضبوط بنانے کے لیے تفصیلی مشاورت کی گئی۔ طویل مشاورت کے بعد 11 رکنی الیکشن کمیٹی تشکیل دی گئی، جس نے باہمی مشاورت اور تنظیمی اصولوں کے تحت صوبائی کابینہ کے ارکان کا انتخاب کیا۔ بعد ازاں سربراہ مظلوم عوامی تحریک پاکستان حاجی صادق خان اچکزئی نے نو منتخب صوبائی کابینہ کا باضابطہ اعلان کیا۔ نو منتخب صوبائی کابینہ صوبائی جنرل سیکرٹری: ارباب ندیم کاسی سینئر نائب صدر: عجب خان مندوخیل نائب صدر: ڈاکٹر صبور کاکڑ صوبائی سیکرٹری مالیات: رؤف آزاد صوبائی سیکرٹری اطلاعات و نشریات: آغا جان ہمدرد صوبائی سیکرٹری رابطہ و آفس: اسلم زرکون میڈیا سیل انچارج: وطن یار خلجی صوبائی سیکرٹری لیبر: آمین اللہ درانی جوائنٹ سیکرٹری: نجی درانی سیکرٹری اقلیتی امور: یعقوب برکت صوبائی ڈپٹی سیکرٹری: حاجی سیلاب خان صوبائی ڈپٹی سیکرٹری: حاجی لالئی اچکزئی صوبائی ڈپٹی سیکرٹری: اصغر بابا زئی صوبائی ڈپٹی سیکرٹری: ساجد بگٹی صوبائی ڈپٹی سیکرٹری: گل الرحمن خلجی صوبائی ڈپٹی سیکرٹری: رزاق سومرو صوبائی سیکرٹری امور خواتین: نجمہ یوسف بلوچ صوبائی ڈپٹی سیکرٹری منتخب

اساتذہ معاشرے کی تعمیر و ترقی کے حقیقی معمار، فکری و اخلاقی تربیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، لعل جان جعفر

اساتذہ کے پیشہ ورانہ وقار، حقوق، استعداد کار اور سازگار تدریسی ماحول کا تحفظ تعلیمی ترقی کیلئے ناگزیر ہے، سیکرٹری سیکنڈری اسکولز

... حیثیت کے فروغ اور اپنے مستقبل کی تشکیل کے 60 سال" اس حقیقت کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے کہ اساتذہ کے پیشہ ورانہ وقار، حقوق، استعداد کار اور سازگار تدریسی ماحول کو یقینی بنانا تعلیمی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ لعل جان جعفر نے کہا کہ بلوچستان جیسے وسیع و متنوع صوبے میں اساتذہ نہ صرف بچوں کو تعلیم فراہم کر رہے ہیں بلکہ دور دراز علاقوں میں علم کی شمع روشن کر کے معاشرتی تبدیلی کی بنیاد بھی مضبوط کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا تعلیم دوست وژن صوبے کے ہر بچے کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے اور تعلیمی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے پر مرکوز ہے، جس میں اساتذہ کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان تعلیمی شعبے میں اصلاحات، اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت، تعلیمی اداروں میں بہتر ماحول کی فراہمی اور تدریسی معیار میں بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے تاکہ طلبہ کو محض نصابی ...

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے خزاں، سمسٹر میں داخلوں کی آج آخری تاریخ ہے

اساتذہ کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ اور معاشرے کی فکری و اخلاقی بنیاد ہیں، زرک مندوخیل

بلوچستان کی ترقی کا خواب معیاری تعلیم اور تعلیمی اداروں کی مضبوطی کے بغیر پورا نہیں ہو سکتا، رکن اسمبلی

اساتذہ کے مسائل کا حل، حقوق کا تحفظ اور بہتر تدریسی ماحول کی فراہمی حکومت و معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، پیغام

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اساتذہ کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ اور معاشرے کی فکری و اخلاقی بنیاد ہوتے ہیں۔ استاد وہ عظیم ہستی ہے جو اپنے علم، تجربے اور رہنمائی سے طلبہ کی زندگیوں کو سنوارتا ہے اور انہیں ایک ذمہ دار شہری بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ قوموں کی تعمیر و ترقی میں اساتذہ کی خدمات بنیادی اہمیت کی حامل ہیں، جنہیں ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یوم اساتذہ منانے کا بنیادی مقصد اساتذہ کی علمی، تدریسی اور تربیتی خدمات کو تسلیم کرنا اور معاشرے میں ان کے احترام کو مزید فروغ دینا ہے۔ استاد صرف کتابوں کا علم منتقل نہیں کرتا بلکہ اپنے شاگردوں کو زندگی کے نشیب و فراز کا سامنا کرنے، درست فیصلے کرنے اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کا شعور بھی دیتا ہے۔ ایک باصلاحیت اور مخلص استاد اپنے شاگردوں کی صلاحیتوں کو پہچان کر انہیں کامیابی کی راہ دکھاتا ہے۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کا خواب معیاری تعلیم کے فروغ اور تعلیمی اداروں کو مضبوط بنانے کے بغیر پورا نہیں کیا جا سکتا۔ صوبے کے بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی، تعلیمی سہولیات میں بہتری اور دور دراز علاقوں میں تعلیمی مواقع بڑھانے کے لیے سنجیدہ اور مسلسل اقدامات کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں اساتذہ کو بنیادی اہمیت حاصل ہے، کیونکہ تعلیمی نظام کی کامیابی کا انحصار بڑی حد تک ان کی محنت، صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں پر ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کی عزت و تکریم صرف ایک دن تک محدود نہیں رہنی چاہیے بلکہ روزمرہ زندگی میں ان کے مقام کا اعتراف کیا جانا چاہیے۔

کنٹریکٹ اور SBK اساتذہ کے ساتھ ناانصافی ترک کی جائے، پشتونخوا ایس او

اساتذہ کی تنخواہوں سے ہیسک پے کی کٹوتی اور ایڈہاک ریلیف الاؤنس سے محرومی قابل افسوس ہے

چمن (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع چمن نے ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ کی تنخواہوں سے بیسک پے کی کٹوتی اور ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2026 سے محرومی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے اساتذہ کے ساتھ معاشی ناانصافی قرار دیا ہے۔ پشتونخوا ایس او ضلع چمن نے اپنے بیان میں کہا کہ ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ بنیادی طور پر ایک ہی مسئلے کا سامنا کر رہے ہیں۔ دونوں شعبوں سے وابستہ اساتذہ کم تنخواہوں پر دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں تعلیمی خدمات انجام دے رہے ہیں، مگر اس کے باوجود انہیں مکمل تنخواہ، جائز الاؤنسز اور ملازمت کا مستقل تحفظ فراہم نہیں کیا جا رہا۔ پشتونخوا ایس او ضلع چمن نے کہا کہ ایک طرف حکومت بلوچستان تعلیمی ایمرجنسی اور تعلیم کے فروغ کے دعوے کرتی ہے، جبکہ دوسری جانب تعلیمی اداروں میں خدمات انجام دینے والے ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ کو معاشی مشکلات سے دوچار کیا جا رہا ہے۔ تنخواہوں سے بیسک پے کی کٹوتی اور ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2026 سے محرومی کسی صورت قابل قبول نہیں۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع چمن نے حکومت بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا کہ ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ کی تنخواہوں سے کی گئی بیسک پے کی کٹوتی فوری طور پر واپس لی جائے۔

بلیدہ میں اونٹ کے حملے کا المناک واقعہ، ایک شخص جان بحق

بلیدہ (یو این اے) بلیدہ کے علاقے کوشک میں افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں اونٹ کے حملے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق مذکورہ شخص کو اونٹ نے اپنے پنجوں تلے دبا دیا، جس کے باعث وہ شدید زخمی ہو گیا۔ حادثے کے بعد زخمی شخص کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کرنے کی کوشش کی گئی، تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں افسوس کی لہر دوڑ گئی، جبکہ اہل علاقہ نے جاں بحق شخص کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

سابق سفیر نوابزادہ امین اللہ رئیسانی، جاپانی اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ، جہانگیر ساتکزئی و دیگر کا گروپ فوٹو

بی این پی کے صوبائی امیر مولانا ... آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری نو منتخب کابینہ سے حلف لے رہے ہیں

اوتھل، 1122 کے ملازمین تین ماہ سے تنخواہوں سے محروم

اوتھل (یو این اے) ایم ای آر سی 1122 بلوچستان کے ملازمین 3 ماہ سے تنخواہوں سے محروم، فیول بحران نے ہنگامی سروس کو متاثر ہونے کے خدشات پیدا کر دیئے تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں ایم ای آر سی 1122 کے ملازمین گزشتہ تین ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باوجود 24 گھنٹے اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں، جبکہ فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث ایمبولینسز کے لیے فیول کی قلت کی اطلاعات نے ہنگامی صورتحال میں بروقت رسپانس کے حوالے سے تشویش پیدا کر دی ہے۔ ایم ای آر سی 1122 کا عملہ دن رات، سردی گرمی اور مشکل حالات میں عوام کو ہنگامی طبی امداد اور ریسکیو سروس فراہم کرنے میں مصروف ہے، تاہم گزشتہ تین ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث ملازمین کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔

سائبر کرائم متاثرین کی دادرسی کیلئے فوری اقدامات کیے جا رہے ہیں، سید علی ناصر رضوی

ڈی جی این سی سی آئی اے کا پنجاب کے تمام سرکلز کا پانچ روزہ دورہ مکمل، 500 سے زائد سائلین کی شکایات سنیں

فیک نیوز اور ریاست مخالف پروپیگنڈے کے خلاف زیرو ٹالرنس، میرٹ و شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈی جی این سی سی آئی اے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) "ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی سید علی ناصر رضوی نے پنجاب کے تمام سرکلز کا پانچ روزہ تعارفی و جائزہ دورہ مکمل" دورہ پنجاب کے دوران پانچ سو سے زائد سائلین سے براہ راست ملاقات، شکایات کی سماعت، موقع پر دادرسی کے احکامات جاری، پنجاب بھر کے رپورٹنگ سینٹرز، تھانہ جات اور دفاتر کا تفصیلی معائنہ کیا اور انتظامی و تفتیشی امور کا جائزہ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی سید علی ناصر رضوی نے پنجاب کے تمام سرکلز کا پانچ روزہ تعارفی و جائزہ دورہ مکمل کیا۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر جنرل نے پنجاب بھر کے رپورٹنگ سینٹرز، تھانہ جات اور دفاتر کا تفصیلی معائنہ کیا اور انتظامی و تفتیشی امور کا جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے دورہ پنجاب کے دوران پانچ سو سے زائد سائلین سے براہ راست ملاقات کی، ان کی شکایات کی سماعت کی اور موقع پر دادرسی کے احکامات جاری کیے، جبکہ کارروائی کرتے ہوئے متاثرہ شہریوں کو مالی ریلیف دیتے ہوئے لاکھوں روپے کی رقم ریکور کرا کے واپس دلوا دی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی کا کہنا تھا کہ شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی اور سائبر کرائم کے خاتمے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، ریاست مخالف پروپیگنڈا اور فیک نیوز کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے اور این سی سی آئی اے میں میرٹ اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

پرنسپل ریاض لویس کا پشین سے حب تبادلہ واپس لیا جائے، انیل غوری

کالج آف نرسنگ پشین کی بہتری میں ریاض لویس کی خدمات قابل تحسین ہیں

تبادلے کے احکامات، ریکارڈ اور قانونی طریقہ کار کی جانچ کی جائے، رہنما نیشنل پارٹی

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے صوبائی سیکرٹری برائے انسانی حقوق و اقلیتی فورم پاکستان بلوچستان کے صوبائی صدر انیل غوری نے پرنسپل کالج آف نرسنگ پشین ریاض لویس کے پشین سے حب تبادلے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ تبادلے کے احکامات پر نظر ثانی کر کے انہیں پشین میں ہی خدمات جاری رکھنے کا موقع دیا جائے۔ ایک بیان میں انیل غوری نے کہا کہ ریاض لویس نے بلوچستان میں 37 سال 5 ماہ تک خدمات انجام دی ہیں اور گزشتہ ایک سال کے دوران کالج آف نرسنگ پشین میں ان کی تعیناتی کے بعد ادارے کی تعلیمی سرگرمیوں، داخلوں اور کلاسز کے انعقاد میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ ان کے مطابق ادارے کی بہتری میں پرنسپل کی انتظامی اور تعلیمی کاوشوں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے افسر کا، جس کی ملازمت کی مدت مکمل ہونے میں تقریباً ایک سال باقی ہو، پشین سے حب تبادلہ قابل غور معاملہ ہے۔ انیل غوری نے کہا کہ ریاض لویس کو صحت کے مسائل کا بھی سامنا رہا ہے، جبکہ ان کا تعلق کوئٹہ کی مسیحی برادری سے ہے، لہٰذا حکومت کو تبادلے کے انسانی اور انتظامی پہلوؤں کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ دستیاب معلومات کے مطابق ڈی سی حب کی شکایت نمبر 1493، مورخہ 27 اگست 2026، کے بعد سیکرٹری صحت کی جانب سے 31 اگست کو پرنسپل حب کے خلاف کارروائی کی گئی۔

باباکوٹ کے علاقے میں مسلح ڈاکوؤں اور عوام و پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ، ڈاکو گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) باباکوٹ کے علاقے میں مسلح ڈاکوؤں اور عوام و پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ایک ڈکیت پکڑ لیا جبکہ دو فرار ہو گئے پولیس کے مطابق باباکوٹ پولیس تھانے کی حدود میں عوام اور پولیس نے ڈکیتی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک ڈکیت کو پکڑ لیا جبکہ دو فرار ہو گئے پکڑے جانے والا ڈکیت قمرانی قوم سے بتایا جاتا ہے پولیس نے گرفتار ملزم سے تفتیش شروع کر دی۔

لانگ مارچ آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کی جدوجہد ہے، سید صادق آغا

حکومت سیاسی کارکنوں پر طاقت کے بجائے مذاکرات اور سیاسی دانشمندی کا راستہ اختیار کرے

پرامن احتجاج ہر شہری کا آئینی حق، کارکنوں کی گرفتاریوں اور غیر ضروری رکاوٹوں کا سلسلہ بند کیا جائے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے آغاز کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا لانگ مارچ کسی ذاتی مفاد یا اقتدار کے حصول کی جنگ نہیں بلکہ ملک میں آئین کی بالادستی، جمہوری اقدار کے تحفظ، عوام کے بنیادی حقوق اور حقیقی سیاسی نمائندگی کے لیے ایک آئینی و جمہوری جدوجہد ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ احتجاج کرنے والے شہریوں اور سیاسی کارکنوں کے ساتھ طاقت اور انتظامی رکاوٹوں کے بجائے سیاسی دانشمندی کا مظاہرہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت سیاسی، معاشی اور انتظامی بحرانوں کا شکار ہے، ایسے حالات میں سیاسی قوتوں کے درمیان فاصلے مزید بڑھانے کے بجائے مذاکرات اور قومی اتفاق رائے کی ضرورت ہے۔ حکومت اگر عوامی مسائل حل کرنے اور ملک میں سیاسی استحکام لانے میں سنجیدہ ہے تو اسے تحریک انصاف کی قیادت کے ساتھ بامقصد مذاکرات کا آغاز کرنا چاہیے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ پرامن احتجاج ہر شہری اور سیاسی جماعت کا آئینی حق ہے۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو: پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

پیر 5 اکتوبر 2026ء

ڈیڈلاک کیوں؟ سیاست سے بالاتر ہو کر ملک و قوم کی خدمت کی ضرورت!

حکومت اور اپوزیشن کے مابین مذاکرات کا دوسرا دور بھی بے نتیجہ ختم ہو گیا ہے اور میڈیا رپورٹس کے مطابق اتفاق رائے تقریباً ہو چکا تھا مگر عین وقت پر اپوزیشن پیچھے ہٹ گئی اور یوں ڈیڈلاک کا جنم ہوا حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا آغاز بلاشبہ ایک اہم پیش رفت تھی، مگر افسوس کہ طویل مذاکرات کے باوجود فریقین کسی حتمی اتفاق رائے تک نہیں پہنچ سکے اور ایک بار پھر ڈیڈلاک سامنے آ گیا ہے۔ یہ سوال اپنی جگہ نہایت اہم ہے کہ آخر ہر بار مذاکرات کسی نہ کسی مقام پر ڈیڈلاک کا شکار کیوں ہو جاتے ہیں؟ کیا سیاسی جماعتوں کے درمیان اعتماد کا فقدان اتنا گہرا ہو چکا ہے کہ قومی معاملات بھی جماعتی مفادات کی عینک سے دیکھے جانے لگے ہیں؟ کیا ہر فریق اپنے مطالبات کو حتمی اور دوسرے فریق کے موقف کو ناقابل قبول سمجھنے پر مجبور ہے؟ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ کیا ملک اس طرز کی مسلسل سیاسی کشمکش کا متحمل ہو سکتا ہے؟ ان سوالات کے جوابات تلاش کرنا اس لئے ضروری ہے کہ پاکستان کو اس وقت صرف سیاسی اختلاف کا سامنا نہیں بلکہ معیشت، امن و امان، دہشت گردی، بے روزگاری، مہنگائی، توانائی، تعلیم، صحت اور روزگار جیسے کئی بنیادی مسائل بیک وقت درپیش ہیں۔ ایسے حالات میں سیاسی استحکام قومی ضرورت بن جاتا ہے۔ حکومت ہو یا اپوزیشن، دونوں کو اپنی ذمہ داریوں کا فہم و ادراک کرنا چاہئے حالیہ مذاکرات کا ایک مثبت پہلو یہ ہے کہ شدید اختلافات کے باوجود حکومت اور اپوزیشن نے ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھنے کا راستہ اختیار کیا۔ مذاکرات قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت ہوئے اور حکومتی، اتحادی اور اپوزیشن نمائندوں نے براہ راست بات چیت کی۔ پہلے دور کے بعد دونوں جانب سے مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق بھی ہوا، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ تمام اختلافات کے باوجود سیاسی رابطے کی گنجائش موجود ہے۔ یہی گنجائش پاکستان کے لئے امید کی کرن ہے۔ سیاسی تاریخ گواہ ہے کہ جمہوری نظام میں اختلاف رائے کوئی غیر معمولی بات نہیں۔ حکومت اور اپوزیشن کا ایک صفحے پر ہونا ضروری نہیں، لیکن آئین، پارلیمان اور قومی مفادات پر اتفاق رائے کی ضرورت ضرور ہوتی ہے۔ اختلاف حکومت کا احتساب بھی کرتا ہے اور اپوزیشن کو متبادل پالیسی پیش کرنے کا موقع بھی دیتا ہے کوئی شک نہیں کہ اپوزیشن کا کردار کسی بھی جمہوری نظام میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ پارلیمان صرف حکومت کی قانون سازی کے لئے نہیں ہوتی بلکہ حکومت سے سوال کرنے، پالیسیوں پر تنقید کرنے، عوامی مسائل اجاگر کرنے اور بہتر متبادل پیش کرنے کا بھی فورم ہے۔ اگر اپوزیشن اپنی سیاسی قوت کو پارلیمانی کردار، قانون سازی، پالیسی مباحث اور عوامی مسائل کے حل کے لئے استعمال کرے تو اس سے جمہوریت مضبوط ہو گی۔ احتجاج اور سیاسی سرگرمی جمہوری حق ہیں، تاہم ان کا استعمال اس انداز میں ہونا چاہئے کہ معیشت اور عام شہری کی زندگی غیر ضروری طور پر متاثر نہ ہو۔ اسی طرح حکومت کی ذمہ داری بھی محض انتظامی اختیار استعمال کرنے تک محدود نہیں۔ کامیاب مکالمے کے لئے دونوں جانب سے تحمل، اعتماد سازی اور قابل عمل سمجھوتے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے بھی فریقین کو تحمل، بردباری اور رویوں میں لچک پیدا کرنے کا مشورہ اسی بنیادی جمہوری ضرورت کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ حالیہ ڈیڈلاک میں دہشت گردی اور خیبر پختونخوا کی سلامتی کی صورت حال بھی مرکزی موضوع رہی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے دعویٰ کیا ہے کہ صوبائی حکومت نے انسداد دہشت گردی کے حوالے سے بعض وعدوں سے آخری مرحلے میں پیچھے ہٹ گئی جن میں پولیس اور انسداد دہشت گردی کے لئے وسائل، دہشت گرد گروہوں کے خلاف واضح پالیسی، نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد اور وفاقی و صوبائی اداروں کے درمیان تعاون جیسے معاملات شامل تھے۔ دوسری جانب مذاکرات کے دوران اپوزیشن کی جانب سے سیاسی اور قانونی معاملات کو بھی اہم قرار دیا گیا۔ چونکہ ان معاملات پر دونوں جانب سے مختلف موقف سامنے آئے ہیں، اس لئے ان دعووں کا حتمی فیصلہ سیاسی بیانات سے نہیں بلکہ آئینی، قانونی اور ادارہ جاتی طریقہ کار سے ہونا چاہئے۔ البتہ ایک اصول پر کسی اختلاف کی گنجائش نہیں ہونی چاہئے کہ دہشت گردی کسی ایک جماعت، صوبے یا حکومت کا مسئلہ نہیں بلکہ پوری قوم کا مسئلہ ہے۔ خیبر پختونخوا ہو یا بلوچستان، دہشت گردی کے اثرات ملک کے ہر حصے تک پہنچتے ہیں۔ اس لئے انسداد دہشت گردی کی پالیسی کو سیاسی کشمکش کا حصہ بنانے کے بجائے قومی سلامتی کے مستقل اور متفقہ فریم ورک کے تحت آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ سیاسی جماعتوں کے درمیان اختلافات اپنی جگہ، لیکن شہریوں کے جان و مال کا تحفظ مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اسی تناظر میں یہ بات بھی قابل غور ہے کہ سیاسی کشیدگی کے معاشی اثرات فوری طور پر سامنے آتے ہیں۔ جب دارالحکومت کی جانب احتجاجی مارچ، راستوں کی بندش، کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ اور سیکیورٹی اقدامات کی خبریں مسلسل سامنے آئیں تو اس کا اثر صرف سیاست دانوں تک محدود نہیں رہتا۔ ٹرانسپورٹر، تاجر، مزدور، صنعت کار اور عام مسافر سب متاثر ہوتے ہیں۔ حالیہ احتجاجی صورتحال کے دوران کنٹینرز کے ذریعے راستے بند کرنے کے اقدامات سے مال برداری اور ٹرانسپورٹ کے شعبے پر بھی دباؤ کی رپورٹس سامنے آئی ہیں۔ جب سیاسی مسائل سیاسی جماعتوں کے درمیان پیدا ہوں تو ان کا پہلا حل بھی سیاسی اور آئینی ذرائع سے تلاش کیا جانا چاہئے۔ پارلیمان اسی مقصد کے لئے سب سے موزوں فورم ہے۔ حکومت کو اپنی پالیسیوں کا دفاع پارلیمان میں کرنا چاہئے، جبکہ اپوزیشن کو بھی اپنی تنقید اور مطالبات کو پارلیمانی کارروائی، قانون سازی اور مذاکرات کے ذریعے آگے بڑھانا چاہئے۔ اس وقت سب سے زیادہ ضرورت اعتماد سازی کی ہے۔ اعتماد ایک دن میں قائم نہیں ہوتا اس کے لئے عملی اقدامات ضروری ہیں۔ ایک دوسرے کے خلاف اشتعال انگیز بیانات سے گریز کرنا ہو گا، مذاکرات کے دوران طے پانے والی باتوں کو سیاسی جلسوں میں متنازع بنانے سے بچنا ہو گا اور جو معاملات عدالتوں یا قانون کے دائرے میں آتے ہیں انہیں اسی دائرے میں رہنے دینا ہو گا موجودہ صورتحال میں کسی بھی فریق کی سیاسی کامیابی یا ناکامی سے زیادہ اہم یہ ہے کہ ادارے مؤثر انداز میں کام کریں، معیشت کا پہیہ چلتا رہے، شہری محفوظ رہیں اور آئینی و جمہوری عمل آگے بڑھے۔ سیاسی اختلافات آج بھی رہیں گے اور کل بھی رہیں گے، مگر ریاستی استحکام کو مستقل سیاسی کشمکش کی نذر نہیں کیا جا سکتا۔ لہٰذا موجودہ ڈیڈلاک کو مذاکرات کے اختتام کے بجائے مذاکرات کے ایک مشکل مرحلے کے طور پر دیکھا جانا چاہئے۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ سیاسی رابطے کا دروازہ کھلا رکھے اور اپوزیشن کو بھی چاہئے کہ وہ پارلیمان میں مؤثر کردار ادا کرتے ہوئے اپنے مطالبات آئینی و جمہوری طریقے سے آگے بڑھائے۔ اختلاف رائے جمہوریت کی روح ہے، لیکن قومی مفاد اس اختلاف کو ذمہ دارانہ دائرے میں رکھنے کا تقاضا کرتا ہے۔

کور کمانڈرز کانفرنس کا 9 مئی جیسے تشدد کے خلاف سخت ردعمل

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی صدارت میں منعقدہ 277 ویں کور کمانڈرز کانفرنس نے ملکی اندرونی امن و استحکام کو قومی ترجیح قرار دیتے ہوئے خبردار کیا کہ کسی بھی قسم کا انتشار پیدا کرنے یا 9 مئی جیسی صورتحال دوبارہ بنانے کی کوشش سے قانون کی بے لاگ عملداری اور حتمی قوت کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔ اس اجلاس کے دوران مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شہداء اور عام شہریوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور اپنی جانیں قربان کرنے والوں کے لیے دعا کی گئی۔

مِیڈیا آئی

عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

پاکستان کو مزید قوانین کی ضرورت نہیں!

آئی ایم ایف کی جانب سے 174 قانونی ترامیم کے مطالبے نے پاکستان کے گہرے بحران کو بے نقاب کر دیا ہے۔ ملک میں پالیسیوں یا قوانین کی کمی نہیں، بلکہ اصل مسئلہ ان کی تشکیل، عمل درآمد اور مؤثر نفاذ کے لیے ریاستی صلاحیت کا فقدان ہے۔ آئی ایم ایف اس خلا سے بخوبی آگاہ ہے،

امکانات

فرخ علی

اپنے ہاتھوں پر اپنا ہی لہو

ایوانِ صدر میں ہونے والی ایک بڑی بیٹھک جس کی سربراہی صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کر رہے تھے کے نتیجے میں حکومتی اتحاد اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات شروع ہو چکے ہیں۔

جلسہ عام

مجیب الرحمان شامی

بلوچستان سے متعلق من گھڑت رپورٹ اور اصل حقائق

بی وائی سی نے جنوری 2026 سے جون 2026 تک من گھڑت اعداد و شمار پر مبنی ایک رپورٹ جاری کی ہے، جو سراسر خود ساختہ اور جھوٹ کا پلندہ ہے۔

افکار زاہدی

نسیم الحق زاہدی
naseemulhaq.nuhz@gmail.com

محنت میں عظمت ہے

تمام ماہرین معاشیات اس بات پر متفق ہیں کہ محنت، زمین، سرمایہ اور تنظیم (Entrepreneurship) پیداوار کے عوامل ہیں

اظہار خیال

آصف محمود

سہیل آفریدی کا کٹھن امتحان

اظہار خیال

وفاق نامہ

رشید صافی

سمندری معیشت کے امکانات روشن (آخری حصہ)

دنیا بھر میں آف ڈاک سہولتیں جدید بندرگاہی لاجسٹکس کا لازمی حصہ بن چکی ہیں، جو بندرگاہوں کو محدود ساحلی گنجائش کا زیادہ مؤثر استعمال کرنے اور ٹرمینلز، گوداموں اور اندرون ملک مقامات کے درمیان کارگو کی روانی برقرار رکھنے میں مدد دیتی ہیں۔

آب حیات

اللہ جانے یہ ملک کیسے چل رہا ہے

اظہار خیال

خالد مسعود خان

علم کا چراغ روشن رکھنے والے استاد "عبدالستار رند"

تحریر: شوکت علی شاہ

دنیا بھر میں ہر سال 5 اکتوبر کو اقوام متحدہ کے زیر اہتمام عالمی یوم اساتذہ منایا جاتا ہے۔ یہ دن محض کیلنڈر کی ایک تاریخ نہیں بلکہ ان عظیم ہستیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کا ایک باوقار موقع ہے جو علم، شعور اور تربیت کے ذریعے معاشروں کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کرتی ہیں۔ استاد وہ شخصیت ہے جو ایک نسل کو صرف کتاب پڑھنا نہیں سکھاتا بلکہ اسے زندگی کو سمجھنے، مشکلات کا سامنا کرنے اور اپنے معاشرے و ملک کے لیے مفید شہری بننے کا شعور بھی دیتا ہے۔ اسی مناسبت سے ان محسن اساتذہ کو یاد کرنا ضروری ہے جنہوں نے اپنی پوری زندگی تعلیم کے فروغ اور نسلوں کی تربیت کے لیے وقف کر دی۔ انہی قابل احترام شخصیات میں ایک نمایاں نام ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر عبدالستار رند کا بھی ہے، جن کی تعلیمی خدمات کسی ایک ادارے یا چند برسوں تک محدود نہیں بلکہ ایک پوری نسل کی تعمیر سے عبارت ہیں۔ عبدالستار رند نے اپنی پیشہ ورانہ زندگی ایسے علاقے میں گزاری جہاں ایک زمانے میں تعلیمی سہولیات اور شعور کی

کی اہمیت کا احساس دلاتا ہے۔ عبدالستار رند نے اسی سوچ کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ انہوں نے اپنے علاقے کے بچوں کے لیے اسکول کو علم، تربیت اور امید کا مرکز بنانے کی کوشش کی۔ ان کی محنت کا اصل ثمر شاید کسی ایک دن یا کسی ایک تقریب میں نظر نہ آیا ہو، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ان کے شاگردوں کی کامیابیوں نے اس محنت کو نمایاں کر دیا۔ کسی استاد کی سب سے بڑی کامیابی یہ نہیں کہ اس نے کتنے اسباق پڑھائے، بلکہ یہ ہے کہ اس کے پڑھائے ہوئے کتنے شاگرد معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کے قابل ہوئے۔ عبدالستار رند کے لیے یہ امر یقیناً باعث اطمینان ہوگا کہ ان کے زیر تربیت رہنے والے بچے آج زندگی کے مختلف شعبوں میں اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔ ان میں سے بہت سے افراد مختلف عہدوں پر فائز ہو کر قوم اور ملک کی خدمت میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ یہ کامیابیاں دراصل اس استاد کی محنت، رہنمائی اور

ترغیب دی۔ عبدالستار رند کی خدمات ہمیں یہ سبق بھی دیتی ہیں کہ کسی علاقے کی پسماندگی کو اس کی قسمت نہیں سمجھنا چاہیے۔ اگر ایک مخلص اور باصلاحیت استاد

عزم کے ساتھ کام کرے تو محدود وسائل میں بھی تبدیلی کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ تعلیم کا ایک چراغ کئی چراغ روشن کر سکتا ہے اور یہی چراغ آگے چل کر پورے معاشرے کو منور کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ استاد کو معاشرے کا معمار کہا جاتا ہے، کیونکہ وہ عمارتیں نہیں بلکہ انسان اور کردار تعمیر کرتا ہے۔ عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر عبدالستار رند کو خراج تحسین پیش کرنا دراصل ان تمام گمنام اور مخلص اساتذہ کو سلام پیش کرنے کے مترادف ہے جو اپنی زندگی کا قیمتی وقت نئی نسل کی تعلیم و تربیت کے لیے وقف کر دیتے ہیں۔ ایسے اساتذہ شہرت کے طلبگار نہیں ہوتے، ان کی اصل خوشی اپنے شاگردوں کو کامیاب دیکھنے میں ہوتی ہے۔ جب ان کا کوئی شاگرد کسی ذمہ دار منصب تک پہنچتا ہے، اپنے خاندان کی کفالت کرتا ہے، معاشرے کی خدمت کرتا ہے یا ملک کی ترقی میں حصہ ڈالتا ہے تو استاد کی برسوں کی محنت ایک خوبصورت حقیقت بن کر سامنے آتی ہے۔ آج عبدالستار رند ریٹائر ہو چکے ہیں، مگر ان کی ...

... استاد صرف شاگرد نہیں بناتا، وہ مستقبل بناتا ہے۔ استاد خود چراغ کی مانند ہوتا ہے: وہ جلتا ہے تو کئی نسلوں کے راستے روشن ہو جاتے ہیں۔ عبدالستار رند نے بھی اپنی زندگی اسی چراغ کو روشن رکھنے میں گزاری، اور ان کے شاگرد آج اس روشنی کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ یہی ایک استاد کی سب سے بڑی کامیابی اور سب سے خوبصورت میراث ہے۔

سید اکبر شاہ کا علی آباد، بیدار اندرون کی شمولیت پر نظر ثانی مطالبہ

خان کوٹ میں شمولیت سے عوامی مشکلات بڑھنے کا خدشہ ہے

دونوں یونین کونسلوں کو غفور آباد تحصیل میں برقرار رکھنے کا مطالبہ کر دیا

نصیر آباد (نامہ نگار) سابق سینیٹر و معروف سیاسی و قبائلی شخصیت سید اکبر شاہ نے تحصیل غفور آباد کی یونین کونسل علی آباد اور یونین کونسل بیدار اندرون کو نئی تحصیل خان کوٹ میں شامل کرنے کے حکومتی فیصلے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان فوری طور پر اس فیصلے پر نظر ثانی کرے بصورت دیگر علاقے کے عوام میں پائی جانے والی تشویش میں مزید اضافہ ہوگا۔ اپنے ایک بیان میں سید اکبر شاہ نے کہا کہ یونین کونسل علی آباد اور یونین کونسل بیدار اندرون عرصہ دراز سے تحصیل غفور آباد کے انتظامی ڈھانچے کا حصہ ہیں اور ان علاقوں کے عوام کے انتظامی، سماجی اور دیگر معاملات کا تعلق بھی تحصیل غفور آباد سے ہے اس لیے ان یونین کونسلوں کو نئی تحصیل خان کوٹ میں شامل کرنے کا فیصلہ مقامی آبادی کے لیے قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی علاقے کی انتظامی تقسیم یا حدود میں تبدیلی کا فیصلہ کرتے وقت مقامی آبادی، عوامی ضروریات اور زمینی حقائق کو مد نظر رکھنا ضروری ہے تاکہ عوام کو سرکاری امور کی انجام دہی میں آسانی میسر آ سکے۔ سید اکبر شاہ نے کہا کہ مذکورہ یونین کونسلوں کو خان کوٹ تحصیل میں شامل کرنے سے عوام کو انتظامی امور، سرکاری دفاتر تک رسائی اور دیگر معاملات میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جس کے باعث حکومت کو چاہیے کہ وہ مقامی عمائدین اور عوامی نمائندوں سے مشاورت کے بعد اس معاملے کا ازسر نو جائزہ لے۔ انہوں نے واضح کیا کہ علاقے کے عوام حکومت کے اس فیصلے کو ہرگز تسلیم نہیں کریں گے اور اس حوالے سے اپنے تحفظات ہر متعلقہ فورم پر پیش کیے جائیں گے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ یونین کونسل علی آباد اور یونین کونسل بیدار اندرون کو تحصیل غفور آباد میں ہی برقرار رکھنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔

خضدار: بارانزئی قبیلے نے جنگ میرٹھ کی لاج رکھتے ہوئے خون معاف کر دیا

سردار شکر خان جنگ کی سربراہی میں جرگہ بلوچی میرٹھ لے کر بارانزئی قبیلے پہنچا

سردار ارشاد بارانزئی کی سربراہی میں عمائدین نے تنازعہ ختم کرنے کا اعلان کر دیا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں جنگ اور بارانزئی قبائل کے درمیان پیدا ہونے والا تنازعہ ... کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے نوجوان کا خون معاف کرنے کا اعلان کر دیا، جس کے بعد دونوں ...

... سرداروں کا جرگہ، قبائل کے درمیان خونی تنازعہ حل

تعلیم کا بدلتا منظر نامہ اور مستقبل کی دستک

تحریر: عزیز الرحمن

کسی بھی علمی کانفرنس کی اصل کامیابی اس بات سے نہیں ناپی جاتی کہ اس میں کتنے لوگ شریک ہوئے، کتنے مقالے پڑھے گئے یا کتنے سیشن منعقد ہوئے بلکہ اس سوال سے ناپی جاتی ہے کہ کانفرنس کے اختتام پر ہمارے پاس سوچنے کے لیے کیا نیا آیا اور مستقبل کے لیے ہمارے ہاتھ میں عمل کا کون سا راستہ آیا۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں "ریسرچ اینڈ ریفلیکشن ان ایجوکیشن" کے موضوع پر منعقد ہونے والی نویں بین الاقوامی کانفرنس اسی اعتبار سے ایک اہم علمی سرگرمی تھی۔ "بدلتے عالمی تقاضوں سے ہم آہنگ جدید تعلیمی نظام کی تشکیل" کے مرکزی موضوع پر منعقد ہونے والی اس کانفرنس نے واضح کیا کہ تعلیم اب صرف کتاب، کلاس روم اور امتحان تک محدود نہیں رہی۔ مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، نئی مہارتیں، جامع تعلیم، جدید نظام جانچ اور بین الشعبہ جاتی تحقیق نے تعلیم کے پورے تصور کو بدل دیا ہے۔ دو روزہ کانفرنس میں مجموعی طور پر 198 تحقیقی مقالے پیش کیے گئے جن میں مصنوعی ذہانت اور تدریس کے مستقبل، تعلیمی نفسیات، بلینڈڈ لرننگ، ڈیجیٹل تبدیلی، مستقبل کی مہارتوں، STEM، موسمیاتی تبدیلی اور تعلیمی پالیسی سمیت متعدد اہم موضوعات زیر بحث آئے۔ ...

رخسانہ درانی، ڈاکٹر رحمت اللہ بھٹی، ڈاکٹر محمد ایوب بزدار، ڈاکٹر سید ناصر حسین، ڈاکٹر محمد ظفر اقبال میر اور ڈاکٹر محمد اجمل نے کانفرنس کے دوران غیر معمولی جذبے، مستعدی اور پیشہ ورانہ وابستگی کا مظاہرہ کیا۔ یہ تمام شخصیات صبح سے شام تک تقریباً ہر سیشن میں موجود رہیں اور علمی و انتظامی امور کی مسلسل نگرانی کرتی رہیں۔ مقررین اور شرکا کی رہنمائی، سیشنز کے نظم و ضبط، بروقت تکمیل اور ہر چھوٹی بڑی ضرورت پر فوری توجہ ان کی ذمہ دارانہ کارکردگی کا نمایاں پہلو تھا۔ بلاشبہ ان کی مسلسل موجودگی، باہمی تعاون اور انتھک محنت نے کانفرنس کے شاندار انتظامات اور کامیاب انعقاد کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ڈاکٹر ناصر محمود کی قیادت میں یہ ٹیم ایک مربوط قوت کے طور پر سامنے آئی جس نے وژن کو عملی کامیابی میں تبدیل کر کے دکھایا۔ کانفرنس میں تعلیمی جانچ و تشخیص کے بدلتے تقاضوں پر بھی سنجیدہ گفتگو ہوئی۔ اگر تدریس کے طریقے بدل رہے ہیں تو اسسمنٹ کا نظام بھی تبدیل ہونا چاہیے۔ مستقبل کا تعلیمی نظام ایسا ہونا چاہیے جو طلبہ کی محض یادداشت نہیں بلکہ ان کی تخلیقی صلاحیت، تنقیدی سوچ، مسئلہ حل کرنے کی اہلیت اور عملی استعداد کو بھی جانچ سکے۔ اسی طرح ڈیجیٹل تعلیم کے حوالے سے یہ اہم سوال بھی سامنے آیا کہ کیا ہر طالب علم کو یکساں ڈیجیٹل سہولیات، انٹرنیٹ، تربیت اور مواقع حاصل ہیں؟ اگر نہیں تو ٹیکنالوجی تعلیمی فرق ختم کرنے کے بجائے اسے مزید بڑھا سکتی ہے۔ اس لیے مصنوعی ذہانت کے ذمہ دارانہ استعمال، اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت، ڈیجیٹل خواندگی، مضبوط ICT انفراسٹرکچر اور ڈیجیٹل عدم مساوات کے خاتمے پر توجہ ناگزیر ...

... تعلیمی رجحانات کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرتا فیکلٹی آف ایجوکیشن کے علمی کردار کو نمایاں کرتا ہے۔ اس کامیاب کانفرنس کے پس منظر میں فیکلٹی آف ایجوکیشن کی ایک متحرک، باصلاحیت اور ذمہ دار ٹیم کی مسلسل محنت نمایاں رہی۔ پروفیسر ڈاکٹر نوید سلطانہ، ڈاکٹر حنا نور، پروفیسر ڈاکٹر تنویر افضل، پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال، ڈاکٹر طوبیٰ سلیم، ڈاکٹر افشاں ہما، ڈاکٹر ... کے ذریعے عملی حل تلاش کیے جائیں۔ یہی راستہ تعلیم کو قومی ترقی کی حقیقی قوت بنا سکتا ہے۔ اس کانفرنس کا واضح پیغام ہے کہ ہم اپنی تعلیم کی بنیاد رکھیں جو ہر بچے کو یکساں مواقع، ہر استاد کو مؤثر وسائل، ہر ادارے کو تحقیق و جدت کی قوت اور ہر نوجوان کو اپنے مستقبل کی تعمیر کا اعتماد دے۔ اب وقت ہے کہ علم کو پالیسی، تحقیق کو عمل اور جدت کو قومی ترقی میں تبدیل کیا جائے۔

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆۔ادارتی، ٹائپنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جانے کی صورت دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسے کسی دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

تلاش گمشدہ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5160216230716، ABL کا اے ٹی ایم کارڈ اور محکمہ صحت کا سروس کارڈ بنام سحرش خان زوجہ شفیق احمد لیاقت بازار میں گم ہو گئے ہیں ملنے پر 03130086145 پر مطلع کریں۔

باہو شاف ....

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420330146327 بنام مفتی محمد نسیم ولد حاجی رفیع اللہ کہیں گم ہو گیا ملنے پر 03007067610 پر مطلع کریں۔

چالان ADVT ....

گمشدگی کاغذات

میرا شناختی کارڈ نمبر 54401-9999272-3، ڈرائیونگ لائسنس نمبر 0220086096 بنام عبدالسلام شاہ ولد جہانگیر خان کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر قریبی لیٹر بکس میں ڈال دیں۔

سٹاف شوکت شاہ ....

چھتر: مسلم لیگ کا اجلاس تنظیمی مشاورت اجلاس منعقد

چھتر (این این آئی) پاکستان مرکزی مسلم لیگ نصیر آباد ڈویژن کے زیر اہتمام صحبت پور میں اہم تنظیمی مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ... داران اور کارکنان کے درمیان رابطہ کاری بہتر بنانے اور مختلف علاقوں میں تنظیمی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے حوالے سے تجاویز پر غور کیا گیا۔

شرف الدین جمالی کو عمرے کی سعادت پر مبارکباد پیش

گنداخہ (آن لائن) معروف قبائلی رہنما میر شرف الدین خان جمالی کو عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر گنداخہ پریس کلب کے صدر سلیم کوہانگ، جنرل سیکرٹری نور حسن جمالی، نیاز خان جمالی، ایس آئی محمد محرم آمرانی اور مختیار علی ذاوچ نے ہار پہنا کر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر انہوں نے میر شرف الدین خان جمالی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ ان کا عمرہ قبول فرمائے اور انہیں صحت و سلامتی عطا کرے۔ میر شرف الدین خان جمالی نے مبارکباد دینے پر تمام دوستوں کا شکریہ ادا کیا۔

نصیر آباد: جے یو آئی کا قومی شاہراہ پر بدامنی کیخلاف اقدام مطالبہ

اجلاس میں ڈکیتی، لوٹ مار کے بڑھتے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار

پولیس گشت، مؤثر ناکہ بندی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی پر زور

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام تحصیل ڈیرہ مراد جمالی کے امیر حاجی رحمت اللہ ہنگلزئی کی زیر صدارت جمعیت علماء اسلام تحصیل ڈیرہ مراد جمالی کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تحصیلی عہدیداران اور مجلس عاملہ کے ارکان نے شرکت کی۔ اجلاس میں علاقے کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، عوام کو درپیش مشکلات، قومی شاہراہ پر آئے روز ہونے والی ڈکیتی، لوٹ مار اور دیگر جرائم کے بڑھتے ہوئے واقعات سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس کے شرکاء نے قومی شاہراہ پر امن و امان کی ابتر صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قومی شاہراہ پر مسافروں، ٹرانسپورٹرز اور شہریوں کو ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ آئے روز ڈکیتی اور لوٹ مار کے واقعات سے عوام میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے جبکہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونے کے باعث صورتحال مزید سنگین ہوتی جا رہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ قومی شاہراہ سمیت شہر اور گرد و نواح میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے پولیس گشت میں اضافہ، مؤثر ناکہ بندی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ شہریوں اور مسافروں کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس میں ڈیرہ مراد جمالی کے دیگر بنیادی و شہری مسائل، عوامی مشکلات، شہری سہولیات اور انتظامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور متعلقہ حکام سے عوامی مسائل کے فوری حل کا مطالبہ کیا گیا۔

مرحوم منصور خان جمالی کی وفات پر خوانی کا سلسلہ جاری

گنداخہ (آن لائن) مرحوم منصور خان جمالی کی وفات پر تعزیت و فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے گاؤں فقیر محمد جمالی میں معروف قبائلی رہنما فقیر محمد خان جمالی سے درگاہ فتح پور شریف کے معزز شخصیت سید حفیظ اللہ شاہ، بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی نائب صدر میر فاروق خان جمالی، میٹروپولیٹن کارپوریشن استاد محمد میر مظفر خان جمالی، ڈسٹرکٹ کونسل استاد محمد کے وائس چیئرمین میر حاجی غلام مصطفیٰ خان رند، قبائلی شخصیت میر صابر خان چندرانی، میر اسلام خان جمالی، میر نیاز خان چندرانی، رکن قومی اسمبلی میر خان محمد خان جمالی کے بھتیجے میر حبیب خان جمالی، درگاہ سید عبدالستار شاہ بخاری کے سجادہ نشین سید راجن شاہ بخاری، درگاہ فیصل فقیر کے معزز شخصیت صوفی فیض محمد فقیر، میر محمد ایوب خان جمالی، ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی، ایس ایچ او گنداخہ نواب علی جمالی سمیت بڑی تعداد میں علاقائی معززین نے تعزیت و فاتحہ خوانی کی۔

بیلہ: گورنمنٹ بوائز اسکول میں گولڈن ویک، طلبہ نے بھرپور کھیل کھیلے

سلام ٹیچر ڈے تقریب میں طلبہ نے اساتذہ کی عظمت کو خراج تحسین پیش کیا

مختلف کھیلوں میں بچوں نے حصہ لیا، فاتح ٹیموں اور نمایاں کھلاڑیوں کو انعامات ملے

بیلہ (یو این اے) گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول آمری وانگ بیلہ میں سالانہ اسپورٹ گولڈن ویک کا انعقاد، بچوں نے مختلف کھیلوں میں حصہ لیا۔ ریس، راسنگ ریس، لیمن ریس، پنچر ریس، بال کو ڈبے میں پھینکنا، ہونٹوں کی مدد سے پنسل کو بکس میں ڈالنا، کرکٹ اور فٹبال کے میچ کھیلے گئے۔ مہمان خصوصی ڈی او بیلہ سید حسن شاہ قریشی تھے جبکہ اے ڈی او عبداللطیف رونجھو، اسلم عدیل رونجھو، والدین کمیٹی کے چیئرمین عبدالمجید اور ارکین علاقہ معززین نے شرکت کی۔ کرکٹ میں ہدایت اللہ زور کی ٹیم فاتح قرار پائی اور فٹبال میں ریاض کی ٹیم جیت گئی۔ ریس میں حمزہ شریف نے پہلی پوزیشن، راسنگ ریس میں بے نظیر نے، لیمن ریس میں تنویر زوڈ نے، پنچر ریس میں شفیع بی بی نے، بال کو ڈبے میں پھینکنا عمران کی ٹیم نے اور پنسل کو بکس میں ڈالنا قوم شوکت نے پوزیشن حاصل کی۔ جبکہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے احکامات پر اسکول میں سلام ٹیچر ڈے کی مناسبت سے تقریب بھی منعقد کی گئی۔ اس سلسلے میں بھی تقریب منعقد کی گئی، پاسمین بی بی نے نظامت کی ذمہ داری کو نبھاتے ہوئے تقریب کا آغاز شعر کے ان الفاظ سے کیا۔ رہبر بھی یہی ہیں مسیحا بھی یہی ہیں۔ استاد ہیں جو قوم کا سرمایہ بھی یہی ہیں۔ ماہ نور بی بی نے تلاوت، عالیہ نے حمد اور شمع نے نعت رسول پیش کی۔ ریاض بلوچ، ساگر کمار اور غلام مصطفیٰ نے استاد کی عظمت کے بارے میں اشعار پیش کیے جبکہ شاہدہ، شہباز اور ہدایت اللہ نے استاد کی عظمت کو سلام کے عنوان پر تقاریر پیش کیں۔ ہیڈ ٹیچر نے شعر کے ان الفاظ سے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

اساتذہ کو ایک دن نہیں، حقوق اور عزت دینی ہوگی، جونیئر ٹیچرز

تقریبات اور پھولوں کے بجائے اساتذہ کو تحفظ، سہولیات اور جائز حقوق دیے جائیں

پانچی پور (نامہ نگار) جونیئر ٹیچرز ایسوسی ایشن پانچی پور کے قائدین نے کہا ہے کہ حکومت نے 5 اکتوبر کو اساتذہ کا عالمی دن منانے کا اعلان تو کر دیا مگر سوال یہ ہے کہ کیا صرف ایک دن اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرنا ہی کافی ہے جب یہی استاد اپنے جائز حقوق، عزت نفس اور بنیادی مطالبات کے لیے سڑکوں پر نکلتے ہیں تو انہیں سننے اور ان کے مسائل حل کرنے کے بجائے سڑکوں پر گھسیٹا جاتا ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں استاد کو وہ مقام اور عزت نہیں دی جاتی جس کا وہ حقیقی طور پر مستحق ہے۔ جو استاد قوم کے بچوں کو تعلیم دے کر مستقبل سنوارتا ہے، اگر اسی استاد کو اپنے حقوق کے لیے احتجاج پر مجبور کیا جائے

لورالائی: ریونیو کورٹ میں شہریوں کے اراضی مسائل کی سماعت

لورالائی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت ریونیو کورٹ کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں کی جانب سے پیش کیے گئے اراضی اور دیگر ریونیو سے متعلق مسائل کی سماعت کی گئی۔ ریونیو کورٹ کا مقصد شہریوں کو ان کے ریونیو معاملات کے حل کے لیے بروقت ریلیف اور مؤثر فورم فراہم کرنا ہے ریونیو کورٹ کے دوران شہریوں کی جانب سے اراضی ریکارڈ، انتقالات، حد بندی، وراثتی معاملات، ملکیتی حقوق، فرد کے اجراء اور دیگر ریونیو امور سے متعلق درخواستیں اور شکایات پیش کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ ریکارڈ اور دستیاب دستاویزات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ ریونیو افسران اور اہلکاروں سے مختلف معاملات پر وضاحتیں طلب کیں اور قانون و قواعد کے مطابق کارروائی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں ڈپٹی کمشنر محمد حبیب شجاع نے متعلقہ ریونیو حکام کو ہدایت کی کہ شہریوں کے مسائل کو غیر ضروری تاخیر کا شکار نہ ہونے دیا جائے اور تمام درخواستوں پر میرٹ، شفافیت اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو سرکاری دفاتر کے غیر ضروری چکروں سے بچانے اور ان کے جائز مسائل کے فوری حل کے لیے ریونیو معاملات میں مؤثر نگرانی ضروری ہے انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی شہری کے ساتھ امتیازی سلوک روا نہیں رکھا جائے گا

لورالائی: ڈی سی کا یونیورسٹی میں جدید آئی ٹی ہب کی تعمیر کا جائزہ

لورالائی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے بریگیڈیئر نقصان نزیر کے ہمراہ یونیورسٹی آف لورالائی میں بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے تحت زیر تعمیر جدید آئی ٹی ہب کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری تعمیراتی کام کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر میجر کامران، ایکسین بلڈنگز محمد نعیم، وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی کے پی ایس او خالد خان اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران محکمہ بلڈنگز اینڈ روڈز (B&R) کے انجینئر نے منصوبے کے مختلف پہلوؤں، تعمیراتی پیش رفت اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی بریفنگ میں بتایا گیا کہ یونیورسٹی آف لورالائی میں BSDI کے تحت جدید سہولیات سے آراستہ آئی ٹی ہب تعمیر کیا جا رہا ہے، جہاں طلبہ و طالبات کو انفارمیشن ٹیکنالوجی سے متعلق جدید سہولیات اور سیکھنے کے مواقع میسر آ سکیں گے۔ منصوبے کی تکمیل سے یونیورسٹی کے طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل لرننگ اور آئی ٹی کے شعبے میں اپنی صلاحیتیں بہتر بنانے میں مدد ملے گی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے کہا کہ BSDI کے تحت جاری ترقیاتی منصوبے علاقے کی تعمیر و ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے نہایت اہم ہیں۔

خضدار: بی این پی عوامی کا نئے ایکسین پبلک ہیلتھ سے امیدیں وابستہ

ثاقب فیض بلوچ کی تعیناتی خوش آئند قرار، پانی کے مسائل حل ہونے کی امید

پارٹی رہنماؤں کا نئے ایکسین کو تعاون کی یقین دہانی، صاف پانی کی فراہمی پر زور

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی خضدار کے ضلعی آرگنائزر منیر احمد زہری، ڈپٹی آرگنائزر شمس الدین میروانی، تحصیل آرگنائزر حافظ محمد صادق زہری، ڈپٹی آرگنائزر سید ایاز الدین شاہ اور دیگر ضلعی و تحصیل آرگنائزنگ کمیٹی ممبران نے اپنے مشترکہ جاری کردہ بیان میں محکمہ پبلک ہیلتھ خضدار میں نئے تعینات ہونے والے ایکسین انجینئر ثاقب فیض بلوچ کو دلی مبارکباد پیش کی ہے انہوں نے کہا کہ ثاقب فیض بلوچ ایک بہترین فرض شناس اور قابل آفیسر ہیں ان کی خضدار میں تعیناتی خوش آئند ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں پوری امید ہے کہ ان کی تعیناتی سے خضدار شہر اور گرد و نواح میں پانی کے دیرینہ مسائل بہترین انداز میں حل ہوں گے انہوں نے کہا کہ خضدار کے عوام عرصہ دراز سے آب نوشی کے سنگین مسائل سے دوچار ہیں نئے ایکسین سے عوام کو بہت سی امیدیں وابستہ ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ ثاقب فیض بلوچ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے عوام کو صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے آخر میں بی این پی عوامی خضدار کے رہنماؤں نے نئے ایکسین کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ان کے ساتھ ہر ممکن تعاون کے لیے تیار ہیں۔

تمبو: جماعت اسلامی نے مہنگائی کیخلاف دستخطی مہم شروع کر دی، عوام متحرک

بشیر احمد ماندائی کی سربراہی میں شہریوں سے عوامی مطالبات پر دستخط لیے گئے

پٹرول، بجلی، آٹا اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی کا مطالبہ کیا

تمبو (اے این این) صوبائی نائب امیر و ضلعی امیر جماعت اسلامی نصیر آباد بشیر احمد ماندائی کی سربراہی میں مہنگائی، بھتہ خوری، پٹرول و بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور عوامی مشکلات کے خلاف دستخطی مہم کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ضلعی نائب امیر نصیر آباد پروفیسر محمد ابراہیم ابڑو، سابق ضلعی امیر نصیر آباد خاوند بخش مینگل سمیت جماعت اسلامی کے دیگر رہنما اور کارکنان بھی موجود تھے۔ دستخطی مہم کے دوران شہریوں سے دستخط لیے گئے اور عوامی مطالبات کو اجاگر کیا گیا۔ جماعت اسلامی کی جانب سے مطالبہ کیا گیا کہ پٹرول سے لیوی ختم اور جائز ٹیکس ختم کر کے پٹرول کی قیمت کم کی جائے۔ آئی پی پیز کے ظالمانہ معاہدے ختم کر کے بجلی سستی کی جائے، آٹا اور چینی مافیا کو لگام دی جائے اور روٹی 10 روپے کی کی جائے۔ مزید مطالبات میں گندم، آلو اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں عوام کو ریلیف دینے، مفت پٹرول، بجلی اور ماہانہ مراعات کا سلسلہ بند کرنے جبکہ سرکاری گاڑیوں کو 1300 سی سی تک محدود کرنے کا مطالبہ بھی شامل ہے۔ جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عام آدمی کی کمر توڑ دی ہے، جبکہ پٹرول، بجلی، آٹا اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے سے غریب طبقہ شدید مشکلات کا شکار ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ عوام کو ریلیف دینے کے لیے فوری اور عملی اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ دستخطی مہم کا مقصد عوامی مسائل اور مطالبات کو حکام بالا تک پہنچانا ہے۔ جماعت اسلامی عوام کے بنیادی حقوق اور معاشی ریلیف کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی

کوہلو: ایجوکیشن دفتر کی خستہ عمارت خطرے کی گھنٹی

1990 سے قائم عمارت میں 35 اہلکار روزانہ فرائض انجام دے رہے ہیں

آفس سپرنٹنڈنٹ نے خستہ عمارت کے فوری معائنے اور مرمت کا مطالبہ کیا

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ ایجوکیشن کا ضلعی دفتر خستہ حالی کا شکار ہو گیا، عمارت کی موجودہ صورتحال کے باعث کسی بھی وقت ناخوشگوار واقعہ پیش آنے کا خدشہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کا ضلعی دفتر گزشتہ کئی برسوں سے پرانی اور خستہ حال عمارت میں قائم ہے۔ عمارت کی حالت دن بدن خراب ہوتی جا رہی ہے، جس کے باعث دفتر میں فرائض انجام دینے والے ملازمین اور آنے والے شہریوں کو مشکلات اور ممکنہ خطرات کا سامنا ہے۔ آفس سپرنٹنڈنٹ نور اللہ مری نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مذکورہ عمارت 1990 سے دفتری امور کے لیے استعمال ہو رہی ہے جس کے تین کمرے ہیں جبکہ 35 اہلکار دفتری امور سنبھال رہے ہیں اور طویل عرصہ گزرنے کے باوجود عمارت کی مناسب مرمت یا ازسر نو تعمیر کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ خستہ حال عمارت میں ملازمین کا روزانہ فرائض انجام دینا تشویش کا باعث ہے، کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے قبل عمارت کا فوری معائنہ کروا کر ضروری مرمت یا نئی عمارت کی تعمیر کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ عوامی و تعلیمی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی ایجوکیشن آفس کی عمارت کی صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملازمین اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

دکی: ڈپٹی کمشنر کا BSDI سڑک منصوبے کا معائنہ

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے تحت فنسال گراؤنڈ تا ماسٹر روڈ پر جاری ترقیاتی کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے منصوبے پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں، کام کی رفتار، پیش رفت اور تعمیراتی معیار کا جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام اور تعمیراتی عملے کو منصوبے کے مختلف مراحل کے حوالے سے بریفنگ لی اور ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبے میں معیاری تعمیراتی مواد کے استعمال، تکنیکی اصولوں کی پابندی اور تعمیراتی معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں ہوگا، جبکہ غیر معیاری تعمیراتی مواد کے استعمال یا کام میں غفلت کی صورت میں ذمہ داروں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ژوب: کھلی کچہری، عوام کا بنیادی سہولیات کی فراہمی کا مطالبہ

ژوب (خ ن) ضلعی انتظامیہ اور ایف سی کی اشتراک سے شیخ الو تحصیل کا کز خراسان میں عوامی مسائل کے حل کے لیے ایک کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر کلیم اللہ نے کی کھلی کچہری میں ایف سی بلوچستان ایس ایچ او تھانہ شیخ الو محمد یاسین تفتیشی آفیسر ولی خان محکمہ لائیو اسٹاک کے نمائندے، قبائلی معتبرین علماء کرام اور علاقہ مکینوں نے شرکت کی کھلی کچہری میں عوام نے اپنے مسائل مہذب اور مدلل انداز میں پیش کیے علاقہ مکینوں نے بتایا کہ بجلی لوڈشیڈنگ اور پینے کے صاف پانی کی شدید قلت نے عوام کا جینا دوبھر کر رکھا ہے شعبہ صحت تباہ حالی کا شکار ہے بنیادی مرکز صحت ڈسپنسری گزشتہ 15 سالوں سے غیر فعال اور ویران پڑی ہے تعلیمی نظام زبوں حالی کا شکار ہے گورنمنٹ مڈل اسکول شیخ الو عرصہ دراز سے بند پڑا ہے جس سے بچوں کا مستقبل تاریک ہو رہا ہے

رخنی: کھلی کچہری، انتظامیہ کا شہری مسائل کے حل کی ہدایات

بارکھان / رکنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی اور کیپٹن رضا کی زیر نگرانی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران، علاقہ معتبرین، عمائدین اور شہریوں نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کا مقصد شہریوں کو درپیش مسائل اور شکایات کو براہ راست سننا اور ان کے حل کے لیے موقع پر ہی متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کرنا تھا۔ اس موقع پر شہریوں اور علاقہ معتبرین نے بجلی، صحت، تعلیم، سڑکوں، صفائی، سرکاری امور اور دیگر عوامی نوعیت کے مسائل سے متعلق اپنی شکایات اور تجاویز پیش کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی اور کیپٹن رضا نے شہریوں کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو غور سے سنا اور متعلقہ افسران سے مسائل کے حل کے حوالے سے تفصیلی معلومات حاصل کیں۔

منہاج القرآن کا فرید آباد میں اسلامی مرکز قائم کرنے کا اعلان

صحبت پور (ان لائن) تحریک منہاج القرآن ضلع صحبت پور کے صدر اللہ ودایا انجم کاکڑ نے جھنڈا تالاب میں ضلعی ذمہ دار ارباب خان بھنگر، کلیم اللہ بھنگر، نصیب اللہ بھنگر، خیر محمد بھنگر اور ذاکر حسین کھوسہ سے ملاقات کی تنظیمی امور پر گفتگو ہوئی اور ضلعی کابینہ کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا اس موقع پر ارباب خان بھنگر نے دوستوں کے اعزاز میں چائے پارٹی بھی دی اس موقع پر انکا کہنا تھا کہ تحریک منہاج القرآن واحد جماعت ہے جس کے قائد کی دین اسلام کے لیے لازوال قربانیاں ہیں ڈاکٹر طاہر القادری پوری دنیا میں دین کی سربلندی کی خاطر مصروف عمل ہیں اس موقع پر انکا کہنا تھا کہ بہت جلد تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام فرید آباد کے علاقے چتن پٹی کے مقام پر منہاج اسلامک سینٹر باقاعدہ کام کا آغاز کرنے جا رہا ہے جسکی تمام ضروری کارروائی پر کام ہو رہا ہے

بعدالت تحصیلدار / صدر / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول کوئٹہ

اشتہار ہذا بابت کول مائنز ایم ایس میر چاکر خان کوئٹہ East کوئٹہ

ہرگاہ کہ ایم ایس میر چاکر خان مائنز نثار کنسٹرکشن سروس نزد جناح ٹاؤن کوئٹہ پارٹنرشپ ملک شہریار اعوان رقبہ 999.6561 واقع کوئٹہ East اسپین کاریز میں الاٹ کرانا چاہتا ہے لہٰذا اس بابت اگر کسی شخص / کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر / اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر زیر دستخطی کو پیش کریں بصورت دیگر معیاد پورے ہونے پر کسی قسم کا عذر / اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 1/10/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

63827

Ministry of Inter Provincial Coordination
PAKISTAN SPORTS BOARD
NOTICE INVITING TENDER (NIT)

Pakistan Sports Board Islamabad invites applications through EPADS from the reputed Contracting Firms for invitation of bids, registered with Pakistan Engineering Council (P.E.C) in the relevant categories mentioned below valid up to 30th June, 2027, for the following Project:

Project Name	NIT Amount (Rs. Million)	Earnest Money (Rs. Million)	Last date for Submission of bids	Date & Time for opening of bids	Bidding Method
REVAMPING AND REFURBISHMENT OF DIFFERENT FACILITIES AT PAKISTAN SPORTS COMPLEX, ISLAMABAD: (SH-I: SUPPLY, INSTALLATION, TESTING AND COMMISSIONING OF ELECTRICAL WORKS, LIGHTS (INTERNAL & EXTERNAL) ALONG WITH ALLIED WORKS AT JINNAH STADIUM) (SH-II: SUPPLY, INSTALLATION, TESTING AND COMMISSIONING OF SECURITY SURVEILLANCE SYSTEM)	Rs.1,530.000	Rs.50.000	20.10.2026 11:00 am	20.10.2026 11:30 am	Single Stage Two Envelope

1. The bidding procedure will be **Single Stage-Two Envelope.** Under this procedure, one envelope containing Technical information of Bid shall be clearly marked "Technical Bid" and the second envelope containing the Bid Price shall be clearly marked as "Price Bid".
2. The Bidder has to quote percentage above or below for the Schedule Items and item rates for the Non-Schedule Items.
3. The Bidding documents can be downloaded & uploaded from **http://eprocure.gov.pk** and tender notice is also available on PSB's website **www.sports.gov.pk** as well as PPRA website. The applications should be submitted through EPADS along-with complete information including technical and financial proposals in accordance with the instructions to bidders. Manual submission of bids shall not be entertained.
4. Following are the Mandatory Conditions:

Sr. No.	Terms and Conditions
1.	The firm should meet the evaluation criteria as mentioned in the bidding documents.
2.	The details / proof of valid National NTN, Sales Tax registration and firm on ATL
3.	Affidavit on non-judicial stamp paper duly attested to the effect that the firm has not been blacklisted by any government / autonomous body.
4.	The bid security / earnest money shall be in the form of bank draft / pay order / CDR issued from the bank account of firm in the favour of Pakistan Sports Board, Islamabad.
5.	One copy of only technical proposal (not financial proposal) in hard form as uploaded on EPADS shall be submitted. In case of difference, the documents / information as envisaged in the proposals uploaded on EPADS shall prevail.
6.	The scan copy of the bid security shall be uploaded with the Technical Proposal and original must be submitted to the undersigned before closing date and time otherwise the bid will be considered non-responsive.
7.	The date of Pre-Bid meeting is **08.10.2026** at **1030 hours.**
8.	Envelopes of **"Price Bid"** of Bidders who fail to qualify shall be returned to them unopened.
9.	The competent authority reserves the right to accept or reject any or all bids under Rule-33 of the PPRA Rules 2004.
10.	Bidders are advised to visit the site for a better understanding of the field conditions.

EXECUTIVE ENGINEER
Pakistan Sports Board,
Near Aabpara, Srinagar Highway, Islamabad, Ph: 051-9249027

PID (I) 3124/26

بلوچستان میں یوتھ کرکٹ لیگ کے میچز جاری، 10 تعلیمی اداروں کی ٹیمیں شریک

فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کے زیر اہتمام بلوچستان یوتھ کرکٹ لیگ میں 24 میچز کھیلے جائیں گے، خواتین کا خصوصی میچ بھی مقابلوں کا حصہ ہوگا

میچز یکم اکتوبر سے شروع ہیں، فائنل 18 اکتوبر کو کھیلا جائے گا اہم ایونٹ کی بدولت بلوچستان کے کھلاڑیوں کو صحت مندانہ مسابقت کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کے زیر اہتمام بلوچستان میں یوتھ کرکٹ لیگ کے میچز جاری ہیں لیگ یکم سے 18 اکتوبر 2026 تک کوئٹہ کے چاقی اسٹیڈیمز میں جاری رہے گی۔ ٹورنامنٹ میں صوبے کے مختلف تعلیمی اداروں کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، جس کا مقصد نوجوانوں کو کھیلوں کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ یوتھ کرکٹ اظہار کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ ٹورنامنٹ میں شریک ٹیموں کو دو گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ گروپ ون میں NUML یونیورسٹی، یونیورسٹی آف بلوچستان، NUML بلوچستان کیمپس، اقرا پبلک اسکول اینڈ کالج اور الفنری اسکول شامل ہیں، جبکہ گروپ ٹو میں BUITEMS یونیورسٹی، بلوچستان ایگریکلچر یونیورسٹی، بولان میڈیکل کالج، الحمد یونیورسٹی اور کمانڈ اینڈ اسٹاف فروغ حاصل ہوگا۔ کھیل نوجوان نسل کی جسمانی صحت اور ذہنی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اسی تناظر میں یوتھ کرکٹ لیگ کے انعقاد کا مقصد نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا، کھیلوں کے فروغ کے لیے مواقع پیدا کرنا اور تعلیمی اداروں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو مزید فعال بنانا ہے۔ ٹورنامنٹ کے مقابلے یکم اکتوبر سے شروع ہو کر 18 اکتوبر تک

لیگ میں مجموعی طور پر 10 تعلیمی اداروں کی ٹیمیں شریک ہیں، جبکہ ٹورنامنٹ کے دوران مجموعی طور پر 24 میچز کھیلے جائیں گے۔ مقابلوں میں خواتین کا ایک خصوصی میچ بھی شامل کیا گیا ہے، جس کے ذریعے طالبات کو بھی کھیلوں کی سرگرمیوں میں شرکت اور اپنی صلاحیتوں کے کالج کی ٹیمیں شامل ہیں۔ یوتھ کرکٹ لیگ کے دوران مختلف تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے نوجوان کھلاڑی ایک دوسرے کے مدمقابل ہوں گے، جس سے نہ صرف ان کی کھیلوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع ملے گا بلکہ طلبہ کے درمیان باہمی رابطے، ٹیم ورک اور صحت مند مسابقت کو بھی جاری رہیں گے، جبکہ ایونٹ کا فائنل 18 اکتوبر 2026 کو کھیلا جائے گا۔ منتظمین نے امید ظاہر کی ہے کہ یوتھ کرکٹ لیگ نوجوان کھلاڑیوں کے لیے ایک مثبت اور یادگار تجربہ ثابت ہوگی اور اس کے ذریعے بلوچستان میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو مزید فروغ ملے گا۔

ٹاؤن سکول لورالائی نے پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ میچ میں کامیابی حاصل کرلی

مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کے فروغ میں کھیلوں کا اہم کردار ہے، اے ڈی سی لورالائی

کوئٹہ (آن لائن) لورالائی میں پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) ٹیلنٹ ہنٹ لورالائی ریجن کے سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول لورالائی کے کرکٹ گراؤنڈ میں ہارڈ بال کرکٹ کا اہم میچ کھیلا گیا، جس میں اے پی ایف اسکول اور گورنمنٹ ٹاؤن ہائی اسکول کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد گورنمنٹ ٹاؤن ہائی اسکول کی ٹیم نے کامیابی حاصل کرلی۔ میچ کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لورالائی علی نواز جمالی تھے۔ اس موقع پر انہیں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے متعارف کرایا گیا۔ انہوں نے نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کھیلوں کی سرگرمیوں کو نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لیے اہم قرار دیا۔ بعد ازاں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل علی نواز جمالی نے فاتح ٹیم گورنمنٹ ٹاؤن ہائی اسکول کے کپتان کو ٹرافی پیش کی اور کھلاڑیوں کو مبارکباد دی۔

ویسٹ انڈیز نے تیسرے ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں بھارت کو شکست دیدی

ویسٹ انڈیز نے بھارت کے خلاف اپنی تاریخ کا سب سے بڑا ہدف بہ آسانی حاصل کیا

چندی گڑھ (این این آئی) ویسٹ انڈیز نے تیسرے ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں بھارت کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 5 وکٹوں سے شکست دے کر 352 رنز کا بڑا ہدف کامیابی سے حاصل کر لیا۔ چندی گڑھ میں کھیلے گئے میچ میں شائی ہوپ نے شاندار اور ذمہ دارانہ بیٹنگ کرتے ہوئے ناقابل شکست 162 رنز اسکور کیے اور ٹیم کی جیت میں مرکزی کردار ادا کیا۔ یہ ون ڈے کرکٹ میں ویسٹ انڈیز کی اب تک کی کامیاب ترین چیس بھی ہے۔ ویسٹ انڈیز 2023 کے بعد بھارت کیخلاف کوئی میچ جیتنے میں کامیاب ہوا ہے۔ میچ میں بھارت نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 351 رنز کا بڑا اسکور بنایا۔ کے ایل راہول نے بہترین فارم کا مظاہرہ کرتے ہوئے 129 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ کپتان روہت شرما نے 92 اور رتوراج گائیکواڑ نے 57 رنز بنائے۔ بھارتی بیٹنگ لائن نے مضبوط بنیاد فراہم کی خاص طور پر آخری اوورز میں تیز رفتار رنز نے ٹیم کو بڑا ٹوٹل دینے میں مدد دی۔ ہدف کے تعاقب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم نے پراعتماد آغاز کیا اور شائی ہوپ نے پوری اننگز میں کریز پر ڈٹے رہ کر ٹیم کو سنبھالے رکھا۔ انہیں دیگر بیٹرز کی بھی اچھی سپورٹ حاصل رہی جس کے باعث رن ریٹ قابو میں رہا اور ٹیم نے دباؤ میں آئے بغیر ہدف حاصل کر لیا۔ بھارتی باؤلنگ لائن اہم کھلاڑیوں کی عدم موجودگی میں خاطر خواہ کارکردگی نہ دکھا سکی اور بڑے اسکور کا دفاع کرنے میں ناکام رہی۔ فیلڈنگ میں بھی چند مواقع ضائع کیے گئے جو شکست کی ایک بڑی وجہ بنے۔

کوئٹہ میں لوکل امپائرز و اسکوررز تعلیمی کورس کی رجسٹریشن کی مدت میں توسیع کا فیصلہ

صوبے کی تاریخ میں پہلی بار خواتین آفیشلز کو بھی کورس میں شامل کرنے کا فیصلہ، سینئر امپائرز شرکا کو قوانین اور جدید طریقہ کار کی تربیت دیں گے

دو روزہ کورس کا مقصد تمام اضلاع میں تربیت یافتہ آفیشلز کی دستیابی، مقابلوں کے انتظامی معیار میں بہتری اور نوجوانوں کو نئے مواقع فراہم کرنا ہے

کوئٹہ (امیار پورٹر) کوئٹہ ریجن اور کوئٹہ ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن کے امپائرز اینڈ اسکوررز پینل کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق لوکل امپائرز اور اسکوررز تعلیمی کورس 2026 کے لیے رجسٹریشن کی مدت میں توسیع کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ کوئٹہ ریجن کے مختلف ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشنز کے صدور کی درخواست اور مقامی سطح پر امپائرنگ و اسکورنگ کے شعبے میں بڑھتی ہوئی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے، تاکہ زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو اس تعلیمی اور تربیتی پروگرام میں شرکت کا موقع فراہم کیا جا سکے۔ پینل کے مطابق اس کورس میں پہلی مرتبہ خواتین آفیشلز کو بھی شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد خواتین کو کرکٹ کے شعبے میں پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنا اور امپائرنگ و اسکورنگ کے میدان میں ان کے لیے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ کورس کے انعقاد کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ سے وابستہ بلوچستان کے سینئر امپائرز پر مشتمل ایک خصوصی تربیتی پینل تشکیل دیا جائے گا، جو شرکا کو کرکٹ کے قوانین، امپائرنگ کے جدید طریقہ کار، اسکورنگ کے اصولوں اور عملی تربیت سے متعلق رہنمائی فراہم کرے گا۔ امپائرز اینڈ اسکوررز پینل کے مطابق کوئٹہ ریجن کے بیشتر اضلاع سے تعلق رکھنے والے ممبران اپنی رجسٹریشن مکمل کر چکے ہیں، جو مقامی سطح پر کرکٹ آفیشلز کی تربیت کے حوالے سے ایک مثبت پیش رفت ہے۔ اس اہم نکتے کو پریس ریلیز میں شامل کرنے کے لیے ایک مؤثر اور باضابطہ عبارت درج ذیل ہے: 2025 کے کورس کی کامیابی اور اس کے عملی نتائج کو نمایاں کرتی ہے 2025 کے تربیتی کورس کے مثبت نتائج، تمام اضلاع میں مقامی آفیشلز کی خدمات قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کوئٹہ ریجن اور کوئٹہ ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن کے امپائرز اینڈ اسکوررز پینل نے 2025 میں کامیابی کے ساتھ امپائرنگ اور اسکورنگ کا تعلیمی و تربیتی کورس منعقد کیا تھا، جس کے مثبت اور حوصلہ افزا نتائج اب تمام اضلاع میں واضح طور پر سامنے آ رہے ہیں۔

جاپان جیمز گیمز کے کھلاڑی ذاکر خان کا کوئٹہ پہنچنے پر استقبال کرنے والے سردار امین اللہ علازئی خوشنو کک باکسنگ کلب کے استاد عاصم مینگل و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاکستان میں ایف سی پورٹو کے اشتراک سے ڈریگن فورس فٹبال اکیڈمی قائم

پاکستانی فٹبالرز کو عالمی معیار کی تربیت اور بین الاقوامی تجربے کے مواقع ملیں گے

اسلام آباد (آن لائن) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان میں کھیلوں کے شعبے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں پرتگال کے معروف فٹبال کلب ایف سی پورٹو اور سیالکوٹ فٹبال اکیڈمی کے اشتراک سے ڈریگن فورس فٹبال اکیڈمی قائم کردی گئی ہے۔ ایف سی پورٹو پرتگال کا معروف فٹبال کلب ہے اور یورپ کے نمایاں کلبوں میں شمار ہوتا ہے۔ ڈریگن فورس فٹبال اکیڈمی کا قیام پاکستان ریجنل اکنامک فورم اور ایس آئی ایف سی کی جانب سے سہولت کاری کا نتیجہ قرار دیا گیا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد پاکستان کے نوجوان فٹبال کھلاڑیوں کو جدید اور عالمی معیار کی تربیت فراہم کرنا ہے، تاکہ انہیں بین الاقوامی فٹبال کے تقاضوں سے روشناس کرانے کے ساتھ کھیل کے میدان میں آگے بڑھنے کے نئے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ اکیڈمی کے ذریعے پاکستانی نوجوان فٹبالرز کو جدید تربیتی طریقہ کار، بین الاقوامی تجربات اور عالمی فٹبال سے جڑنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ متعلقہ حلقوں کے مطابق ایف سی پورٹو جیسے معروف یورپی کلب کے ساتھ اشتراک پاکستانی نوجوانوں میں فٹبال کے فروغ اور مقامی سطح پر کھیل کے معیار کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔

یوئیفا نیشنز لیگ، سپین نے جمہوریہ چیک کو تین، ایک سے شکست دیدی

سپین نے نیشنز لیگ کے اس اہم میچ کے لئے ٹیم میں 9 اہم تبدیلیاں کی تھیں

میڈرڈ (این این آئی) عالمی چیمپئن سپین نے یوئیفا نیشنز لیگ میں اپنی شاندار کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے اویڈو میں کھیلے گئے میچ میں جمہوریہ چیک کو 1-3 گول سے شکست دے دی۔ غیر ملکی ... جیری سلاما نے گول کر کے سکور 1-2 کیا، تاہم 85 ویں منٹ میں لادیسلاو کریجچی کے ریڈ کارڈ کے باعث میدان سے باہر جانے کے بعد جمہوریہ چیک ٹیم 10 کھلاڑیوں تک محدود ہوگئی۔ میچ کے ...

خشتان سپورٹس و کلچر فیسٹیول: بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کا ٹائٹل عبدالرزاق اور صفی اللہ کے نام

رائیز پروگرام کے تحت بیڈمنٹن کی فائنل تقریب کے مہمان خاص اے ڈی او محمد حسین بلوچ تھے جنہوں نے فاتح کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے

کھیلوں کی سرگرمیاں نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور مثبت و صحت مند معاشرتی ماحول کو فروغ دینے میں انتہائی اہم کردار ادا کرتی ہیں، مقررین

خاران (رپورٹ: محمد عیسیٰ محمد حسنی) گورنمنٹ آف بلوچستان کے رائیز پروگرام کے تحت جاری خشتان سپورٹس و کلچر فیسٹیول کے سلسلے میں منعقدہ بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کا شاندار اور سنسنی خیز فائنل کھیلا گیا، جس میں عبدالرزاق اور صفی اللہ نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے سخت اور بھرپور مقابلے کے بعد کامیابی حاصل کر کے فائنل اپنے نام کر لیا۔ فائنل مقابلے کے دوران دونوں جانب سے کھلاڑیوں نے عمدہ کھیل پیش کیا اور شائقین کو ایک دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلہ دیکھنے کو ملا۔ میچ کے دوران کھلاڑیوں نے اپنی فنی کھیل کی مہارت اور بہترین تکنیک کا مظاہرہ کیا، جس سے مقابلے میں دلچسپی مزید بڑھ گئی۔ شائقین نے بھی کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔ فائنل میچ کی اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی اسسٹنٹ ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن محمد حسین بلوچ تھے، جنہوں نے فاتح اور رنر اپ کھلاڑیوں میں کیش پرائزز اور ٹرافیاں تقسیم کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے نوجوانوں کے لیے کھیلوں کی سرگرمیوں کی اہمیت کو اجاگر کیا اور کہا کہ کھیل نوجوانوں کی جسمانی و ذہنی نشوونما کے ساتھ ساتھ انہیں مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد سے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آتے ہیں۔ انہوں نے رائیز پروگرام کے تحت سپورٹس فیسٹیول کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کھیلوں کے فروغ کے لیے ایسی سرگرمیوں کے تسلسل کی ضرورت پر زور دیا۔ ٹورنامنٹ کے آرگنائزر سمیع اللہ قاری نے رائیز پروگرام کے ضلعی نمائندگان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ٹورنامنٹ کے انعقاد کا مقصد خاران کے نوجوانوں کو کھیلوں کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کرنا اور انہیں صحت مند و مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا ہے۔ اختتامی تقریب میں ریجنل ...

پاک چائنہ یوتھ فرینڈشپ گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے جائزہ اجلاس

گیارہ دسمبر سے شروع ہونے والے گیمز کی تیاریاں جاری ہیں، مہرین ساجد

اسلام آباد (این این آئی) پاک چائنہ یوتھ فرینڈشپ ... ڈی جی محمد شاہد اسلام نے اجلاس کے شرکا کو ... یہ مقابلے 13 دسمبر تک جاری رہیں گے۔ ... اجلاس میں پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈپٹی ...

کائنات امتیاز کا بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

کائنات نے 19 ون ڈے اور 21 ٹی ٹوئنٹی میچز میں پاکستان کی نمائندگی کی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی فاسٹ بولر کائنات امتیاز نے بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے مطابق کائنات امتیاز نے 19 ون ڈے اور 21 ٹی ٹوئنٹی میچز میں پاکستان کی نمائندگی کی ہے۔ کائنات امتیاز 2010 اور 2014 میں ایشین گولڈ میڈل جیتنے والی پاکستان ٹیم کا حصہ تھیں، انہوں نے آخری ون ڈے آسٹریلیا کے خلاف جنوری 2023 میں کھیلا۔ کائنات امتیاز نے آخری ٹی ٹوئنٹی تھائی لینڈ کے خلاف اکتوبر 2022 میں کھیلا تھا، وہ کمنٹری کے شعبے سے بھی وابستہ ہو گئی تھیں۔ کائنات امتیاز اب ویمن میچ ریفری کے بھی فرائض انجام دے رہی ہیں، انہوں نے حال ہی میں ویمن میچ ریفری کے طور پر کیریئر کا آغاز کیا ہے۔ کائنات امتیاز کی والدہ امپائرنگ کے شعبے سے وابستہ ہیں، سلیمہ امتیاز آئی سی سی انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ پینل میں شامل ہونے والی پاکستان کی پہلی ویمن امپائر ہیں۔ سلیمہ امتیاز اب تک 9 ویمن ون ڈے انٹرنیشنل اور 69 ویمن ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز میں امپائرنگ کر چکی ہیں۔

لیونل میسی اپنا الوداعی میچ 6 اکتوبر کو کھیلیں گے

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹائن کے نامور فٹبالر لیونل میسی کو 6 اکتوبر (منگل کو) چین کے خلاف ہونے والے دوستانہ میچ کے لئے قومی سکواڈ میں شامل کر لیا گیا ہے، جو گزشتہ ماہ بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائرمنٹ کے اعلان کے بعد ان کا الوداعی میچ ہوگا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 39 سالہ لیونل میسی گزشتہ ماہ ارجنٹائن کی قومی ٹیم سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا۔ 2 دہائیوں پر محیط بین الاقوامی کیریئر میں انہوں نے 2022 کا ورلڈ کپ جبکہ 2021 اور 2024 میں کوپا امریکا کے ٹائٹل جیتے۔ ارجنٹائن فٹ بال ایسوسی ایشن کے صدر کلاڈیو تاپیا نے بتایا کہ دنیا کے بہترین کھلاڑی اور کپتان لیونل میسی کو 6 اکتوبر کو ارجنٹائن میں شاندار الوداعی خراج تحسین پیش کرنے کے لیے مدعو کیا گیا ہے۔ یہ میچ بیونس آئرس کے ریور پلیٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا

انگلش پریمیئر لیگ، مانچسٹر سٹی کی ٹیم سب سے زیادہ 15 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست

لندن (این این آئی) مانچسٹر سٹی کی فٹ بال ٹیم نے اپنی شاندار کارکردگی کی بدولت انگلش پریمیئر لیگ کے پوائنٹس ٹیبل پر ٹاپ پوزیشن پر پہنچ گئی ہے جبکہ دفاعی چیمپئن آرسنل کی ٹیم ایک درجہ تنزلی کے بعد دوسرے نمبر پر چلی گئی ہے۔ ای ایس پی این کے مطابق اب تک کھیلے گئے میچز کے بعد مانچسٹر سٹی کی ٹیم کے سب سے زیادہ 15 پوائنٹس ہیں اور اس نے دفاعی چیمپئن آرسنل سے پہلی پوزیشن چھین لی ہے۔ آرسنل کی ٹیم ایک درجہ تنزلی کے بعد پہلے سے دوسرے نمبر پر چلی گئی ہے۔ برائٹن اینڈ ہوو البیون 10 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔

ایشین گیمز 2026 رنگا رنگ تقریب کیساتھ اختتام پذیر، چین بازی لے گیا

پاکستان نے 2 سلور اور 8 برانز میڈل جیت کر مجموعی طور پر 29 ویں پوزیشن حاصل کی

ناگویا (این این آئی) جاپان کے شہر ناگویا ایشین گیمز 2026 رنگا رنگ تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئے۔ چین نے 169 گولڈ سمیت 341 میڈلز کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ میزبان جاپان 63 گولڈ، 95 سلور اور 91 برانز میڈل کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا۔ ایشین گیمز 2026 میں جنوبی کوریا 39 گولڈ، 43 سلور اور 68 برانز میڈلز کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ گیمز میں پاکستان نے 2 سلور اور 8 برانز میڈل جیتے۔ پاکستان نے 10 میڈلز کے ساتھ 29 ویں پوزیشن حاصل کی۔

ایشین گیمز، پاکستانی سکواش ٹیم کا اسلام آباد ایئرپورٹ پر شاندار استقبال

اسلام آباد (این این آئی) ایشین گیمز ایچی ناگویا 2026 میں سلور اور دو کانسی کے تمغے جیتنے والی پاکستان کی سکواش ٹیم کی وطن واپسی پر اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر شاندار استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر سکواش کے شائقین، کھلاڑیوں کے اہل خانہ، مداحوں اور کھیلوں سے وابستہ حکام کی بڑی تعداد نے قومی ہیروز کا استقبال کیا اور براعظمی کھیلوں میں ان کی عمدہ کارکردگی پر خوشی کا اظہار کیا۔ وطن واپس پہنچنے والے کھلاڑیوں کا تالیوں، نعروں اور قومی جذبات کے اظہار کے ساتھ استقبال کیا گیا، جبکہ مداحوں نے ٹیم کی کامیابی پر فخر کا اظہار کیا۔ پاکستان سکواش فیڈریشن نے قومی ٹیم کے استقبال کے لیے ایئرپورٹ پہنچنے والے شائقین، اہل خانہ، حکام اور اسکواش سے محبت کرنے والوں کا شکریہ ادا کیا۔

نصیرآباد: بوستان خان چانڈیو کی ترقیاتی منصوبوں پر مؤثر نگرانی جاری

ایکسین مواصلات و تعمیرات منصوبوں کے معیار، رفتار اور شفافیت پر خصوصی توجہ

ذاتی نگرانی سے انجینئرز، ٹھیکیداروں اور فیلڈ اسٹاف کو مقررہ معیار یقینی بنانے کی ہدایت

نصیرآباد (نامہ نگار) ایگزیکٹو انجینئر محکمہ مواصلات و تعمیرات نصیرآباد بوستان خان چانڈیو ایک تجربہ کار اور قابل افسر کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے رہے ہیں۔ ... ضلع نصیرآباد ماسٹر پلان سمیت سڑکوں اور دیگر جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں شفافیت، معیار اور پائیداری کو خصوصی اہمیت دے رہے ہیں ...

لورالائی: مینٹر بازار میں انتظامیہ کی کارروائی، مضر صحت اشیاء ضبط

لورالائی (آن لائن) اسسٹنٹ کمشنر اسرار احمد مندوخیل نے مینٹر بازار کا دورہ کرتے ہوئے مختلف میڈیکل اسٹورز، پرچون دکانوں اور دیگر کاروباری یونٹس کا معائنہ کیا۔ اس دوران ایکسپائر اشیائے خورد و نوش، پان پراگ اور گٹکا قبضے میں لے کر موقع پر تلف کر دیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اسرار احمد مندوخیل نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کی خدمت اور ان کے بنیادی حقوق و حفظان صحت کے تحفظ کے لیے ذمہ داریاں انجام دے رہی ہے ...

اوستا محمد: جے یو آئی کا بدامنی، لوڈشیڈنگ پر احتجاج اعلان

اجلاس میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کیا گیا

رہنماؤں نے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ختم کر کے بلاتعطل بجلی فراہمی کا مطالبہ کیا

اوستا محمد (اے این این) جمعیت علماء اسلام تحصیل اوستا محمد کی مجلس عمومی کا اجلاس تحصیل امیر مولانا ... کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ضلعی امیر صوفی خاوند بخش ... نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں شہر کی امن و امان کی صورتحال، بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا کہ بجلی کی مسلسل بندش سے شہریوں، تاجروں، زمینداروں اور طلبہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اوستا محمد میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ فوری طور پر ختم کر کے عوام کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے ...

درگاہ فیصل فقیر پر ماہانہ ایکسویں کی روحانی تقریب منعقد ہوئی

گنداخہ (آن لائن) درگاہ فیصل فقیر پر ماہانہ ایکسویں کی تقریب عقیدت و احترام سے منعقد ہوئی ... گنداخہ میر امداد خان جمالی ... نوابزادہ ... گنداخہ پریس کلب کے صدر سلیم کو پانگ جنرل سیکرٹری نور حسن جمالی ...

میر علی حسن زہری کی تعلیمی ترجیحات، حب میں نئی پیش رفت

جنگی گوٹھ میں جدید ڈیجیٹل لائبریری کا تعمیراتی کام تیزی سے جاری

لائبریری سے طلبہ کو آن لائن تعلیمی مواد اور جدید علمی وسائل میسر آئیں گے

حب (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری اور سینٹر صوبائی نائب صدر پی پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری کی کاوشوں سے ضلع حب میں تعلیمی سہولیات کی بہتری اور نوجوان نسل کو جدید تعلیمی مواقع کی فراہمی کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے ... آج کے نوجوان کا بنیادی حق تھے۔ ایسے میں علم کے شعبے کو ترجیح دینا اور نوجوانوں کے لیے جدید تعلیمی سہولیات پیدا کرنا ایک اہم ضرورت بن چکا تھا۔ میر علی حسن زہری کی جانب سے تعلیم کے شعبے پر خصوصی توجہ اسی ضرورت کا جواب دکھائی دیتی ہے ...

عبدالخالق اچکزئی نے بریگیڈیئر ضرار کی امن کاوشوں کو سراہا

چمن اور قلعہ عبداللہ میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی، سابق مشیر

صحت، تعلیم، صاف پانی سمیت بنیادی سہولیات کے منصوبوں پر کام جاری ہے

چمن (یو این اے) بلوچستان کی معروف قبائلی شخصیت اور سابق مشیر اعلیٰ بلوچستان ملک عبدالخالق اچکزئی نے کہا ہے کہ جب چمن اسکاؤٹس کی کمانڈ بریگیڈیئر ضرار نے سنبھالی تو انہوں نے علاقے میں امن و امان کے قیام اور عوام کے تحفظ پر خصوصی توجہ دی، جس کے مثبت اثرات پاک افغان سرحد سے ملحقہ علاقوں میں نمایاں ہوئے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بریگیڈیئر ضرار کی کاوشوں سے ضلع چمن اور ضلع قلعہ عبداللہ میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں، جبکہ عوام میں تحفظ اور اعتماد کا احساس بھی پیدا ہوا ہے۔ ان کے مطابق پاک افغان سرحد ایک اہم علاقہ ہے جہاں امن و امان کا قیام مقامی آبادی سمیت پورے خطے کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔ ملک عبدالخالق اچکزئی نے کہا کہ چمن اسکاؤٹس کی جانب سے سرحدی علاقوں میں سیکیورٹی فرائض کی انجام دہی، نگرانی اور عوام سے رابطے کے اقدامات قابل ذکر ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ بریگیڈیئر ضرار نے امن و امان کے ساتھ عوامی مسائل اور علاقے کی مجموعی بہتری کے امور پر بھی توجہ دی۔ انہوں نے کہا کہ بریگیڈیئر ضرار کی نگرانی میں ٹی ٹی ایس ڈی کے تحت صحت، تعلیم، صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق مختلف ترقیاتی منصوبوں پر بھی کام جاری ہے، جن کا مقصد پسماندہ علاقوں میں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانا ہے۔ سابق مشیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں بچوں اور نوجوانوں کی حوصلہ افزائی ایک مثبت اقدام ہے۔ چمن اور قلعہ عبداللہ کے نوجوان باصلاحیت ہیں اور انہیں بہتر تعلیمی ماحول، رہنمائی اور مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ اپنے خاندان اور علاقے کا نام روشن کر سکتے ہیں

حب، جیبک ہیلتھ یونٹ، تعلیمی منصوبوں، جدید ڈیجیٹل لائبریری و دیگر ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے

لورالائی، اے سی مینٹر اسرار احمد مندوخیل اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ لے رہے ہیں

بھاگناڑی: پرائس کنٹرول کمیٹی کی غیر فعالی، مہنگائی بے قابو

بازار میں اشیائے خوردونوش کی قیمتیں بڑھ گئیں، گراں فروش شہریوں سے من مانے دام وصول کرنے لگے

دودھ، دہی میں پاؤڈر اور کیمیکلز کی مبینہ ملاوٹ جاری، غیر معیاری اشیاء کے استعمال سے بیماریوں کا خدشہ

سبزی، فروٹ اور گوشت سمیت کسی شے کی قیمت سرکاری نرخ نامے کے مطابق نہیں، انتظامیہ سے نوٹس لیں

بھاگناڑی (اے این این) پرائس کنٹرول کمیٹی مکمل طور پر غیر فعال ہے ... کمیٹی کی غیر فعالیت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گراں فروشوں اور ذخیرہ اندوزوں اور غیر معیاری اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کمشنر سبی ڈپٹی کمشنر سے بھی فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

خضدار: بی این پی عوامی کا بڑھتی وارداتوں پر اقدام مطالبہ

موٹر سائیکل، موبائل چھیننے کی وارداتیں روز کا معمول بن گئیں

ضلعی و پولیس انتظامیہ سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے ضلعی ترجمان نے اپنے جاری کردہ ... امر یہ ہے کہ اس تمام صورتحال کے باوجود پولیس انتظامیہ ٹس سے مس نہیں ہو رہی اور خاموش ...

بارکھان: دیہی علاقوں میں بجلی معطل، عوام مشکلات کا شکار

متعدد دیہات طویل بجلی کی بندش سے تاریکی میں ڈوب گئے، روزمرہ معمولات زندگی بھی شدید متاثر

بجلی کی مسلسل بندش سے پینے کے پانی کا بحران شدت اختیار کرگیا، شہریوں کا فوری اقدامات کا مطالبہ

واپڈا حکام اور ضلعی انتظامیہ کو مسئلے سے بارہا آگاہ کیا، تاہم بجلی کی بحالی تاحال ممکن نہیں ہوسکی، علاقہ مکین

بارکھان (یو این اے) بارکھان کے مختلف دیہی علاقوں میں گزشتہ کئی ماہ سے بجلی کی فراہمی مکمل طور پر معطل ہے، جس کے باعث متعدد دیہات اندھیرے میں ڈوب گئے ہیں اور روزمرہ کے معمولات زندگی شدید متاثر ہو چکے ہیں۔ طویل بجلی بندش کی وجہ سے علاقے میں پینے کے پانی کا بحران بھی شدت اختیار کر گیا ہے، جس پر عوام میں شدید تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے اس مسئلے سے متعدد بار متعلقہ واپڈا حکام اور ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کیا ہے لیکن تاحال بجلی بحال نہیں کی گئی۔ علاقہ مکینوں نے حکومت بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس صورتحال کا فوری نوٹس لیں، دیہی علاقوں میں بجلی کی فراہمی بلاتاخیر بحال کی جائے

ژوب: صفائی مہم شروع، تاجروں کا مستقل نظام بنانے پر زور

میونسپل کمیٹی نے ایک ماہ کی خصوصی مہم کے لیے تین ٹیمیں متحرک کردیں

ژوب (آن لائن) ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی ژوب کی جانب سے شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے ایک ماہ پر مشتمل خصوصی صفائی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کے تحت تین ٹیمیں متحرک کردی گئی ہیں۔ صفائی ٹیموں نے شہر کے مختلف اطراف ... کوآرڈینیٹر غفور خان مندوخیل، نور خان لودن، جمعہ رحیم حرمزئی، محمد رحیم شیرانی، تاجو شیرانی، سہیل حریفال، شاہ اللہ بھٹو شیرانی، حاجی محمد خان کاکڑ، حاجی محمد خان مندوخیل، یوسف لالا، سعادت حرمزئی اور دیگر کا بینہ اراکین نے صفائی مہم کو شہر کے لیے ایک مثبت پیش رفت قرار ...

اوستہ محمد، بیف اسکالرشپ پر آگاہی سیشن کل منعقد ہوگا

تقریب میں طلباء اور والدین کو مکمل معلومات فراہم کی جائیں گی

اہل طلباء کو درخواست، اہلیت اور ضروری دستاویزات کے طریقہ کار سے آگاہ کیا جائے گا

استا محمد (خ ن) بلوچستان ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ (BEEF) کے اسکالرشپ پروگرام کے حوالے سے ... طریقہ کار، ضروری دستاویزات اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں تفصیلی طور پر آگاہ کیا جائے گا ...

حبیب ملازئی بی این پی عوامی کی مرکزی کمیٹی میں شامل

بقیہ 1 وزیر اعلیٰ

ماہ نور سعید کو برطانیہ کی یونیورسٹی آف برسٹل میں ہیلتھ ریسرچ جبکہ قلات کے عبدالقاہر کو ملائیشیا کی یونیورسٹی ملایا میں اسٹرکچر کے شعبے میں پی ایچ ڈی کے لیے اسکالرشپ فراہم کی گئی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی سطح کے پی ایچ ڈی اسکالرشپ پروگرام کے اجراء پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ پروگرام بلوچستان کے روشن مستقبل کی نوید ہے۔ نوجوانوں کو دنیا کی بہترین جامعات تک پہنچانے کا سفر شروع ہو چکا ہے اور یہ دراصل بلوچستان کے مستقبل کو بدلنے کا سفر ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کا نوجوان مواقع کی تلاش میں دنیا سے پیچھے نہیں رہے گا اور دنیا کی بہترین جامعات بلوچستان کے نوجوانوں کا مقدر بنیں گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف اسکالرشپس نہیں بلکہ بلوچستان کی آنے والی نسلوں کے لیے امید، علم اور ترقی کے نئے دروازے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کا مقابلہ علم و شعور اور نوجوانوں کو ترقی کے مواقع فراہم کر کے کیا جاسکتا ہے۔ بلوچستان کا مستقبل بندوق تھام کر پہاڑوں میں چھپنے والے نہیں بلکہ کتاب تھام کر دنیا کی ممتاز جامعات میں علم و تحقیق کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے والے نوجوان ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت کا مقصد بلوچستان کے نوجوانوں کو دنیا کی ممتاز جامعات تک پہنچا کر علم و تحقیق کے عالمی نقشے پر انہیں نمایاں مقام دلانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ باصلاحیت نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے عالمی مواقع فراہم کرنا بلوچستان کے انسانی وسائل میں سرمایہ کاری ہے، جس کے ثمرات آنے والی نسلوں تک پہنچیں گے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اساتذہ معاشرے کی تعمیر، نئی نسل کی کردار سازی اور مستقبل کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، حکومت بلوچستان اساتذہ کے پیشہ ورانہ وقار کو بلند کرنے، انہیں بہتر تدریسی ماحول فراہم کرنے اور ہر بچے تک معیاری تعلیم کی رسائی یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس سال عالمی یوم اساتذہ کا موضوع "اساتذہ کے ساتھ کھڑے ہونا، پیشے کا تحفظ، اساتذہ کے مقام کو بلند کرنا اور ہمارے مستقبل کی تشکیل" اس حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ معیاری تعلیم کے لیے اساتذہ کو بااختیار بنانا اور ان کے پیشہ ورانہ حقوق و مقام کا تحفظ ناگزیر ہے۔ وزیر اعلیٰ نے بلوچستان کے تمام اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ استاد صرف علم منتقل کرنے والا نہیں بلکہ بچوں کی شخصیت، کردار اور سوچ کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ ایک باشعور، تعلیم یافتہ اور ذمہ دار معاشرے کی تشکیل میں اساتذہ کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ 2 محسن نقوی

خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے مذاکرات سبوتاژ کر دیے، اپوزیشن مذاکراتی کمیٹی کے ارکان کا شکر گزار ہوں، بہت اچھا معاہدہ تیار ہوا تھا، صدر مملکت کو دکھانے کے لیے بھی گیا، وزیر اعظم کو بھی تمام صورتحال سے آگاہ کیا گیا، ایک دو چیزوں پر اختلاف تھا لیکن 99 فیصد چیزوں پر اتفاق ہو چکا تھا، جب میں صدر سے ملاقات کے بعد واپس آیا تو ڈرافٹ میں بہت ساری تبدیلیاں بتائی گئیں، 4 بار ڈرافٹ تیار ہوا اور 4 بار ڈرافٹ تبدیل ہوا، صدر اور وزیر اعظم کو مسلسل مذاکراتی صورتحال سے آگاہ کیا جا رہا ہے، صدر اور وزیر اعظم جو بھی فیصلہ کریں گے، ملکی مفاد میں ہوگا اور اس پر عملدرآمد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بتا دیا تھا کہ جب آپ لانگ مارچ شروع کریں گے تو مذاکرات ختم ہو جائیں گے، اقتدار میں آئے ہیں اور دھونس اور دھمکی وہی ممکن نہیں، اقتدار کے ساتھ دھونس اور دھمکی کی سیاست نہیں چل سکتی، پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے مذاکرات سبوتاژ کیے، ڈرافٹ تیار ہونے کے بعد سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم نہیں مانتے، تمام فیصلے سہیل آفریدی نے کرنے تھے تو مذاکرات میں شریک ہوتے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بتایا کہ ہم نے کہا تھا دہشت گردی کے خلاف متحد ہو جائیں، ہم نے لانگ مارچ کو روکنے کی کوشش کی، پیپلز پارٹی کی خواہش تھی کہ لانگ مارچ ملتوی ہو۔ اگر ہمیں معلوم ہوتا کہ خیبر پختونخوا حکومت مذاکرات کو ویٹو کر دے گی تو ہم مذاکرات ہی نہ کرتے، جب آپ غیر سنجیدہ ہوں اور لوگ اس قسم کی سیٹوں پر بٹھاتے ہیں تو اس کا نقصان ملک کو ہوتا ہے۔ وزیر داخلہ نے سخت لہجے میں کہا کہ ایک بات بالکل واضح ہے کہ ہم کسی بھی صورت میں 9 مئی جیسا سانحہ دوبارہ نہیں ہونے دیں گے چاہے آپ کسی بھی صورت میں آ جائیں۔ ہم ہر حال میں اسلام آباد ہائیکورٹ کا حکم بحال کریں گے اور اگر کوئی نقصان ہوتا ہے تو اس کا ذمہ دار صرف اور صرف وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کل کی میٹنگ میں بھی اپوزیشن وفد پر واضح کیا کہ آپ کے احتجاج کرنے کو بالکل کریں لیکن اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کسی صورت اجازت نہیں دیں گے۔ احتجاج میں شریک جو بھی قانون ہاتھ میں لے گا اسے گرفتار کیا جائے گا بھرپور قانونی کارروائی ہوگی، اگر پی ٹی آئی والوں نے قانون شکنی کی تو ہم انہیں نہیں چھوڑیں گے نہ ہی ان کے پیچھے جائیں گے۔ لانگ مارچ شروع ہونے کے بعد مزید مذاکرات نہیں ہوں گے اور لانگ مارچ شروع ہوا تو مذاکرات کا سلسلہ ختم سمجھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کسی بھی شکل میں ہو، قانون اور عدالتی احکامات کی خلاف ورزی نہیں ہونے دیں گے۔ لانگ مارچ میں شریک افراد کو جو ان عدالت کے نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔ محسن نقوی نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ مذاکرات کے لیے آنے والی ٹیم سنجیدہ اور معقول تھی لیکن ذمہ دار نہیں ٹھہرا سکتی ہے۔ مذاکرات کی ناکامی کی بنیادی ذمہ داری وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی پر عائد ہوتی ہے۔ اگر سہیل آفریدی نے رکاوٹ نہ ڈالی ہوتی تو معاہدہ ہو چکا ہوتا۔ سہیل آفریدی یا ان کے نمائندے اس موقع پر بھی مذاکرات کے لیے آ جاتے تو مذاکرات ہوتے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ بعد ازاں ہمارا مسئلہ یہ بھی مکمل طور پر دہشت گردی سے متعلق ہے، ہمارا مقصد صرف دہشت گردی کے خلاف متحد ہو کر حکمت عملی طے کرنا تھا۔ مذاکرات میں دو تین معاہدوں پر بات ہوئی، ایک اعلامیہ اور دوسرا دہشت گردی سے متعلق تھا۔ دہشت گردی سے متعلق افغانستان، ٹی ٹی پی اور فتنہ الخوارج کے معاملات شامل تھے جبکہ دوسرے معاملات اور قومی ایکشن پلان کے تمام نکات میں شامل تھے۔ ہم نے کہا کہ دہشت گردی سے متعلق آؤٹ لائن شیئر کی، ہماری تجاویز اور اپوزیشن کے تحفظات بھی دور کیے گئے، ہماری تجاویز کو یہ کہا گیا کہ دہشت گردی سے متعلق نکات کی صرف آؤٹ لائن طے کی جائے۔ تفصیلات بعد میں مشترکہ اجلاس میں طے ہوں گی۔ دہشت گردی کے معاملے پر بات ہوئی تو خیبر پختونخوا حکومت کا مزید گفتگو سے انکار تھا اور دہشت گردی کے معاملے پر بات کرنے کا موقف اختیار کیا۔ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے معاملے پر وفاق اور صوبے کو ایک پیج پر آنا ہوگا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صوبائی حکومت کا وفاق اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑا ہونا ضروری ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہداء کے جنازوں میں شرکت اور یکجہتی کا اظہار ضروری ہے۔ جیسے مقامی سطح پر دہشت گردوں کی معاونت کی صورت قابل قبول نہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف باقاعدہ معاہدہ کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 3 صلاح مشورے

اور وزیر داخلہ محسن نقوی کے درمیان گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران یہ دوسری ملاقات ہے۔ ذرائع کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات میں اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نواز شریف سے ملاقات کے بعد گلبرگ میں محسن نقوی کی رہائش گاہ پہنچے۔ یہ بھی پڑھیں: ایران میں کرنسی بحران شدت اختیار کر گیا، ڈالر 26 لاکھ 88 ہزار ریال تک جا پہنچا۔ وزیر اعظم سے ملاقات کے بعد وزیر داخلہ محسن نقوی پریس کانفرنس کریں گے۔ اس کے علاوہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے صدر آصف علی زرداری سے بھی رابطہ کیا۔ ذرائع کے مطابق صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے مذاکرات کے حوالے سے حکومتی ٹیم کی کاوشوں کو سراہا۔ انسپکٹر جنرل (آئی جی) خیبر پختونخوا نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو صوبے کی سیکیورٹی صورتحال پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ خیبر پختونخوا میں غیر یقینی صورتحال پر پولیس الرٹ ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی جی نے کہا کہ مختلف اضلاع سے پولیس اہلکار پولیس لائنز طلب کر لیے گئے اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی حکمت عملی تیار کر لی گئی۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وزیر داخلہ محسن نقوی کی پشاور میں ملاقات ہوئی ہے جس میں کے پی کی سیاسی و سیکیورٹی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ اعلامیہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے صوبے کو دہشت گردی سے بچانے کے لیے آئینی کردار ادا کرنے پر اتفاق کیا۔ اس سے قبل حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات سے متعلق وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ حکومت اپوزیشن مذاکرات کی ناکامی کے ذمہ دار صرف اور صرف وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی ہیں، مذاکرات اب ختم ہوگئے۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ خدانخواستہ ایک بھی جان گئی تو سہیل آفریدی ذمہ دار ہوں گے۔ معاہدے میں چار بار تبدیلیاں کی گئیں، معاہدہ تیار تھا۔ 99 فیصد نکات پر اتفاق کیا جا چکا تھا، صدر کو معاہدہ دکھا کر واپس آیا تو سہیل آفریدی نے تبدیلی کروا دی۔ وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ فیصلے سہیل آفریدی نے کرنے تھے تو وہ خود آ کر بیٹھ جاتے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر سینیٹر محسن نقوی کی ملاقات کا اعلامیہ سامنے آ گیا۔ پشاور میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر داخلہ ملاقات میں صوبے کی سیاسی اور سیکیورٹی صورتحال پر گفتگو کی۔ اعلامیے کے مطابق گورنر اور وفاقی وزیر داخلہ نے صوبے کو دہشت گردی سے بچانے کیلئے آئینی کردار ادا کرنے پر اتفاق کیا۔ اعلامیے کے مطابق صدر اور وزیر اعظم گورنر راج یا ایمرجنسی ضروری سمجھیں تو گورنر باؤ؟ س ا؟ آئینی کردار ادا کرے گا۔ اعلامیے کے مطابق لانگ مارچ میں سرکاری مشینری کا پیچر اور وسائل کا استعمال عدالتی فیصلوں کی خلاف ورزی ہوگی۔

بقیہ 4 لانگ مارچ

کے کنڈی چوک سے شروع ہوا جہاں مختلف اضلاع سے آنے والے قافلے شریک ہونے کا بتایا گیا۔ لانگ مارچ کی قیادت وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کر رہے ہیں، جنید اکبر اور دیگر رہنما بھی وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے ہمراہ ہیں۔ وزیر اعلیٰ کے اعلان کے مطابق اتوار کو 4 اکتوبر کو دوپہر ایک بجے ٹانک، ڈیرہ اسماعیل خان، جنوبی وزیرستان، شمالی وزیرستان، بنوں اور لکی مروت کے قافلے کنڈی چوک لکی مروت سے لانگ مارچ میں شامل ہوتے جبکہ رات قیام کرک کے قریب کرنے کا بتایا گیا (آج) پیر 5 اکتوبر کو دوپہر 12 بجے کرک کے عوام بھی لانگ مارچ کا حصہ بنیں گے اور قافلہ ساڑھے 12 بجے وہاں سے روانہ ہو کر رات کوہاٹ کے قریب قیام کرے گا۔ منگل 6 اکتوبر کو دوپہر 12 بجے کوہاٹ، ہنگو، کرم اور کرزئی کے قافلے شریک ہوں گے۔ کوہاٹ سے قافلہ پشاور کی جانب روانہ ہوگا اور رات پشاور کے قریب قیام کیا جائے گا۔ بدھ 7 اکتوبر کو پشاور کے بڈھ بیر سے دوپہر ساڑھے 12 بجے قافلہ روانہ ہوگا، جہاں خیبر ضلع کے عوام بھی لانگ مارچ میں شامل ہوں گے۔ پشاور کے دیگر حلقوں کے قافلے کوہاٹ روڈ پل اور موٹروے ٹول پلازہ پر مارچ کا حصہ بنیں گے، جبکہ رات چارسدہ انٹرچینج کے قریب قیام ہوگا۔ جمعرات 8 اکتوبر کو دوپہر ساڑھے 12 بجے چارسدہ انٹرچینج سے روانگی ہوگی، جہاں چارسدہ اور مہمند کے قافلے شامل ہوں گے۔ اعلان کے مطابق 8 اکتوبر کو خیبر پختونخوا بھر کے عوام خیر آباد میں جمع ہوں گے اور وہیں رات قیام کریں گے۔ لانگ مارچ کے اگلے مرحلے کا اعلان بھی خیر آباد میں کیا جائے گا۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا پولیس حکام کے مطابق ممکنہ لانگ مارچ کے لئے سکیورٹی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، جس جس ضلع میں قافلہ جائے گا وہاں ایس او پیز کے تحت سکیورٹی آرڈر جاری ہوگا۔

بقیہ 5 وصولی شروع

حج ایپ اور ڈیجیٹل حج پورٹل سے ہوگی۔ دوسری قسط جمع کرانے سے پہلے میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ اپ لوڈ کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ وزارت مذہبی امور نے کہا کہ میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ پاک حج ایپ یا ڈیجیٹل حج پورٹل پر اپ لوڈ ہوگا۔

بقیہ 6 ڈی آئی خان

مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے غیر ملکی کرنسی، بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ سکیورٹی فورسز عزم استحکام وژن کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور ملک میں پائیدار قیام امن کیلئے پرعزم ہیں۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہا۔

بقیہ 7 آپریشن شروع

کارروائیوں میں کم از کم 700 حوثی جنگجوؤں کی ہلاکت کا بھی دعویٰ کیا ہے۔ اتوار کو ٹیلی ویژن پر قوم سے خطاب کرتے ہوئے سعودی حمایت یافتہ حکومت کے سربراہ رشاد العلیمی نے اعلان کیا کہ حکومتی فورسز پورے ملک میں ریاست اور اس کے اداروں کی رٹ بحال کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ یمن کی مسلح افواج، سکیورٹی فورسز اور تمام اتحادی فوجی دھڑوں کو ہدایت کر دی گئی ہے کہ وہ یمن کے تمام علاقوں کو حوثیوں کے قبضے سے آزاد کروانے تک کارروائیاں جاری رکھیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جب تک یہ منصوبہ مکمل اور حتمی کامیابی حاصل نہیں ہوتی، تمام ریاستی ادارے مکمل الرٹ اور یہ آپریشن جاری رہے گا۔

بقیہ 8 متحرک

پی ٹی آئی مذاکرات کا تسلسل جاری رکھنے کے لئے متحرک ہیں، مذاکرات کی تیسری نشست کے لئے بیرسٹر گوہر کے رابطے جاری ہیں۔

بقیہ 9 شہباز نواز

گیا۔ ذرائع کے مطابق شہباز شریف نے نواز شریف کو حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات سے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا۔

بقیہ 10 گورنر

بچوں کی فطرت اور تعلیمی ضرورت کو بہتر طور پر سمجھتی ہیں۔ حکومت سرکاری تعلیمی اداروں پر کروڑوں روپے خرچ کرتی ہے اگر معیاری تعلیم کے فروغ کی خاطر چند لاکھ روپے پرائیویٹ تعلیمی اداروں کو بھی فراہم کیے جائیں تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ میں نجی تعلیمی اداروں کیلئے مختص گرانٹ کو دوبارہ بحال کرانے کیلئے اپنا کردار ادا کروں گا۔ گورنر بلوچستان

نے منعقدہ تقریب میں ٹیبلو پیش کرنے والی بچیوں کیلئے ایک لاکھ روپے نقد انعام دینے کا اعلان کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم اساتذہ کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (BBISE) کے چیئرمین محمد اسحاق، ملک رشید کاکڑ اور لیاقت علی ہزارہ سمیت پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے اساتذہ کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اساتذہ کرام کی اتنی بڑی تعداد میں شرکت اس امر کا ثبوت ہے کہ ہمارے معاشرے میں تعلیم، علم اور استاد کے مقام کو آج بھی خصوصی اہمیت حاصل ہے۔

بقیہ 11 زاہد خان

حکومت کے پاس اپنا کوئی اختیار نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا حکومت کے تار کابل اور کابل کے تار کہیں دہلی سے ملتے ہیں، ایسی صورت حال میں مذاکرات کیسے کامیاب ہو سکتے ہیں؟

بقیہ 12 اسماعیل بقائی

جو ہری معاملہ ہے۔ پریس بریفنگ میں اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایران آبنائے ہرمز سے متعلق معاملات پر توجہ چاہتا ہے۔

بقیہ 13 حافظ نعیم

غزہ مارچ کے شرکاء سے خطاب میں حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ اسرائیل بے گناہ فلسطینیوں کا قتل کر رہا ہے، مسلم حکمرانوں کی بے حسی نے اسرائیل کو سپورٹ دی۔ انہوں نے کہا کہ غزہ میں امداد پہنچانے کے عمل میں رکاوٹ ڈالی گئی، امریکہ میں 80 فیصد سے زائد نوجوان اسرائیل مخالف ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے مزید کہا کہ پیٹرولیم لیوی پر جماعت اسلامی نے ملک بھر میں آواز بلند کی۔

بقیہ 14 پی ٹی آئی

جانب سے اعلامیہ جاری کیا گیا جس میں پی ٹی آئی نے کہا کہ ہمارے اور حکومتی مذاکرات بغیر کسی خاطر خواہ پیش رفت کے ختم ہوئے، مذاکرات میں بنیادی ڈیڈ لاک بانی پی ٹی آئی عمران خان تک فوری رسائی کے معاملے پر رہا، حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ قیادت کو عمران خان سے فوری مشاورت کی اجازت دی جائے۔ پی ٹی آئی نے کہا کہ عمران خان سے مشاورت قومی اور سیاسی معاملات پر فیصلہ سازی کے لیے ضروری ہے۔

بقیہ 15 احسن اقبال

اسلام آباد میں انتشار کا محاذ گرم کر رہی ہے، پی ٹی آئی نے اسلام آباد پر چڑھائی کے لیے یہی وقت کیوں چنا؟ وفاقی وزیر نے کہا کہ پی ٹی آئی کارکن ملک دشمن عناصر کا آلہ کار نہ بنیں۔

بقیہ 16 عطا تارڑ

تک نہیں بلایا جاتا، ہزاروں جوان اور افسر شہید ہوئے، دہشت گردی کی مذمت تک نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سے فائدے لیتے ہیں لیکن حمایت افغانستان کی کرتے ہیں، بتایا جائے کہ ان کو شہدا کے جنازوں میں شرکت سے کون روک سکتا ہے؟

بقیہ 17 سلمان راجا

تمام اقدامات صوبائی حکومت تسلیم کرے۔ سلمان اکرم راجا نے مزید کہا کہ اپوزیشن وفد نے واضح کیا کہ دہشت گردی کے لیے زیرو ٹالرنس اور اسے جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف لڑنے کی پالیسی اور اقدامات مقامی آبادی کی حمایت یافتہ اور زمینی انٹیلی جنس پر مبنی ہونی چاہیے۔

بقیہ 18 اسد قیصر

تک رسائی اگریمنٹ میں شامل نہیں ہوگی۔ اپنے بیان میں اسد قیصر نے کہا کہ ہمارا ایک ہی مطالبہ ہے کہ سیاسی قیادت کو بانی پی ٹی آئی تک رسائی دی جائے۔ اگر رسائی نہیں دی جاتی تو مشاورت کیسے ہوگی؟ ان کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ن) ہر معاملہ نواز شریف یا شہباز شریف سے پوچھتی ہے۔ پیپلز پارٹی ہر معاملہ بلاول بھٹو زرداری یا آصف علی زرداری سے پوچھتی ہے۔

بقیہ 19 ہائیکورٹ

مقدمات میں عدالت کی جانب سے منظور شدہ احکامات کے علاوہ دیگر تمام متعلقہ تبادلوں پر نظرثانی کر کے عدالتی حکم پر من و عن عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ڈائریکٹر (اسکولز)، محکمہ تعلیم کے خلاف دائر آئینی درخواست کی سماعت کرتے ہوئے یہ احکامات جاری کیے۔ درخواست گزار خیر محمد شاہین کی جانب سے یہ موقف اختیار کیا گیا کہ محکمہ تعلیم میں بی پی ایس 01 سے بی پی ایس 15 تک کے تدریسی اور غیر تدریسی عملے کی تقرریاں یونین کونسل کی بنیاد پر، جبکہ بی پی ایس 16 اور اس سے اوپر کے ملازمین کی تقرریاں ڈویژنل بنیادوں پر کی جاتی ہیں۔

بقیہ 20 طلال چوہدری

رکھی تھی جو پی ٹی آئی نے رکھی، کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے احتجاج کو کشمیر کے عوام نے مسترد کیا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی آزاد کشمیر اور پی ٹی آئی نے احتجاج کا ایک ہی وقت کا انتخاب کیا۔ کالعدم ایکشن کمیٹی سوا سو دنوں سے احتجاجی دھرنے میں ہے، شروع دن سے اب تک طاقت کا استعمال نہیں کیا گیا، اگر طاقت کا استعمال کرنا ہوتا تو ان کے دھرنے کے لوگوں پر کیا جاتا۔ طلال چوہدری نے کہا کہ سیاست کی آڑ میں پی ٹی آئی سیکیورٹی معاملات پر سنجیدہ نہیں۔

بقیہ 21 دفعہ 144 نافذ

کیے گئے حکم نامے کے مطابق این-25 پر ضلع سوراب، خضدار اور وڈھ کے حدود میں نشاندہی کیے گئے حساس مقامات پر تین ماہ کے لیے دفعہ 144 نافذ کر دی گئی۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ این 25 قومی شاہراہ پر بار بار احتجاج اور مظاہروں کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہونے سے مسافروں، ٹرانسپورٹرز، مریضوں، تاجروں اور عام شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

بقیہ 22 شیخ جان

بندوق اور ڈنڈے کی پالیسی نہیں چلے گی۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مذاکراتی کمیٹی سیاسی مسائل کے حل کے لیے بنائی گئی تھی اور اسے پورا مینڈیٹ حاصل تھا کہ وہ جو بھی فیصلہ کرتی، صوبائی حکومت اور پارٹی اس کا پورا احترام کرتی لیکن خیبر پختونخوا حکومت کا مینڈیٹ وزیر اعلیٰ کے ساتھ ہے۔

بقیہ 23 مقررین

بلوچستان اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، مسلم لیگ (ن) کے رکن بلوچستان اسمبلی زرک خان مندوخیل اور اے این پی کے رہنما ملک امان اللہ خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان قدرتی معدنیات سے مالا مال ہونے کے باوجود پسماندگی اور غربت کا شکار ہے، صوبے کے وسائل کو بروئے کار لا کر بلوچستان سمیت ملک کی معیشت کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ صوبے میں امن و امان کی صورتحال اس قدر خراب ہے کہ ایک ضلع سے دوسرے ضلع تک

سفر کرنا بھی مشکل ہو گیا ہے، کنٹریکٹرز کی مشینری جلائی جا رہی ہے اور متاثرین کی داد رسی کا موثر نظام نظر نہیں آتا۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ کے مقامی ہوٹل میں آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے مرکزی، ڈویژنل اور ضلعی عہدیداروں کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب سے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر میر عبدالسلام لانگو، چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، جنرل سیکرٹری ملک مجیب اللہ مبترزئی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی، وائس چیئرمین میر شکیل لہڑی، نوابزادہ دارا خان جوگیزئی، حاجی قدیر قریشی، بیبی روشان، شاہ باران کاکڑ، سردارزادہ مقبول احمد لانگو اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 24 شیری رحمان

نے کہا کہ کے پی حکومت کے انسداد دہشت گردی تعاون کے ڈرافٹ پر دستخط سے انکار سے مذاکرات ناکام ہوئے۔ شیری رحمان نے مزید کہا کہ بار بار کہا کہ کے پی حکومت اور پی ٹی آئی کی سینئر قیادت مذاکرات میں شامل ہو، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی یا کابینہ کا کوئی نمائندہ مذاکرات میں نہیں آیا۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا حکومت کے پاس قابل عمل ڈرافٹ تھا تو خود پیش کرنا چاہیے تھا۔

بقیہ 25 حلیم عادل شیخ

لانگ مارچ کال آف کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اپنے ایک بیان میں حلیم عادل شیخ نے کہا کہ عمران خان سے ملاقات بنیادی مطالبہ تھا جو حکومت نے تسلیم نہیں کیا، بانی کی صحت اور علاج معالجے پر بھی حکومت سے اتفاق نہیں ہو سکا۔

بقیہ 26 آئل ٹینکر

صومالیہ سے آنے والے کسی زخمی کو کورنگی میں کیلئے نہیں بھیجا جا رہا، زخمیوں کو جناح اسپتال منتقل کیا جا رہا ہے۔ زخمی امین بن شمس اور عقیل خان نے کہا کہ وطن واپس آ کر بہت اچھا محسوس کر رہے ہیں۔

بقیہ 27 باکو روانہ

ہوگئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈیانا کے ہمراہ 2 خواتین سمیت 3 پولیس افسران بھی ہیں۔ گزشتہ روز ڈیانا جہاز میں بیٹھنے کے بعد نیچے اتر آئی تھی اور واپس اپنے ملک جانے سے انکار کر دیا تھا۔

بقیہ 28 ٹرمپ

ہتھیار حاصل کرنے کے منصوبے سے تقریباً دستبردار ہو چکا، ہم تیل کی قیمتیں کم کرنے میں کامیاب ہو گئے، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی آ رہی ہے، رائٹرز نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی حملے دوبارہ شروع ہوئے تو ایران زیادہ سخت جوابی کارروائی کی تیاری کر رہا ہے۔

بقیہ 29 پٹڑی سے اتر گیا

اور ٹرن ٹیبل کے دوران ریورسنگ کے دوران پٹڑی سے اتر گیا۔ ریلوے حکام کو اطلاع ملتے ہی حملے کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر متبادل انجن فراہم کر کے ٹرین کو 15 بج کر 10 منٹ پر سریاب کیلئے روانہ کر دیا اور مذکورہ انجن کو دوبارہ پٹڑی پر چڑھا دیا گیا۔ ابتدائی طور پر انجن کے پٹڑی سے اترنے کی وجہ یارڈ میں فش پلیٹ کی چوری بتائی جا رہی ہے۔

بقیہ 30 ایرانی فوج

امریکی افواج ایرانی ساحل سے 1000 کلومیٹر تک کے فاصلے پر موجود ہیں۔

بقیہ 31 نیئر بخاری

کے لیے تمام سیاسی دھاروں کو مل بیٹھ کر مذاکرات کرنا ہوں گے۔ صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے نیئر حسین بخاری نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ سے آئین اور جمہوریت پر کامل یقین رکھتی ہے۔

بقیہ 32 ماسکو فارمیٹ

بات چیت کا ایک اور موقع فراہم ہوگا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کی جانب سے افغانستان کے لیے خصوصی نمائندہ محمد صادق وفد کی قیادت کریں گے۔ پاکستانی وفد میں وزارت خارجہ کے ایڈیشنل سیکرٹری/ڈی جی افغانستان، ایران و ترکیہ نعیم اقبال چیمہ، افغانستان میں پاکستان کے سفیر عبید الرحمٰن نظامانی اور روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی بھی شامل ہوں گے۔

بقیہ 33 خواجہ آصف

کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبے میں دہشت گردی کے واقعات کے نتیجے میں متعدد شہریوں اور سیکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر قوم خیبر پختونخوا حکومت کو جوابدہ ٹھہرائے گی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے دہشت گردی کی حمایت کرنے والے عناصر کو خیبر پختونخوا میں آباد کرنے کی حمایت کی، قومی اسمبلی میں ان کی تقاریر اور میڈیا کا ریکارڈ اس امر کے گواہ ہیں۔

بقیہ 34 عراقچی

بظاہر تعطل کا شکار ہیں۔ تہران میں غیر ملکی سفیروں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عباس عراقچی نے کہا کہ ایران جنگ کے بجائے سفارت کاری کے ذریعے مسئلے کا حل چاہتا ہے۔ ان کے مطابق نئی پابندیاں عائد کرنا بھی تنازع کے حل کا راستہ نہیں ہوگا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے تاہم واضح کیا کہ اگر مخالفین دوبارہ فوجی محاذ آرائی کا راستہ اختیار کرتے ہیں تو ایران کا ردعمل پہلے سے زیادہ سخت ہوگا اور ملک اپنے دفاع کے لیے مزید طاقت استعمال کرے گا۔

بقیہ 35 پاک فوج

خٹک، میجر جنرل واجد عزیز، میجر جنرل افتخار حسن چوہدری، میجر جنرل محمد نعیم اختر، میجر جنرل نسیم انور، میجر جنرل اسد چیمہ، میجر جنرل امتیاز بابر اور میجر جنرل راجا محمد ندیم اشرف شامل ہیں۔ ان ترقیوں میں پاکستان ملٹری اکیڈمی (پی ایم اے) کے 86 ویں اور 87 ویں لانگ کورسز سے تعلق رکھنے والے سینئر افسران شامل ہیں۔

بقیہ 36 یوکرین

۔ جرمن چانسلر نے یوکرین کے لیے حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے جنگ کے فوری خاتمے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 37 سعد رفیق

دوران نجی ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ملک کی سلامتی ہر سیاسی معاملے سے مقدم ہے۔

بقیہ 38 صورتحال

اور اخراج 70 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر پانی کی آمد 10 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 10 ہزار 800 کیوسک، خیر آباد پل پر پانی کی آمد 61 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 61 ہزار 300 کیوسک، دریائے جہلم میں منگلا کے مقام پر پانی کی آمد 7 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 37 ہزار کیوسک جبکہ دریائے چناب میں مرالہ کے مقام پر پانی کی آمد 15 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 5 ہزار 400 کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 39 ناصر عباس

کوشش کی گئی جس کے نتیجے پر پہنچ سکیں لیکن ڈیڈ لاک برقرار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کے ذاتی معالج تک رسائی کے معاملے پر ڈیڈ لاک ہے، جبکہ دہشت گردی معاملہ پر نیشنل ایکشن پلان کے حوالے سے ان کے تحفظات تھے۔ اپوزیشن اراکین نے کہا کہ کل مذاکرات کا ایک اور دور ہوگا۔

بقیہ 40 معیاری تعلیم

بیج بنایا اور اساتذہ کو معاشرے میں عزت و احترام کا مقام دیا۔ معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے ضروری ہے کہ اساتذہ کی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کیا جائے، ان کی حوصلہ افزائی کی جائے اور انہیں ایسا ماحول فراہم کیا جائے جہاں وہ یکسوئی اور ذمہ داری کے ساتھ اپنی تدریسی خدمات انجام دے سکیں۔ استاد کی محنت اور شاگرد کی کامیابی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، اسی لئے تعلیمی شعبے میں بہتری کے لیے اساتذہ کا کردار ناگزیر ہے۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے لئے تعلیم یافتہ اور ہنرمند نوجوان نسل کی تیاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صوبے کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، جنہیں درست رہنمائی، معیاری تعلیم اور مناسب مواقع فراہم کر کے ملک و صوبے کی ترقی کیلئے بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔ اس مقصد کے حصول میں اساتذہ کو بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، کیونکہ وہ بچوں اور نوجوانوں کو علم کے ساتھ ساتھ محنت، دیانت داری، نظم و ضبط اور ذمہ داری کا درس بھی دیتے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، تدریسی ماحول کی بہتری اور طلبہ کے لئے تعلیم کے یکساں مواقع پیدا کرنا ایک اہم ضرورت ہے۔ خصوصاً بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں تعلیمی سہولیات کو بہتر بنانے اور بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے لیے مربوط کوششوں کی ضرورت ہے۔ اساتذہ کی دستیابی، ان کی پیشہ ورانہ تربیت اور تعلیمی اداروں میں سازگار ماحول کی فراہمی کے ذریعے تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ استاد معاشرے میں علم، شعور اور مثبت سوچ کو فروغ دینے کا ذریعہ ہے۔

بقیہ 41

ندھیروں میں علم کی شمع روشن کر کے نسلوں کو جہالت سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کرتا ہے۔ حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ بلوچستان حکومت، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں تعلیم کے فروغ کیلئے پرعزم ہے۔ حکومتی پالیسی کے مطابق صوبے میں تعلیمی اداروں کی بہتری، اساتذہ کی فلاح و بہبود، میرٹ پر بھرتیوں، اسکولوں میں سہولیات کی فراہمی اور دور دراز علاقوں میں تعلیمی انقلاب کے لیے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں اساتذہ کا کردار کسی مجاہد سے کم نہیں جو سخت حالات، وسائل کی کمی اور مشکلات کے باوجود علم کی روشنی پھیلا رہے ہیں۔ حکومت بلوچستان اپنے اساتذہ کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ صوبائی وزیر نے تمام اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے اساتذہ کے مشکور ہیں اور ان کی عزت و تکریم کیلئے ہر ممکن اقدامات کرتے رہیں گے۔

بقیہ 42 عملداری

گئی ہیں، قانون کی عملداری اور امن و امان کا قیام ہر صورت یقینی بنایا جائے گا دریں اثناء معاون برائے داخلہ بلوچستان، بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو کی جانب سے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب میں ڈاکٹر سونیا نور کی جانب سے کی گئی پریس کانفرنس کا نوٹس ڈاکٹر سونیا نور کے معاملے میں صاف اور شفاف تحقیقات کے حکم وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے انصاف کے تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں بلوچستان حکومت قانون کی بالادستی اور انصاف کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے ڈاکٹر سونیا نور کے معاملے کی شفاف تحقیقات کے ذریعے حقائق سامنے لائے جائیں کسی بھی شہری کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی، قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہئے، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو کی جانب سے معاملے کا نوٹس لینا اور قانونی کارروائی کی ہدایت دینا انصاف کی فراہمی کی جانب اہم قدم ہے، ڈاکٹر سونیا نور کے معاملے میں تمام قانونی تقاضے اور شفاف تحقیقات کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 43 ڈرائیور سمیت

شش کرنے والے ڈرائیور سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی مکران رینج عمران قریشی اور ایس ایس پی گوادر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) عطا الرحمان کی بالخصوص ہدایات جبکہ ڈی ایس پی اور مازہ بخش روشکھوی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر اور مازہ سب انسپکٹر فتح محمد نے پاک آرمی کے ہمراہ اور مازہ زیرو پوائنٹ پر دوران اسنیپ چیکنگ ایک مشکوک سفید رنگ کی کرولا کار (نمبری BEM-226) کو روک کر تلاشی لی تلاشی کے دوران کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر بیرون ملک جانے والے 4 افراد کو تحویل میں لے لیا گیا گرفتار ملزمان میں ڈرائیور الٰہی بخش ولد محمد حیات سکنہ شرافی گوٹھ کراچی، صابر حسین ولد امجد حسین، محمد آصف ولد شبیر حسین، اور محمد صہیب ولد شہزاد حسین سکنہ پسرور، ضلع سیالکوٹ شامل ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان کے خلاف تھانہ صدر اور مازہ میں ابتدائی قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد مزید تفتیش اور قانون کے مطابق آگے کی کارروائی کیلئے انہیں وفاقی تحقیقاتی ادارے FIA کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ پولیس ترجمان کا کہنا ہے کہ علاقے میں غیر قانونی سرگرمیوں اور انسانی اسمگلنگ کی روک تھام کے لئے بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 44 گلستانی

مینگل عبدالغنی عبدالقادر گلستانی شیر جان صالح مولانا محمد صادق اسرار احمد ساسولی نے کہا کہ فارم 47 بلوچستان حکومت عوام کو درپیش شدید مسائل کو حل کرنے کی بجائے بدعنوانی، کرپشن اور غیر متوازن پالیسیوں کا شکار ہے بلوچستان میں بدامنی، بے روزگاری، تعلیمی زبوں حالی اور صحت کے ناقص نظام جیسے سنگین مسائل نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی حکومت مسائل حل کرنے کے بجائے صرف کاغذی اقدامات اور زبانی جمع خرچ تک محدود ہے انہوں نے کہا کہ حکومتی وزراء نے علاقے کے بنیادی عوامی مسائل پر آنکھیں بند کر لی حلقے کے عوام پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی، سڑکوں کی زبوں حالی، صفائی کے ابتر نظام، اور تعلیمی و طبی سہولیات کی نایابی کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہیں انہوں نے کہا کہ جمعیت نظریاتی کے اتحادی ایم پی اے نے الیکشن کے دوران کئے گئے وعدوں میں سے ایک بھی وفا نہیں کیا عوام نے جس امید اور اعتماد کے ساتھ انہیں اپنا نمائندہ منتخب کیا وہ امید اب مکمل ناامیدی اور مایوسی میں بدل چکی ہے ہم نے ایم پی اے کو ہے کہ وہ ساتھ انتخابی اتحاد صرف اقتدار کیلئے نہیں بلکہ اپنے حلقوں کے عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے کے انفراسٹرکچر کی بحالی کیلئے اتحاد قائم کیا تھا۔

بقیہ 45 چیف کیسکو

ج اور ضمیر عظیم نے چیف کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں بجلی کی فراہمی کی مجموعی صورتحال، بالخصوص مکران اور آواران میں نیشنل پارٹی کی جانب سے جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل، عوام کو درپیش مشکلات اور کیسکو کو درپیش مسائل اور رکاوٹوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 46 3 اکتوبر

ئی آر کے مطابق 3 اکتوبر کو دوپہر تقریباً 12 بجکر 15 منٹ پر ولید نامی شخص گرلز کالج کے گیٹ پر آیا اور بتایا کہ وہ کالج میں زیر تعلیم اپنی بھابھی کو لینے آیا ہے۔ چوکیدار کی جانب سے انہیں بتایا گیا کہ کالج اوقات کے دوران طالبہ کو لے جانے کے لئے باقاعدہ درخواست اور کمیٹی کی منظوری ضروری ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق کمیٹی نے درخواست منظور نہیں کی کیونکہ کالج کے ایس او پیز کے تحت طالبات کو کالج اوقات میں والد یا بھائی کے علاوہ کسی شخص کے ساتھ جانے کی اجازت نہیں۔ مقدمے میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ اجازت نہ ملنے پر ولید نے مبینہ طور پر بدتمیزی اور گالم گلوچ کی اور پرنسپل کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کئے اسی دوران دوسرے چوکیدار محمد اعظم سے بھی مبینہ طور پر الجھ پڑا۔ ایف آئی آر کے مطابق ولید نے خود کو وکیل ظاہر کرتے ہوئے وکالت کا کارڈ بھی دکھایا اور مبینہ طور پر دھمکی دی کہ وہ انہیں "دیکھ لے گا" جس کے بعد اس نے اپنے دیگر ساتھیوں کو بلانا شروع کر دیا۔

بقیہ 47 اپنے بیان

کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں اسد عمر نے حکمران اتحاد بالخصوص مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی پر دوہرے معیار کا الزام عائد کرتے ہوئے کڑا سوال اٹھایا کہ مسلم لیگ تو شہباز شریف کے ملک واپسی کا انتظار کرتی رہی تھی، پیپلز پارٹی اور محسن نقوی بار بار آصف علی زرداری سے ملاقاتیں اور ان کی منظوری کے لیے چکر کاٹتے رہے ہیں تو پھر تحریک انصاف سے یہ نامناسب مطالبہ کیوں کیا جا رہا ہے کہ وہ اپنے قائد عمران خان سے براہ راست ملے بغیر مذاکرات پر حتمی فیصلہ کریں؟ انہوں نے کہا کہ موجودہ سنگین سیاسی بحران کے تناظر میں تمام سیاسی اسٹیک ہولڈرز کو سمجھنا چاہیے کہ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کی قیادت کو یہ ادراک ہونا چاہیے کہ ان مذاکرات کا دارومدار صرف عمران خان یا تحریک انصاف کے حال یا مستقبل پر نہیں ہے بلکہ اس پر ملک کی تمام سیاسی جماعتوں اور خود جمہوریت کا مستقبل منحصر ہے، مذاکرات کی ناکامی کسی ایک فریق کے لیے نہیں بلکہ پاکستان کے پورے سیاسی نظام کے لیے تباہ کن ثابت ہوگی۔

بقیہ 48 دو درجنوں

مسلح افراد جن کی تعداد دو درجنوں میں تھی جدید اسلحے وا کی نا کی کنکشن سسٹم سے لیس تھے چیکنگ کے دوران انہوں نے لوگ کے شناختی کارڈ و دیگر دستاویزات چیکنگ کرتے رہے جبکہ مختلف ایریاز میں شدید فائرنگ بھی کی گئی جس سے مقامی عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا بعد ازاں وہ فرار ہو گئے۔

بقیہ 49 نصیر آباد

ئم مقام ایس ایس پی نصیر آباد امیر جان مگسی کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی سرکل ڈیرہ مراد جمالی غلام سرور مینگل کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی ڈیرہ مراد جمالی اور ان فائیو انچارج نے پولیس ٹیم کے ہمراہ قومی شاہراہ پر کارروائی کی کارروائی کے دوران پولیس نے اندرون بلوچستان سے سندھ جانے والی ایک مسافر کوچ کی تلاشی لی جس کے دوران کوچ میں بنائے گئے خفیہ خانوں سے بھاری مقدار میں غیر ملکی سگریٹ، سپاری، پان پراگ اور دیگر نان کسٹم پیڈ و مضر صحت سامان برآمد کیا گیا جس کی مجموعی مالیت ایک کروڑ روپے سے زائد بتائی جاتی ہے۔ پولیس نے برآمد شدہ سامان کو تحویل میں لے کر قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ ایس ایچ او سٹی غازی عبدالرؤف جمالی نے کہا کہ برآمد ہونے والا تمام سامان قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد کسٹم حکام کے حوالے کر دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہ پر اسمگلنگ کی روک تھام اور نان کسٹم پیڈ و مضر صحت اشیاء کی ترسیل کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 50 مذاکرات کی

یشن کے ساتھ مذاکرات کی میز پر بیٹھی ہے، کسی دشمن کے ساتھ نہیں۔ مذاکرات دھمکی، دباؤ اور خوف کی فضا میں نہیں بلکہ باہمی احترام، سیاسی بصیرت اور آئین و قانون کی بالادستی کے اصولوں کے تحت ہونے چاہئیں۔ مزید برآں، اس وقت پی ٹی آئی کے قائد عمران خان جیل میں ہیں اور ان سے ملاقاتوں پر پابندی عائد ہے۔ مذاکرات کو بامعنی اور قابل قبول بنانے کے لیے اپوزیشن رہنماؤں کی عمران خان سے ملاقات اور انہیں اعتماد میں لینا انتہائی ضروری ہے۔ طالعمند خان نے کہا کہ وفاقی حکومت دہشت گردی پر قابو پانے اور اس کے خاتمے میں اپنی ناکامی کا سارا ملبہ خیبر پختونخوا کی موجودہ صوبائی حکومت پر ڈالنے سے گریز کرے۔ موجودہ صوبائی حکومت پہلے ہی اسٹیبلشمنٹ اور وفاقی حکومت کے شدید سیاسی دباؤ میں ہے۔

بقیہ 51 مرتبے

قابل بنتے ہیں۔ کسی بھی قوم کی ترقی کا دارومدار معیاری تعلیم اور قابل اساتذہ پر ہوتا ہے، اس لئے اساتذہ کے مقام و مرتبے کا احترام ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ تعلیم اور صحت کسی بھی معاشرے کی بنیادی ضروریات ہیں اور ان دونوں شعبوں میں بہتری کے لئے تعلیم یافتہ، باشعور اور ذمہ دار نسل کی تیاری ناگزیر ہے۔ اساتذہ بچوں میں علم حاصل کرنے کا شوق پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں نظم و ضبط، برداشت، احترام انسانیت اور معاشرتی ذمہ داریوں کا احساس بھی دلاتے ہیں۔ ایک اچھا استاد اپنے شاگردوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کر کے انہیں زندگی کے مختلف شعبوں میں کامیابی حاصل کرنے کے قابل بناتا ہے۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان جیسے وسیع رقبے اور مختلف جغرافیائی حالات کے حامل صوبے میں اساتذہ کی ذمہ داریاں مزید اہمیت رکھتی ہیں۔

بقیہ 52 نجکاری

ہ ہے فیسکو کی نجکاری جنوری، گیپکو کی فروری اور آئیسکو کی مارچ 2027 میں متوقع ہے، حیدرآباد اور سکھر الیکٹرک سپلائی کمپنیوں کی نجکاری اپریل سے جون 2027 جبکہ پشاور، ہزارہ، لاہور اور ملتان ڈسکوز کی نجکاری دسمبر 2027 تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا، کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی نجکاری کے منصوبے میں شامل نہیں۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے بجلی کے شعبے میں ایک ہزار 675 ارب روپے کے گردشی قرضے پر تحفظات کا اظہار کیا۔

بقیہ 53 جان زہری

ادہ میر شعیب جان زہری، سردار علی محمد بنگلزئی، میر محمد اکبر بنگلزئی، میر محمد عالم زہری، موسیانی، سردار شائستہ خان عمرانی، چیف آفیسر خضدار وڈیرہ صالح جاموٹ سمیت دیگر قبائلی عمائدین اور سیاسی رہنماؤں سے الگ الگ ملاقاتوں کے دوران کیا۔ ملاقاتوں میں وفود نے اپنے اپنے علاقوں کو درپیش بنیادی، علاقائی اور بلدیاتی مسائل سے صوبائی مشیر کو آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر سڑکوں کی تعمیر و مرمت، صاف پانی کی فراہمی، نکاسی آب، صفائی ستھرائی، بلدیاتی سہولیات اور دیگر عوامی نوعیت کے مسائل سمیت مختلف امور زیر بحث آئے۔

بقیہ 54 صوبہ بھر

کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ صوبہ بھر بالخصوص کوئٹہ پشین قلعہ عبداللہ چمن میں مسلسل امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال تشویشناک ہے تواتر کے ساتھ نہتے اور بے گناہ شہریوں سیاسی کارکنوں کو ٹارگٹ کر کے قتل کیا جا رہا ہے جس کے باعث پرامن اور شریف النفس شہری عدم تحفظ خوف اور اذیت ناک حالات سے دوچار ہیں بیان میں کہا گیا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے لہٰذا حکومت اور متعلقہ ادارے سماج دشمن عناصر مسلح جتھوں ڈاکوؤں راہزنوں کے خلاف بلاامتیاز موثر کارروائی کرتے ہوئے ان کی سرکوبی کریں اے این پی کے صوبائی بیان میں کہا گیا کہ اس سے قبل بھی عوامی نیشنل پارٹی تحصیل قلعہ عبداللہ کے سیکرٹری اطلاعات دولت خان اچکزئی کو ٹارگٹ کیا گیا جبکہ کوئٹہ چمن شاہراہ اور اس سے ملحقہ علاقوں میں مسلح عناصر کی موجودگی اور شہریوں کیلئے پیدا ہونے والے خطرات مسلسل تشویش کا باعث بن رہے ہیں۔

بقیہ 55 رضا، ظاہر

پی چیئرمین رضا محمد رضا، ظاہر شاہ مظفری اور علاقائی سیکرٹری خداے رحمت، تورہ خولہ مسجد کے اجتماع سے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ، سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا اور علاقائی معاون خدائی دوست کبزئی نے خطاب کیا۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے ژوب کے غیور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہماری قومی اسمبلی میں نمائندگی ژوب، شیرانی اور قلعہ سیف اللہ کے عوام کی تاریخی اور بھرپور حمایت کی وجہ سے ممکن ہوئی ہے حالانکہ دو سال تک ہماری نمائندگی کو مختلف حربوں کے ذریعے روکے رکھا گیا لیکن پارٹی رہنماؤں، کارکنوں کی انتھک جدوجہد، وکلاء کی انتھک محنت کے باعث کامیابی ممکن ہوئی اور ہمارا عوامی دورہ مشکلات کے باعث تاخیر سے اب شروع ہوا ہے انہوں نے کہا کہ ہم ہر فورم پر اپنے غیور عوام کی بھرپور نمائندگی کرتے ہوئے آپ کے تمام مسائل ہر فورم پر اٹھائیں گے اور انہیں حل کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے لیکن ملک کے موجودہ حالات میں جو حکمران اقتدار پر قابض ہے وہ عوام کے مسائل حل کرنے کی بجائے اپنے ذاتی اور گروہی مفادات کو ترجیح دے رہے ہیں لیکن ہم آپ کے ووٹ کی طاقت سے ملک کے محکوم اقوام اور مظلوم عوام کی نمائندگی کرتے ہوئے اپنی جدوجہد کو مزید آگے بڑھائیں گے انہوں نے کہا کہ پورے پشتونخوا وطن سوات سے لیکر ژوب تک دہشتگردی کا مسئلہ بدامنی اور لاقانونیت کے باعث تمام عوام کو اپنے سر و مال کے تحفظ کا سنگین مسئلہ درپیش ہے اور لوگ بنیادی مسائل کے حل کی بجائے امن و امان قائم کرنے کے مطالبات کر رہے ہیں اور امن و امان کے ایسے واقعات ژوب اور شیرانی میں بھی وقوع پزیر ہوئے ہیں اور اس دہشتگردی کے باعث سابق فاٹا میں (وزیرستان سمیت) مختلف علاقوں میں پشتون عوام کو اذیت ناک صورتحال کا سامنا کرنا پڑا ہے جہاں مساجد، اسکول، مکان، ڈاکٹرز، دانشور، علماء، خواتین تک محفوظ نہیں بلکہ ہمارے سکول کے بچوں تک کو شہید کیا گیا اور یہ صورتحال اور حالات مزید قابل برداشت نہیں پشتونوں کو اپنے آبائی علاقوں سے بے دخل کیا گیا اور ہمارے اس بدامنی اور لاقانونیت کی وجہ ہمارے اور آپ کے معدنی وسائل پر قبضہ کرنے کی پالیسی اپنائی جا رہی ہے۔

بقیہ 56 رضا، ظاہر

پی چیئرمین رضا محمد رضا، ظاہر شاہ مظفری اور علاقائی سیکرٹری خداے رحمت، تورہ خولہ مسجد کے اجتماع سے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ، سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا اور علاقائی معاون خدائی دوست کبزئی نے خطاب کیا۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے ژوب کے غیور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہماری قومی اسمبلی میں نمائندگی ژوب، شیرانی اور قلعہ سیف اللہ کے عوام کی تاریخی اور بھرپور حمایت کی وجہ سے ممکن ہوئی ہے [illegible]

بقیہ 57 نامعلوم افراد

[illegible]

بقیہ 58 250

[illegible]

بقیہ 59 جائیں گے

[illegible]

بقیہ 60

[illegible]

بقیہ 61

[illegible]

بقیہ 62 اور آج

[illegible]

بقیہ 63 510

[illegible]

بقیہ 64 منشیات فروش

[illegible]

بقیہ 65 بحرانوں سے

[illegible]

بقیہ 66 قابل سماعت

[illegible]

بقیہ 67 تنظیمی

[illegible]

بقیہ 68 وفاق وز

[illegible]

بقیہ 69 آبائی علاقے

[illegible]

بقیہ 70

[illegible]

بقیہ 71 پنجاب

[illegible]

بقیہ 72 باوجود سیاسی

[illegible]

بقیہ 73 بلوچستان اسمبلی

[illegible]

بقیہ 74 اجازت سے

[illegible]

تعلیم روشن مستقبل کی ضمانت، طلباء ملک کی تعمیر و ترقی میں کردار ادا کریں، سلیم کھوسہ

استاد کا کردار محض تدریس تک محدود نہیں وہ طلبہ کی اخلاقی، فکری تربیت میں بھی حیثیت رکھتا ہے، صوبائی وزیر مواصلات

ضروری ہے اساتذہ کی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کیا جائے استاد علم کے مینار ہیں، ٹیچرز ڈے پر پیغام

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات ... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

قومی شاہراہوں پر احتجاج اور دھرنا دینے کی اجازت کسی کو نہیں، بابر یوسفزئی

سوراب، خضدار اور وڈھ میں N-25 قومی شاہراہ پر احتجاج اور سڑکوں کی بندش کے خلاف دفعہ 144 کا نفاذ کردیا گیا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر داخلہ ... N-25 قومی شاہراہ ... دفعہ 144 کا نفاذ ... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کا تقریب کے بعد شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسلام میں استاد کو روحانی باپ کا درجہ حاصل ہے، نور محمد دمڑ

ایک استاد ہی ہے اندھیروں میں علم کی شمع روشن اور نسلوں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتا ہے، صوبائی وزیر

صوبائی حکومت، وزیر اعلیٰ کی قیادت میں تعلیم کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، پیغام

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر خوراک بلوچستان حاجی نور محمد خان دمڑ نے یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ استاد قوم کا معمار اور روشن مستقبل کا ضامن ہے۔ استاد کو عزت و تکریم دینا دراصل علم، اخلاق اور ترقی کو عزت دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی تعلیمات میں بھی استاد کو روحانی باپ کا درجہ حاصل ہے ایک استاد ہی ہے جو ا...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

اورماڑہ، پولیس و آرمی کی مشترکہ کارروائی، ایران جانے والے 4 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان غیر قانونی طریقے سے براستہ اورماڑہ ایران جانے کی کوشش کر رہے تھے، حکام

اورماڑہ (یو این اے) غیر قانونی طریقے سے ایران جانے کی کوشش ناکام، پولیس اور پاک آرمی کی مشترکہ کارروائی میں 4 ملزمان گرفتار اورماڑہ پولیس اور پاک آرمی نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طریقے سے براستہ اورماڑہ ایران جانے کی کو...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل پارٹی کے رہنماؤں کی چیف کیسکو سے ملاقات، مسائل پر تبادلہ خیال

ملاقات میں بجلی فراہمی کی مجموعی صورتحال اور جاری منصوبوں پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے قومی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر و چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات پھلین بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی و چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی ورکی و غیر رسمی تعلیم خیر جان بلوچ، ڈپٹی سیکرٹری جنرل واحد رحیم، جاوید بلو...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

فارم 47 کی حکومت غیر متوازن پالیسیوں کا شکار ہے، قاری مہر اللہ

بدامنی، بے روزگاری، تعلیمی زبوں حالی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی، مفتی شیخ الدین

حکومت صرف کاغذی اقدامات اور زبانی جمع خرچ تک محدود ہے، مولانا محمد حقانی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان ... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

گرلز کالج میں زبردستی داخل ہونے پر وکیل کیخلاف مقدمہ درج

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کینٹ گرلز کالج ... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی ایم جمالی پولیس نے تخریب کاری کی بڑی کوشش ناکام بنادی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ...

طالبان رجیم کیخلاف مسلح مزاحمت میں مزید تیزی

کابل (م ڈ) ... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

جھل مگسی، مسلح افراد کی ناکہ بندی، فائرنگ سے خوف و ہراس پھیل گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات کی ناکامی سیاسی نظام کے لیے تباہ کن، اسد عمر

پی ٹی آئی سے یہ مطالبہ کیوں کہ اپنے لیڈر عمران خان سے بغیر فیصلہ کریں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

اساتذہ معاشرے کی فکری تربیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، بخت کاکڑ

طلباء و طالبات تعلیم پر توجہ دیں، اساتذہ کے مقام کا احترام ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، یوم اساتذہ پر پیغام

اساتذہ کی محنت، لگن اور رہنمائی ہی قوموں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے، فروغ تعلیم کیلئے اقدامات جاری، وزیر صحت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ... بلکہ ان کی کردار سازی، اخلاقی تربیت اور شخصیت کی تعمیر میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اساتذہ کی محنت، لگن اور رہنمائی ہی قوموں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے انہوں نے کہا کہ یوم اساتذہ ہمیں ان عظیم شخصیات کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے جو اپنی زندگی کا قیمتی وقت نئی نسل کی تعلیم و تربیت کیلئے وقف کرتے ہیں۔ اساتذہ کی بدولت بچے علم، شعور اور آگاہی حاصل کرتے ہیں اور مستقبل میں ملک و قوم کی خدمت کے...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے ڈسکوز کی نجکاری کا پلان اور ٹائم لائن شیئر کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ... 2027 ... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد، مسافر کوچ سے کروڑوں روپے کا غیر ملکی سامان برآمد

نصیر آباد (نامہ نگار) ... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت 72 گھنٹوں میں فیصلے کرنے پر زور دیتی رہی، عامر ڈوگر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ...

مذاکرات دھمکی، دباؤ اور خوف کی فضاء میں ممکن نہیں، پشتونخوا میپ

اسلام آباد (پ ر) ... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

... ایم این اے جمال شاہ کاکڑ، ایم پی اے زمرک اچکزئی و دیگر آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے نو منتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری سے خطاب کر رہے ہیں

خواتین کو سیاسی عمل میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کر رہے ہیں، جمال شاہ کاکڑ

خواتین ملک کی آبادی کا بڑا حصہ، سیاسی عمل میں ان کی بھرپور شرکت کے بغیر معاشرے کی مکمل نمائندگی ممکن نہیں، رکن قومی اسمبلی

مسلم لیگ (ن) کی قیادت خواتین کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (پ ر) ... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

علاقائی ترقی کیلئے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

عوامی خدمت محض ذمہ داری نہیں بلکہ حکومت کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہے، مشیر بلدیات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا ہے کہ عوام کو درپیش مسائل کا بروقت ازالہ اور علاقائی ترقی کیلئے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، حکومت عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو ترجیح دے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں چیئرمین میونسپل کمیٹی قلات نوابزا...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے میں امن کی بگڑتی ہوئی صورتحال تشویشناک ہے، اے این پی

تواتر کے ساتھ بے گناہ شہریوں سیاسی کارکنوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں قلعہ عبداللہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر کے عقب میں اے این پی کے فعال رکن اور صوبائی کونسل کے رکن حاجی ابراہیم کے کزن ہارون خان اچکزئی کی ٹارگٹ کلنگ میں شہید کیے جانے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

بلاول بھٹو زرداری آج تھرپارکر کا دورہ کریں گے

پاکستان کے پہلے کوئلہ خشک کرنے والے یونٹ کا افتتاح کریں گے

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری (آج) پیر تھرپارکر کا دورہ کریں گے، جہاں وہ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے ہمراہ، تھرکول بلاک ون میں پاکستان کے پہلے کوئلہ خشک کرنے والے یونٹ کا افتتاح کریں گے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اسلام کوٹ پہنچنے کے بعد تھر فاؤنڈیشن کے اسپتال کا دورہ کریں گے، وہ تھرکول...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرینگے، خوشحال کاکڑ

قومی اسمبلی میں ہماری نمائندگی ژوب، شیرانی اور قلعہ سیف اللہ کے عوام کی مرہون منت ہے، چیئرمین پشتونخوا نیپ

موجودہ حالات میں اقتدار پر براجمان حکمران مسائل حل کرنے کی بجائے صرف اپنے ذاتی و گروہی مفادات کو ترجیح دے رہے ہیں

بدامنی اور لاقانونیت کے باعث عوام عدم تحفظ کا شکار، حکمران صرف ... ژوب میں اجتماعات سے خطاب

ژوب (پ ر) ... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

دالبندین، مسلح افراد کی فائرنگ، جانوروں کی کھالیں چھین کر فرار

دالبندین (نامہ نگار) ... 10 ... پولیس ... ٹرک روک کر ڈرائیور اور کلینرز کو اتار دیا پولیس کے مطابق ٹرک تفتان سے کوئٹہ کی جانب جارہا تھا کہ علی الصبح تقریباً 4 بجے مسلح افراد نے اسے روک لیا۔ ملزمان نے ڈرائیور پر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں اس کے پاؤں کے انگوٹھے میں گولی لگی، جبکہ حملہ آور ٹرک اور اس میں لدی جانوروں کی کھالیں اپنے ساتھ لے گئے۔

وندر، کوچ اور مزدا میں تصادم کے نتیجے میں 1 شخص ہلاک

حادثہ ... ڈرائیور جاں بحق ایک شخص زخمی ریسکیو مرکز قریب کوئٹہ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کوہلو، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص قتل

نعش ہسپتال منتقل، کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی جاری ہے، پولیس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوہلو کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کوہلو کے علا...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

قابل اساتذہ ہی پاکستان کے روشن مستقبل کی بنیاد ہیں، وزیراعظم

حکومت نصاب میں اصلاحات پر بھی کام کر رہی ہے، عالمی یوم اساتذہ پر پیغام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھر کے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان نسل کی تعلیم و تربیت ایک مقدس ذمہ داری ہے اور اساتذہ قوم کے مستقبل کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے اپنے پیغام میں کہا کہ اساتذہ نہ صرف طلبہ...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کی اپنی تاریخی ہزیمت چھپانے کی بھونڈی کوشش

نئی دہلی (م ڈ) بھارتی فوج کی چنار کور نے 29 ستمبر کو نام نہاد آپریشن میں پاکستانی فوجی کو بطور دہشتگرد مارنے کا مضحکہ خیز گمراہ کن دعویٰ کیا، 30 ستمبر کو بھارتی نشریاتی ادارے اے این آئی سمیت د...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

آفریدی اب کے پی میں گول گول گھومتا نظر آئے گا، اختیار ولی

دہشتگردی کے سہولت کاروں کے خلاف وقت ضائع کیے بغیر کارروائی کی جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے کوآرڈی نیٹر اختیار ولی نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی پر خیبر پختونخوا میں دہشت گردی میں سہولت کاری کا الزام لگادیا۔ ایک بیان میں اختیار ولی نے کہا کہ دہشت گردی کے سہولت کاروں کے خلاف وقت ضائع کیے بغیر کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کا مارچ اب خیبر پختونخوا میں گول گول گھومتا نظر آئے گا۔

غیر منتخب حکومت کیخلاف احتجاج عوام کا آئینی حق ہے، پشتونخوا میپ

جمہوری احتجاج کے راستے میں روڑے اٹکانے کی باتیں قابل مذمت جنہیں یکسر مسترد کرتے ہیں، عبدالرحیم زیارتوال

ملک کے طول و عرض میں جمہوری احتجاج کیلئے تیار ہوچکے، حکومت کی جانب سے چھوٹی سے چنگاری تباہی ثابت ہوگی، مرکزی رہنما

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا ہے کہ مداخلت سے 2024ء کے الیکشن کے نتائج کو تبدیل کرنے، غیر آئینی اقدام کے نتیجے میں الیکشن جیتنے والی پارٹیوں اور خصوصاً پاکستان تحریک انصاف کی اکثریت کو اقتدار حوالے کرنے کی بجائے پارٹی کے بانی عمران خان کو جیل میں رکھنے اور ملکی اقتدار غیر منتخب پارٹیوں و قوتوں کے حوالے کرنے کے اقدام کو تمام ملک اور ساری دنیا اور الیکشن کی شفافیت پر نظر رکھنے والے جہانی اور ملکی اداروں نے عدم اعتماد کرتے ہوئے اس کی ...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

گڈ گورننس میں مضبوط بلدیاتی نظام کا اہم کردار ہے، وزیر صحت

چھوٹے یونٹس سے لوگ اپنی مرضی سے انتظامی سربراہ منتخب کرسکیں گے، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اور ایم کیو ایم کے رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ چھوٹے یونٹس سے لوگ اپنی مرضی سے انتظامی سربراہ منتخب کرسکیں گے۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال نے کہا کہ چھوٹے صوبے بننے چاہئیں تاکہ اگر غلطی ہو جائے تو انتظامی سربراہ کو تبدیل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام تک بنیادی سہولیات کی رسائی گڈ گورننس ہے اور گڈ گورننس میں مضبوط بلدیاتی نظام کا اہم کردار ہے، مضبوط ادارے ہی ملک کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرسکتے ہیں۔

ہرنائی، نامعلوم شخص کی نعش برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ہرنائی کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد ہوئی جس کے جسم پر گولیوں کے نشان ہیں پولیس کے مطابق گزشتہ روز ہرنائی پری چشمہ کے مقام سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو گولی مار کر قتل کیا گیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا۔

گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں پیش آنے والا واقعہ قابل مذمت ہے، کوئٹہ بار

کسی وکیل یا بار گروپ کو سرکاری اداروں میں مداخلت کی اجازت نہیں، بیان

بلوچستان کی بیٹیاں ہمارے لئے باعث احترام، تعلیمی اداروں کا امن مشترکہ ذمہ داری ہے، بیان

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ بار ایسوسی ایشن گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کوئٹہ کینٹ میں پیش آنے والے مبینہ واقعہ کی مذمت کرتی ہے تعلیمی ادارے، خصوصاً جہاں بلوچستان کی بیٹیاں زیر تعلیم ہیں، انتہائی قابل احترام اور محفوظ مقامات ہیں کسی بھی تنازع کا حل قانون اور متعلقہ فورم کے ذریعے ہونا چاہیے۔ کوئٹہ بار واضح کرتی ہے کہ کوئی بھی وکیل یا وکلاء گروپ بار کو مطلع کئے...... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے میں مزید بدامنی و بے یقینی کی صورتحال برداشت نہیں، اے این پی

قلعہ عبداللہ کو تماشا گاہ بنا دیا گیا چور، قاتل اور منشیات فروش آزاد و دندناتے پھر رہے ہیں، زمرک خان اچکزئی

پشتون وطن کو سازش کے تحت آگ اور خون میں دھکیلا جارہا ہے، دھرنے سے خطاب اور شہید ہارون کے قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے شہید ہارون کے قاتلوں کی گرفتاری اور ضلع میں امن و امان کے قیام کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ سے کہتا ہوں کہ ضلع میں جہاں بھی چور، ڈاکو، قاتل اور منشیات فروش نظر آئیں، ان کے خلاف بلاامتیاز سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ زمرک خان عوام کے ساتھ کھڑا ہے، مگر عوام مزید بدامنی اور بے یقینی برداشت نہیں کرسکتے شہید ہارون کے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ قلعہ عبداللہ کو تماشا گاہ بنادیا گیا ...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی ایم جمالی، مسلح ڈاکو ہندو فیملی کو یرغمال بنا کر نقدی، موبائل فون چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بختیار آباد کے قریب مسلح ڈاکو ہندو فیملی کو یرغمال بنا کر لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون اور دیگر اشیاء چھین کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق بختیار آباد پولیس تھانے کی حدود شہید بادشاہ چیک پوسٹ کے مقام قومی شاہراہ پر بھاگ سے جیکب آباد جاتے ہوئے ہندو یاتریوں کی گاڑی کو مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر روک کر انکو یرغمال بنانے کے بعد ان سے لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فونز سونے کی چین انگوٹھیاں گھڑیاں و دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

کوئٹہ پولیس کی کارروائیاں جاری، مختلف جرائم میں ملوث 9 ملزمان گرفتار

قبضے سے بھاری مقدار میں چرس، موٹر سائیکلیں، اسلحہ، ایمونیشن برآمد، مزید تفتیش جاری ہے، پولیس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، سٹریٹ کرمنلز اور مختلف مقدمات میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس، موٹر سائیکلیں، اسلحہ، ایمونیشن برآمد کرلیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے محمد جان کے قبضے سے 515 گرام چرس اور آٹو...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں کے فیصلوں نے ملک کو بند گلی میں دھکیل دیا، مولانا عبدالرحمان رفیق

غیر نمائندہ ملک کے سیاسی معاشی نظام کیلئے تباہ کن ثابت ہو رہا ہے، عین اللہ شمس

حکمرانوں نے ملک و قوم کی بجائے اپنے اقتدار کے تحفظ کو ترجیح دی، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، اختر جان مری، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطاء محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ مقتدرہ کے اشاروں پر چلنے والے حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں عوام دشمن فیصلوں اور سیاسی انجینئرنگ ...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ایم این اے سردار یعقوب ناصر سے مسلم لیگ ن یوتھ ونگ کے مرکزی سینئر نائب صدر چیئرمین جہانگیر خان خروٹی خواتین ونگ کی رہنما، فاطمہ خان ملاقات کر رہی ہیں

کراچی ایئرپورٹ پر کروڑوں روپے کی غیر ملکی کرنسی برآمد، خاتون گرفتار

کراچی (بیورو رپورٹ) جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پاکستان کسٹمز نے کارروائی کرتے ہوئے دبئی جانے والی ایک خاتون مسافر کے قبضے سے بڑی مقدار میں غیر ملکی کرنسی برآمد کرلی۔ برآمد شدہ کرنسی کی مالیت تقریباً ایک کروڑ 18 لاکھ روپے بتائی گئی ہے۔ کسٹمز حکام کے مطابق خاتون نجی ایئرلائن کی پرواز ای کے 601 کے ذریعے دبئی روانہ ہونے والی تھیں۔ کسٹمز عملے نے شک کی بنیاد پر انہیں روک کر اپنے پاس موجود غیر ملکی کرنسی سے متعلق زبانی اور تحریری تفصیلات طلب کیں، تاہم حکام کے مطابق خاتون کی جانب سے تسلی بخش معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔

190 ملین پاؤنڈ کیس، بانی و اہلیہ کی سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت آج

عدالت نے سزا معطلی کی درخواستوں کے بجائے مرکزی اپیلوں پر سماعت کا فیصلہ کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان اور بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف دائر اپیلوں پر سماعت آج اسلام آباد ہائیکورٹ میں ہوگی۔ چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل دو رکنی ڈویژن بنچ اپیلوں کی سماعت کرے گا۔ عدالت نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کے وکلا کو حتمی دلائل کے لیے طلب کر رکھا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے اس سے قبل عمران خان اور بشریٰ بی بی کی سزا معطلی سے متعلق...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کو درپیش معاشی و انتظامی مسائل پر خاموش نہیں بیٹھ سکتے، مولانا عبدالواسع

جمعیت بلوچستان کے جائز حقوق کیلئے اصولی موقف اختیار اور ہر فورم پر عوام کی موثر ترجمانی کرے گی، صوبائی امیر جمعیت

عوام کو بنیادی حقوق، روزگار، امن، تعلیم، صحت اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی زیر صدارت صوبائی سیکرٹریٹ جناح ٹاؤن میں منعقد ہوا، جس میں صوبے کی موجودہ سیاسی، انتظامی اور تنظیمی صورتحال، مرکزی جماعتی فیصلوں پر عملدرآمد، اضلاع کی تنظیمی کارکردگی اور آئندہ کی سیاسی و جماعتی حکمت عملی پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں مرکزی مجلس عاملہ کے فیصلوں کی روشنی میں صوبے میں عملی اقدامات کو آگے بڑھانے کیلئے اہم مشاورت اور متعدد اہم فیصلے کیے گئے، جبکہ مختلف اضلاع کی جانب سے پیش کی...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

جنگل پیر علیزئی اے این پی کے مرکزی رہنما زمرک اچکزئی شہید ہارون کے دھرنے کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

ڈیرہ بگٹی سے کوئٹہ آنے والی گاڑی پر فائرنگ سے 2 افراد زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈیرہ بگٹی سے کوئٹہ آنے والی گاڑی پر بگٹی کینال کے علاقے میں فائرنگ سے 2 افراد زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز ڈیرہ بگٹی سے کوئٹہ آنے والی گاڑی پر بگٹی کینال کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 2 افراد زخمی ہوگئے۔

قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، حنیف عباسی

سکیورٹی فورسز کی قربانیوں اور بہادری کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ڈیرہ اسماعیل خان میں کامیاب کارروائی کے دوران 8 خوارج کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت ریلوے کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی قربانیوں اور بہادری کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے، پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی فائرنگ سے شہید دو پاکستانی شہری سپرد خاک

عظمت رسول اور محسن جٹ کی نماز جنازہ میں بڑی تعداد میں شہریوں کی شرکت

قصور (بیورو رپورٹ) پاک بھارت سرحد پر مبینہ بلااشتعال بھارتی فائرنگ کے نتیجے میں شہید ہونے والے دو پاکستانی شہریوں عظمت رسول اور محسن جٹ کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔ نماز جنازہ میں اہل علاقہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ دونوں شہد...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

سیاسی مسائل کا حل مذاکرات ہی میں ہے، اسلم غوری

جے یو آئی ترجمان کا حکومت اور اپوزیشن سے بات چیت جاری رکھنے کا مطالبہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام کے ترجمان اسلم غوری نے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کے آغاز کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی مسائل کا پائیدار حل مذاکرات اور باہمی مفاہمت کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ ایک...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کو قومی سلامتی کے مسئلے کے طور پر دیکھا جائے، شازیہ مری

پیپلز پارٹی کا دہشتگردی کے خلاف تمام سیاسی جماعتوں سے متحد ہونے کا مطالبہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی ترجمان شازیہ مری نے دہشتگردی کے خلاف قومی اتحاد اور مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کو سیاسی اختلافات کے تناظر میں نہیں بلکہ قومی سلامتی کے سنگین مسئلے کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں مسلسل دہشتگردی...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

آبی وسائل کے موثر انتظام کیلئے قابل عمل قانون سازی ناگزیر ہے، مولانا ہدایت الرحمن

مشاورتی عمل مکمل ہونے کے بعد موصول تجاویز کو مجوزہ بل میں شامل اور تمام قانونی و آئینی مراحل کے بعد مسودہ منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا، ایم پی اے

صوبائی اسمبلی قائمہ کمیٹی برائے فشریز کا اجلاس، محکمے میں بہتر اصلاحات لانے پر غور، ظہور احمد بلیدی، عبدالمجید بادینی اور ظفر آغا بھی شریک

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے فشریز کے زیر اہتمام مجوزہ بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026 اور محکمہ فشریز میں اصلاحات سے متعلق اہم مشاورتی اجلاس گوادر میں منعقد ہوا اجلاس کی صدارت قائمہ کمیٹی کے چیئرمین امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کی۔ اجلاس میں قائمہ کمیٹی کے اراکین، صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی، اراکین صوبائی اسمبلی عبدالمجید بادینی اور ظفر آغا، صوبائی سیکرٹری فشریز طارق قمر، ایڈیشنل سیکرٹری قانو...... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں کی ہٹ دھرمی نے ملک کو نازک موڑ پر لا کھڑا کر دیا، جمعیت نظریاتی

حکمرانوں کے غیر جمہوری رویہ کے باعث ملک سنگین معاشی، سیاسی اور آئینی بحرانوں کی زد میں ہے، مولانا عبدالقادر لونی

پاسداری کرنے کے دعویداروں نے سیاسی مزاحمت کے ذریعے آئین کو پاؤں تلے روندا ڈالا، مولانا محمود الحسن قاسمی

پورا نظام منجمد، انتقامی سیاست ملک کے سیاسی، معاشی اور سماجی ڈھانچے کو کمزور کر رہی ہے، قاری مہر اللہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، سیکرٹری جنرل مولانا محمود الحسن قاسمی، صوبائی امیر خیبر پختونخوا مولانا قاضی گل الرحمان تکیال صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہر اللہ صوبائی امیر مولانا عزیز احمد شاہد...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر